
www.novelsclubb.com
غرور
از قلم تانیہ طاہر
www.novelsclubb.com
IG/FB: Novelsclubb

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول،افسانہ،شاعری، ناولٹ،کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک،انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

# غرور

## از قلم

## تانیہ طاہر

www.novelsclubb.com

💛💛💛💛❤️

دستار حیدر خانم کے سر پر سجے گی.....

سمجھادو..اسے..ورنہ ہم سے برا کوئی نہیں ہوگا" وہ تنفر سے کہتے.... کھڑے ہوئے..وہاں سب خاموشی سے بیٹھے تھے.....

جبکہ ان سب میں حیدر موجود نہیں تھا....

مراد شاہ لٹھے کے سفید کڑکڑاتے سوٹ میں اپنی مغرور شخصیت سے بے نیاز ابھی اپنے کمرے کیطرف بڑھتے... کہ باہر سے اندر مردان خانے کیطرف آتا...

بہرام انکی آنکھوں کا نور چشم نظر...اپنے گالوں کے ڈیمپل کی نمائش کرتا..اندر داخل ہوا..وہ جانتے تھے وہ کہاں سے آیا ہے...اور ابھی کچھ دیر میں کہاں جاے گا اور...رات اسکی کہاں گزرے گی....

آواو....خان....بولو کام ہوگیا" وہ انکے سینے میں سمایا.... یہ لاڈ بھی صرف بہرام خان کے وہ اٹھاتے تھے..جبکہ آج تک انھوں نے اپنے بیٹوں کو بھی سینے سے نہیں

لگایا تھا....

وادی کالام کے سردار تھے آخر کو.. ضدی خود پسند.... 5 بیٹوں اور.. انکے بچوں سے بھی جس شخص کی نہ بنی.... وہ اپنے سب سے چھوٹے.. پوتے... کے دیوانے تھے.. ایک تو یہ.. پوری وادی کالام میں اسکے جیسا.. حسین خوبصورت بہادر.... نیڈر... مرد کوئی نہیں تھا.....

انکے بقول...ایک خانزادے کو صرف بہرام خانم جیسا ہونا چاہیے.. ورنہ وہ خانزادہ ہی نہیں اسکی عادات.... اسکا نخرہ اسکی بدتمیزی.. کیا نہیں تھا.. جس پر مراد شاہ فدا تھے...

www.novelsclubb.com

اور اگر اسکے برعکس دیکھا جائے...

جتنی محبت وہ بہرام خان سے کرتے تھے.. اتنی.. ہی چیڑ...اور ٹاکرہ انکا حیدر خان.. جو انکا سب سے بڑا پوتا تھا...اور دستار جس کے سر سجائی جانی تھی......

جتنی وہ حیدر خان سے چیڑ کھاتے تھے.. ان سے کی گناہ زیادہ حیدر ان سے نفرت

کرتا تھا..

بوجہ انکی...روایات...

جس کا پاس سب کرتے تھے سوائے حیدر کے...

ایک بار... صرف وہ اپنی مورے کے ہاتھوں مجبور ہوا تھا..اور اس مجبوری کا ساتھ نبھاتے آج اسے دو سال ہو چکے تھے..اور اگر کوئی یہ کہتا کہ حیدر..خان نے..اس مظلوم..جان پر ان دو سالوں میں بے پناہ ستم توڑے ہیں تو یہ کہنا غلط نہیں تھا.....

بہروم کو سینے سے لگا..کر انکا..دل... جیسے.... ٹھنڈا ہو گیا....

www.novelsclubb.com

سینا فخر سے چوڑا ہو گیا....

کام ہو گیا..داجی...بس.... کل سارے ثبوت آپکے پاس..وہ سالہ خود لے کر آئے گا" وہ معمولی سے انداز میں بولا..سب خاموشی سے..دادا پوتے کے لاڈ دیکھ رہے تھے...

یہ تو حقیقت تھی جو..بھی مراد خان کے....ناجائز کاموں کے درمیان آیا..یہ تو

انھوں نے اسے خرید لیا..

یہ پھر مروا دیا....

اور یہ بے نیازی تو سرداروں کی شان تھی....

جیتے رہو... ہمارے خان نے کو کوئ دقت تو نہیں ہوئ نہ..." وہ

.بولے تو.. لہجے میں اسکے لیے بے پناہ فکر محبت چاہت تھی...

بلکل نہیں داجی... بھلہ مجھے کیا دقت ہونی ہے...ہمیشہ دشمن کی دکھتی رگ.. پکڑتا

ہوں میں یعنی بیٹی..." وہ قہقہ.. لگا کر ہنسا.. جبکہ انکا بھی قہقہ.. اٹھا...

دستار کا اصل حقدار... تو.. میرا لاڈالا ہے...بس دستور کا پاس نہ ہوتا.. تو اس ننجھار

کو... کبھی منہ نہ لگاتے" وہ منہ بگاڑ کر بولے....اور بہرام... ہنس دیا...

داجی یہ.. دستار گدی...ان سب جھمیلوں میں نہیں پڑنا ابھی مجھے..." وہ بولا.. وہ

دونوں سب سے اس طرح غافل تھے جیسے وہاں اور کوئی موجود ہی نہیں....

ہاں ہاں ابھی تو تمھارے کھیلنے کودنے کے دن ہیں.." وہ.. پیار سے بولے.. اور



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

مسکرائے..

مگر خانم.... ہماری ایک خواہش تو تمہیں ابھی پوری کرنی ہے.."اسکے..

خوبصورت صبیح چہرے پر گھیر آنے والے بالوں کو.. انھوں نے اپنے ہاتھ کی مدد

سے پیچھے کیا...

داجی کا حکم سر آنکھوں پر... مگر.. میری بات کی اہمیت پوری پوری ہو گی" وہ انگلی اٹھا

کر جیسے انھیں وارن کر رہا تھا.. اور یہ ہی بات تو.. انکا دل جیت لیتی تھی...

لحاظ وہ انکا بھی نہیں کرتا تھا....

ہمارے خان.. پر داجی قربان...." وہ اسکی پیشانی چومتے.. ارد گرد دیکھنے لگے..

سب خاموشی سے.. یہ ملن دیکھ چکے تھے...

میڈیا.... اور پریس کو بھی بلاو... یاور خانم... ہمارے.. خان.... سیاست میں ایں

گے...."انھوں نے اسکا شانہ تھپتھپایا...

اسے کوئی غرض نہیں تھی سیاست میں آنا نہ آنا...اسے ان چیزوں سے بھی فرق


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نہیں پڑتا تھا.. اگر داجی ایسا چاہتے تھے.. تو.. وہ سیاست میں آ جاتا...

اسنے شانے اچکائے....

میں فریش ہوں گا.. "اسنے انکی طرف دیکھا..

ہاں ہاں کیوں نہیں... جاو.. کسی خاص چیز کی طلب تو نہیں" وہ معنی خیزی سے بولے.. تو...وہ.. بے اختیار ہنس دیا....

بہرام خان اپنے انتظام کر لیتا ہے خود ہی..." اسنے... کہا...اور اپنے کمرے کی جانب چل دیا.. جبکہ وہ پیچھے...اب اسکے قصیدے.. کر رہے تھے.. کہ وہ کتنا نیڈر رہے.. اور آج تک کیا کیا کر چکا ہے.. جو سب پہلے سے ہی جانتے تھے...

......................

حیدر...خان.. مردان خانے.. میں داخل ہوا تو چار واطراف میں سناٹا تھا.. اور شکر ہی تھا کم از کم.. اسے کسی کی شکل تو نہیں دیکھنی پڑے گی....

وہ تیز تیز قدم اٹھاتا... سیاہ لباس میں اس وقت اس سیاہ رات کا ہی حصہ لگ رہا تھا....

مزاج ہمیشہ کیطرح بگڑا ہوا تھا.. چہرے پر خرکتی تو..اب جیسے ہر وقت رہنے لگی..

تھی..پرکشش خوبصورت نقوش.... کھڑے تھے...

مغرور نقوشوں میں جیسے اپنے لیے بھی رعایت نہیں تھی....

وہ اپنے کمرے... کی جانب آیا...

اور.. دروازہ کھولنا چاہا...

مگر..اسکا ہاتھ وہیں رک گیا جب دروازے کا اندر سے تالا پایا...

وہ جانتا تھا اندر کون ہو سکتا ہے....

اسکے جبڑے تنے.....

دماغ میں غصے کا گراف...نہ جانے کہاں پہنچا....

اسنے... نفرت سے ایک نظر.. جیسے...اس دروازے پر ڈالی.. گویا اسنے ارمیش خان

کو گھورا ہو...اس سے نفرت.. وہ ہر پل ہر سانس کے ساتھ کر سکتا.. تھا...

دروازہ کھٹکھٹانا اسکی غیرت کو غوارہ نہیں تھا.. بھلہ حیدر.. خان...وادی کالام کا

ہونے والا نیا سردار اپنے کمرے میں دروازہ بجا کر داخل ہو...

اس سے پہلے وہ وہاں سے پلٹتا...

ٹک کی آواز سے دروازہ کھلا... کسی کا کانپتا.. وجود.. اندھیرے میں اسے کھڑا پا کر...

مزید کانپ اٹھا... حالت ایسی بری ہو گئ.. کہ...اپنی ٹانگوں پر کھڑا ہونا.. اب تک کا مشکل ترین کام لگا....

م.... معافی چاہتی...ہوں... س...سائیں..." وہ رو دینے کو تھی.. معافی بروقت مانگ لی کہ شاید وہ معاف ہی کر دے...

وہ اندر آ گیا...

اور...بس پھر...ارمیش کی عین توقع کے مطابق.. اسکے...دوپٹے میں چھپے بالوں کو جھپٹ کر ایسے بری طرح جھنجھوڑا... کہ...اسکا سر چکرا کر رہ گیا...

ارمیش خانم.. تمھاری اتنی اوقات کہ.... ہمارے کمرے کا تالا لگاو..." وہ پھنکارہ...

معاف کر دیں سائیں...." وہ.. سسک اٹھی دھان پان سی.. وہ اسکے وجود کے

سامنے تو جیسے ننھی سی ڈری سہمی گڑیا معلوم ہوئی جو دو سال سے یہ ستم سہہ رہی تھی...

معافی.....آ

دوبارہ کہو زرا.. سن نہ سکے ہم...." وہ..اسکو ایک جھٹکے سے اپنے نزدیک کرتا.. پوچھنے لگا...

ارمیش...کا کانپتا وجود...اسکی قربت پر مزید کانپ اٹھا..وہ جانتی تھی اگر..وہ کچھ نہ بولی تو وہ اسے مارنا شروع کردے گا...

اسکے کلون..اور سگریٹ کے ساتھ ساتھ..شراب کی مہک..اسکو... عجیب... حالت سے دوچار کر گئی....

سائیں...آئندہ ایسا نہیں ہو گا.... میں..مجھے معاف کردیں...میں قسم کھاتی ہوں با خدا..آئندہ ایسا نہیں ہو گا...." وہ سسکتی ہوئی..اسکے قدموں میں بیٹھ گئی..اور.. اسکی ٹانگ کو اپنے کانپتے ہاتھوں سے تھام کر گڑگڑانے لگی...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہمممم" اسنے اپنی ٹانگ جھٹکی... وہ دور ہوئ....

اور وہ.. تنفر سے چلتا.. اپنے بستر.. پر بیٹھا...

اور ارمیش کو دیکھنے لگا....

وہ آنسو پونچھتی اٹھی... اور اسکے قدموں میں بیٹھ گئ...

اسکے کانپتے ہاتھ.. اسکا جوتا اتار رہے تھے.....

جبکہ... حیدر... بستر پر پیچھے گیر گیا...

اسنے چونک کر... حیدر کی جانب دیکھا....

نہ جانے اسے کیا ہوا.. تھا.. وہ پریشان ہوا اٹھی تھی...

مگر.. اسکو چھونے کی اجازت.. اسکی اجازت کے بغیر نہیں تھی..

وہ جوتا اتار کر.. سائیڈ پر کرتی.. خوف سے لرزتی... اسکے پاس.. بیٹھی.. اور.. ابھی

وہ.. اسکے... بازو کو چھوتی... حیدر نے.. اسکا وہی ہاتھ تھام کر موڑ دیا....

کیوں..." وہ... اسکی کلائ توڑ دینے کا رادہ رکھتا تھا....

ارمیش کو بہت تکلیف ہوئ... مگر ہر روز ہوتی تھی....

سائیں... کھا.... کھانالاو.."وہ بے بسی سے..اپنی کلائ میں اسکی انگلیاں گڑتی دیکھ رہی... تھی...

صرف تم دفع ہو جاو..."وہ سرد لہجے میں بولا...ارمیش..کا ہاتھ بھی چھوڑ دیا....

اور..دوبارہ آنکھیں بند کرلیں...

وہ کتنا خوبصورت تھا...

کتنا مکمل..... مگر اسکا نہیں تھا.... یہ شاید اس حویلی کا کوئ بھی مرد...اپنی عورت کا نہیں تھا...

www.novelsclubb.com

وہ اٹھی...اور خاموشی سے باہر نکل آئ..

سیاہ رات میں مردان خانے میں اگر اسے کوئ یوں ہی چلتا ہوا..دیکھ لیتا..تو شاید...

اسکا آخری دن ہوتا..آج دنیا میں....

وہ..پلو سے خود کو چھپاتی...زنان خانے میں جانے لگی...کہ....سامنے کافی کا کپ



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھامے کھڑے...

احمر خان کو دیکھا...جو نہ جانے کیوں مسکرا رہا.. تھا..

سر پر پلو مزید کھینچ لیا....

اور بغیر بولے...وہاں سے گزرنے لگی...

احمر کی بھی نگاہ اسپر اٹھی تو.. وہ گڑ بڑایا..

وہ معافی چاہتا ہوں.. "وہ اس سے پہلے کچھ بولتا.. ارمیش نے.. نفی میں سر ہلایا..

کچھ نہیں ہوتا لالہ "پھوپھو سائیں کا بیٹا احمر.. ہی صرف حویلی کا وہ مرد تھا...جو.. ہر عورت کی عزت کرنا جانتا تھا...

ارمیش کا نم لہجہ دیکھ کر.. احمر نے تاسف سے.. حیدر کے بارے میں سوچا. کتنا ہلکان کر چکا تھا.. وہ ارمیش کو....

وہ بغیر کچھ بولے وہاں سے چلی گئ... جبکہ احمر بھی وہاں سے ہٹا..

حویلی میں پردے کا خاصا احتمام کیا جاتا تھا....

www.novelsclubb.com

مگر صرف تب.. جب داجی.. یابی جان...ہال کمروں میں ہوتے...اسکے علاوہ سب

اپنی من مرضی کرتے خاص کر بہرام...خان...

ارمیش نے پلٹ کر دیکھا....احمر وہاں سے جا چکا تھا....

وہ.. ہال کمرے میں صوفے پر سکڑ کر بیٹھ گئ....

اور.. گھٹنوں میں منہ دے کر.. اسے گزشتہ دو سال پہلے کی وہ گھڑی یاد آئ..

جس میں وہ... حیدر خان کے نکاح میں دے دی گئ تھی...

اسنے آنکھیں موند لیں...

داجی.. آپ ہمیں ہماری مرضی کرنے دیں.. "اسکی دھاڑ سنتے ہی سب.. اکھٹے ہو گئے.

مردان خانے.. کی جالیوں پر عورتیں کان لگا چکیں تھیں....

اپنے سرداروں کی لڑکیاں مر گئیں ہیں جو.. باہر. سے اٹھا کر لے آئیں بہتر جانتے ہو

ہمارے خاندان.. میں غیر ذات کی کوئ عورت نہیں آسکتی "انکی کڑک آواز میں

رتی بھی گنجائش نہیں تھی..

ہمیں نہیں فرق پڑتا ان رسموں رواجوں سے... ہمیں شادی کرنی یے اپنی مرضی اپنی پسند سے" وہ بھی دو بادو ہوا...

یاور خانم سمجھاو. عقل کے ناخن دو اسکو... ورنہ انجام جانتے ہو" انھوں نے اپنے بڑے بیٹے کو گھورا.. اور بہرام... جو.. وہیں آیا تھا اسے اپنے پہلو میں بیٹھا لیا....

میں بھی دیکھتا ہوں.. کون یہاں ہم پر اپنی مرضی تھوپتا ہے" حیدر کو تو پتنگے ہی لگ گئے تھے...

وہ وہاں سے نکلتا.. کہ.. داجی کی آواز گونجی..

ہم مروادیں گے حیدر خانم ہماری لیے مشکل نہیں.... اس بدزات لڑکی... کے باعث ہمارے منہ کو آرہے ہو" وہ چلائے

ہاں آرہا ہوں کیونکہ تھک چکے ہیں ہم ان.. سوکولڈ روایتوں سے..." وہ انکی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولا... تو... وہ اسکو گھورنے لگے..

حیدر" یاور خان کو ہی احساس ہوا..اس سے پہلے داجی کوئی بڑا قدم اٹھاتے..

ہوتے کون ہیں یہ ہم پر پابندیاں لگانے والے..." وہ تنک کر چینخا..سب خواتین

نے... حیرت سے منہ پر ہاتھ رکھا.....

کہ آج تک کوئی بھی داجی سے اس انداز میں نہیں بولا تھا...

بس کرو... باباسائیں کے ساتھ اس انداز میں مخاطب ہونے والے تم بھی کوئی نہیں

ہو...." انھوں نے ڈپٹا...

تو مراد خان..اب..دونوں باپ بیٹوں کو سہولت سے دیکھنے لگے...

بتا چکے ہیں ہم..حور سے شادی کریں گے..اور یہاں اسے لے کر بھی نہیں اے

گے...بھول جائیں ہمیں اور چھوڑ دیں ہماری جان" وہ..بولا..اور باہر نکلنے لگا....

یاور خانم" داد جی للکارے....

حکم باباسائیں..یاور خان کو بھی بیٹے کی ضد اچھی نہ لگی...

اگر..حیدر خانم اس حویلی کی دہلیز..اس بدبخت..لڑکی کے لیے پار کرے..تو...

سکینہ کو طلاق دے کر اس کے ساتھ روانہ کر دو.... آخر کو.. اس منحوس کو جنم دینے والی ہے...." وہ بولے... لہجے میں چٹانوں کی سختی تھی حیدر کے پاوں.. جیسے زمین نے جکڑے....

وہ ایڑیوں کے بل پلٹا..

داجی مبہم سے مسکرائے...

وہ اپنی ماں سے.. بہت.. انکے نزدیک ضرورت سے زیادہ... اٹیچ تھا تبھی انھوں نے یہ کارا وار کیا جبکہ.. زنان خانے میں کھڑیں وہ.. سسک اٹھیں اس عمر میں طلاق کا داگ...

www.novelsclubb.com

حیدر کچھ نہ بولا.... بس.. انھیں گھورتا رہا....

بتاو سائیں.. کیا فیصلہ ہے.." داجی.. بولے.. بہرام ان سب سے اکتایا ہوا دیکھ رہا تھا....

حیدر.. مارے غصے.. کے اپنی پھولی سانسوں پر قابو پانے کی کوشش کر رہا تھا.. کہ


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نہیف سی آواز ابھری..

حیدر سائیں.. "پر نم آواز...اسکی ماں کی ہی تھی..اسنے زور سے آنکھیں میچ لیں...

ہمارے سفید بالوں کی لاج رکھ لو" وہ بولیں نہیں سسکی تھیں...

حیدر کا بس نہیں چلا..داجی... کو قتل ہی کر دے.. مگر نہ وہ ایسا کر سکتا تھا..

نہ اپنی محبت سے دستبردار ہو سکتا تھا..وہ کچھ سوچتا ہوا.. تن فن کرتا..وہاں سے چلا گیا...

جبکہ پیچھے...داجی..نے..زنان خانے سے...دیکھتی سکینہ..کے سر پر پہلی بار ہاتھ رکھا..شاید وہ پہلی خاتون تھیں.... جن کے سر پر داجی نے ہاتھ رکھا

تم ہمیں عزیز ہو۔"وہ بس اتنا ہی بولے...تو سکینہ نے سر ہلایا...

اور یوں..ارمیش نے.... حیدر کے پاوں میں پڑنے والی بیڑیاں دیکھیں...اور وہ خود بھی ہٹ گئی...

.................


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اگلے روز ہی.. وہ حویلی سے.. نکل چکا تھا.. وہ سوچ چکا تھا.. حور سے شادی کر کے.. اسے شہر میں گھر لے کر رکھے گا...

حور.. کے آفس کے باہر گاڑی روک کر.. وہ نکلا.. اور اندر.. دندناتا ہوا.. گیا.. حور کی نوکری اسے بلکل پسند نہیں تھی.. آخر کو سرداروں کا؛ خون تھا.. مگر یہیں اسنے پہلی بار.. اس چنچل لڑکی کو دیکھا تھا جو اسکے دل کو ایسی بھائی. کے اسکے بعد.. کوئی جچا نہیں...

حور اپنے کام میں مگن تھی.. حیدر نے اسکی کلائی پکڑی اور اسے.. کھینچ کر باہر لے آیا..

حیدر یہ کیا حرکت ہے" وہ غصے سے بولی..

اگر میں بھی یہ ہی پوچھوں یہ کیا حرکت ہے کہہ چکا ہوں چھوڑ و اس نوکری کو پھر بھی" وہ گاڑی میں اسے پٹختا... بولا.. تو حور نے.. مزید غصے سے اسے دیکھا..

میں بھی تمھیں کہہ چکیں ہوں. حیدر جس دن میرے گھر تمھارے گھر والے

www.novelsclubb.com

رشتہ لے آئیں گے.. میں یہ نوکری چھوڑ دو گی.

پلیز.. حیدر کچھ کرو... سب میرے رشتے کے پیچھے پڑے ہیں" وہ نم آواز میں بولی..

تو حیدر اسے آہستہ آہستہ تمام حالات بتاتا گیا جسے حور.. ڈبڈبائی آنکھوں سے سنتی گئی..

حیدر کو اسکی آنکھوں میں آنسو بلکل اچھے نہ لگے.. اور دا.جی سے مزید نفرت بڑھ گئی..

مطلب ہم ایک نہیں ہو سکتے" حور پھیکا سا ہنسی.. دل کرچی کرچی ہوا تھا..

میں نے یہ کب کہا.. ہم نکاح کریں گے اور میں تمھیں...

بلکل نہیں حیدر" اسنے اسکی بات کاٹی...

میں وہ لڑکی نہیں ہوں.. جو چھپ چھپا کر نکاح کرلے.. اور بھلے ہم تمھارے جتنے امیر نہیں مگر حیدر خان.. عزت ہے.. خاندان میں معاشرے میں.... بھاگی ہوئی لڑکی کھلوانا چاہتے ہو مجھے" وہ.. رونے لگی.



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

حور.. تم جانتی ہو نہ ہم ایک دوسرے کے بغیر نہیں رہ سکتے.. سمجھنے کی کوشش کرو داجی بلکل... ضد پر آڑے ہیں" وہ اسکو سمجھانے کی کوشش کرنے لگا.. مگر حور نے اسکے ہاتھ سے اپنا ہاتھ نکال لیا...

میں بھی تمھیں پہلے روز ہی بتا چکی ہوں.. حیدر....

میں پوری عزت سے تمھاری زندگی میں شامل ہونا چاہتی ہوں.. "

اسنے.. پھر کہا..

داجی نہیں مانیں گے..." وہ بے بس ہوا..

تو پھر ایک دوسرے کو بھول جانے میں بہتری ہے" وہ ڈبڈبائی نظروں سے بولی..

تو.. حیدر بے چین ہوا..

مجھے جانا ہے" حور باہر نکلنے لگی.. حیدر کا ازلی غصہ عود کر آنے لگا.

کوئی مشکل نہیں ہے تمھارے لیے مجھ سے نکاح کرنا" وہ اسکی کلائی جکڑ کر بولا..

ہاتھ چھوڑو حیدر مجھے تکلیف ہو رہی ہے" حور کے گال پر آنسو پھیسلا...

ہمیں بھی تکلیف ہو رہی ہے تمھاری اس بے رخی سے" حیدر کی آنکھیں التجا کر رہی تھیں...

میں انتظار کروں گی.. تمھارا.." حور.. سسک کر.. گاڑی سے نکلی...

تو حیدر.. ہاتھ مار کر رہ گیا.....

...............

وہ کون سا انداز نہیں تھا جس سے حیدر خان نے داجی کو یا یاور خان.. کو منانے کی کوشش نہ کی تھی.. مگر وہ.. ایک بات.. غیر برادری کی لڑکی.. کی رٹ لگائے ہوئے تھے...

www.novelsclubb.com

حیدر.. ان کچھ دنوں میں بلکل کملا کر رہ گیا تھا.. اور حویلی کا کون سا شخص نہیں تھا جو اسکی حالت سے واقف نہ ہو...

داجی اپنی ضد پر آڑے تھے.. اور حیدر اپنی.. اور اسی طرح... جہاں وہ... حور سے روز ملتا تھا.. اب.. پانچ ماہ گزر چکے تھے.. وہ حور کے پاس نہ گیا.. مقصد داجی کو



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ماننے کا تھا....

پھر ایک روز داجی نے.. اسکی شادی کا شوشہ چھوڑ دیا..

اور وہ بھی ارمیش سے.. وہ حیدر.. سے.. پانچ سال چھوٹی تھی..

اور یاور خان سے چھوٹے بھائی.. جواد خان کی اکلوتی بیٹی تھی....

حیدر تو.. اس افتاد پر ہتھے سے اکھڑا... مگر داجی نے.. اسکی ماں کو موہرا بنا کر....

اسکو ایسے شکنجے میں جکڑا کہ وہ پھڑ پھڑا بھی نہ سکا...

اور زبردستی کی بنیاد پر...ارمیش خان کو حیدر خان کے نکاح میں دے دیا گیا.... کسی نے بھی ارمیش سے پوچھنے کی زحمت نہیں کی تھی کہ وہ کیا چاہتی ہے.. بس اسے حکم ہوا.. اور اسپر حکم ماننا فرض تھا

حیدر نکاح ہوتے ہی.. حویلی سے غائب ہو گیا.. یہ نکاح جلد بازی میں کیا گیا.. اور داجی نے.. صرف ولیمے کا علان کیا....

حیدر.. حویلی سے سیدھا... حور کے پاس پہنچا....

مگر.. جو خبر.. اسکو وہاں جا کر ملی.. وہ اسکے قدموں تلے زمین کھینچ گئی تھی..

حور کی تین ماہ پہلے ہی شادی ہو چکی تھی....

اور وہ دن تھا.. حیدر خان سرے سے بدل گیا.....

ارمیش کے ساتھ ہوئی زیادتیوں کو وہ سوچ میں بھی تصور نہیں کرنا چاہتی تھی....

اور.. پھر اسنے ایک اور رات... وہاں حویلی کے ہال میں گزار دی...

.............

حیدر کی آنکھ کھلی.. تو کمرے میں اندھیرا.. جبکہ ہلکی پھلکی ٹھنڈک.. کا احساس اور اس کے علاوہ دبیز پردے بھی کھڑکیوں کے آگے ڈلے ہوئے تھے.. وہ اٹھا تو سر بری طرح گھوم رہا تھا...

اسنے ارد گرد دیکھا... تو ارمیش کا وجود کہیں نظر نہ آیا....

حیدر کا دماغ گھوما....

وہ ایک جھٹکے سے اٹھا....

اور... بالوں میں ہاتھ پھیرتا باہر نکلا...اسکی جرت بھی کیسے ہوئی کہ.. وہ اسکے اٹھنے سے پہلے وہاں سے نکلی بھی.. وہ دندناتا ہوا...زنان خانے کیطرف بڑھا.. مردان خانے کے ہال میں سب ہی تھے..

دوپہر کے کھانے کی تیاریاں کی جارہیں تھیں..

مگر ان میں سے ایک بھی چیز سے.. اسے فرق نہیں پڑتا تھا.. وہ تو یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ انکی پسند کی اسکے نزدیک کتنی اوقات ہے اور یہ بات بار بار باور کرنے...سے اسکے دل کی بھڑاس کچھ کم ہوتی تھی جبکہ وہ اس سب میں کسی کے نازک جزبات کو بھول جاتا تھا...

www.novelsclubb.com

ارمیش" وہ زنان خانے کے ہال میں کھڑا ہو کر دھاڑا.. اسکی موجودگی وہاں دیکھ کر.. سب ہی چہروں کو ڈھانپ گئیں...

جبکہ وہ لاپرواہ...رات کے سیاہ لباس میں بکھرے بالوں کے ساتھ کھڑا تھا..

چہرے پر...الجھن بھرے تصورات تھے..

جی..جی سائیں "ارمیش کچن سے برآمد ہوئ تو..حیدر...نے..ایک کھینچ کر تھپڑ اسکے منہ پر جڑ دیا... جس کا مقصد اپنے پیچھے کھڑے داجی کو بھی دیکھانا تھا...

ارمیش خانم اپنی اوقات سے باہر نکل رہی ہو" وہ اسکو بری طرح جھنجھوڑتا چینخا...

ارمیش کو اپنا کان سن ہوتا محسوس ہوا..خفت سے وہ بری طرح سسکی....

حیدر..یہ کیا حرکت ہے.." بالآخر..جواد خان..بول اٹھے حالانکہ انھوں نے کبھی ارمیش کو کوئ اہمیت نہیں دی تھی کہ..انکی بیوی...اس ایک بیٹی کے سوا انھیں کوئ اولاد نہ دے سکی تھی...

جس کی وجہ سے..انھوں نے دوسری شادی کی اور دوسری بیوی سے..بھی دو بیٹوں کے بعد کوئ اولاد نہ ہوئ...

ارے ارے..جواد خانم... بھی بولے.."وہ تمسخر سے ہنسا...ارمیش کی سسکیاں دل چیر رہیں تھی...

حیدر نے جان بوجھ کے..اسکے..بالوں کو...دوبارہ جھنجھوڑا..وہ.. سسکتی ہوئ


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

خوف کے زیر اثر...اسکے ہاتھوں کی حرکت پر ادھر ادھر ہوتی رہی...

تھی بھی تو نازک سی.. مگر اسکی ساری نزاکت... حیدر ختم کر رہا تھا....

بیٹی ہے وہ میری.... تم یہ سب وہ بھی سب کے سامنے نہیں کر سکتے" وہ بولے تو لہجہ کمزور تھا...

داجی... سمیت.. انکے...5 بیٹے بھی تھے جبکہ.. باقی سب بھی آہستہ آہستہ وہیں جمع ہو رہے تھے...

لڑکیاں مردوں کو آتا دیکھ ارمیش کی قسمت پر آنسو بہاتی.. چھپ چکیں تھیں..

سب خوف کے زیر اثر تھے..

www.novelsclubb.com

میں نے تو نہیں کہا.. تھا اس نمونے کو مجھ سے بیاہ دو.. خیر.. بیوی ہے میری...الٹا لٹکاؤ یہ سیدھا... کوئی یہاں کچھ کہہ کر تو دیکھائے...." وہ سب پر خاص طور پر داجی پر نگاہ ٹکا کر بولا....

دل.. اس سب.. سے اکتا بھی چکا تھا... تبھی ارمیش کے کان کے پاس وہ سب کے

سامنے بے باکی سے جھکا....

داجی نے.. خونخوار نظروں سے اسے دیکھا...

کیوں جانم..اور تماشے کی گنجائش ہے.. یہ کمرے میں آنا ہے.."وہ بولا.. لہجے میں سکون ہی سکون تھا...

ارمیش...کانپتی..ہوئ اسکے پیچھے پیچھے چل دی....

وہاں.. فرح...خانم اپنی بیٹی کے ساتھ ہونے والے اس ستم پر خون کے آنسو رو کر رہ گئیں جبکہ کوئی تھا.جو..ان لڑکیوں کے کمرے میں...غصے سے ادھر ادھر.... چہل قدمی کرتی اس ناانصافی پر...بولے جارہی تھی...

.....................

یہ کیا بیہودگی ہے.. ہر وقت حیدر خان اسی طرح کرتے ہیں مجھے سمجھ نہیں آتی ارمیش...آخر...یہ سب برداشت کیوں کرتی ہے.. یہ حویلی کم جیل زیادہ ہے جہاں.. ہم اپنے ارمانوں کا گلہ گھونٹ کر ایک دن.. لاشیں بن جائیں گی.. صرف

داجی کو نیچا دیکھانے کے لیے انھوں نے اسکے ساتھ اتنا برا سلوک کیا.. میرا بس چلے

تو.."

بس کرو" مریم خان نے اسکی کینچی کی طرح چلتی زبان کو خوف سے... جھنجھلا کر

بند کرنے کے لیے ڈپٹا...

بی جان مسکراتی نظروں سے اسکے سرخ چہرے کو دیکھنے لگی...

ارمیش کے ساتھ جو ہو رہا تھا.. انکا دل بھی بہت کٹتا تھا....

مختصر سی انکی پوتیاں تھیں مگر وہ بھی اپنے باپ دادا پر بھاریں تھیں...

یہ بیٹوں کی خواہش کرنے والے یہ کیوں بھول جاتے ہیں کہ.. جنم انھوں نے

عورت کی کوک سے ہی لیا ہے...

وہ..تاسف سے..ارمیش کو سوچ کر رہ گئیں...

اماں.. جان آپ یوں چپ کرا رہیں ہیں.. کبھی تائی جان کا غم سوچیں وہ کس قدر....

تکلیف محسوس کرتی ہوں گی..اور..ارمیش...وہ..تو شروع سے ڈرپوک تھی

"وہ..غصے سے... چھوٹی سی ناک سکیڑ.. کر...بیٹھ گئ....

نین خانم....اتنا غصہ اچھا نہیں "بی جان نے پیار سے اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرہ...

بی جان... کیا یہ ٹھیک ہے... ہم کیا بھیڑ بکریاں ہیں.. ہماری مرضی نہیں. کوئی..دم گھٹ گیا ہے ان روایتوں میں..."وہ..ڈبڈبائے لہجے میں بولی....

یوں ہی...دم نکلتا ہے....

مگر....ہاں بیٹے شاید ہم عورتوں کا سرداروں کی عورتیں ہونا ستم ہے"

بی جان..بولیں...باقی سب بھی..وہیں جمع تھے...

نین بس کرو"اماں نے کہا...تاکہ ماحول کا اثر ختم ہو مگر...

سب کا ارمیش کے لیے غم سے برا حال تھا...

جبکہ نین....سب کو دیکھ کر جھنجھلا کر..اٹھ گئ...

سفید گرارے..قمیض میں..چھوٹی کرتی پہنے..بڑا سارا دوپٹہ لیے..ہاتھوں پر مہندی سجائے..وہ بے انتہا. خوبصورتی کا شہکار تھی..مگر غصہ..ناک پر ہر وقت

دھرا رہتا تھا....

..................

بہرام سائیں.. بہت عرصہ ہوا.. شاپنگ بھی نہیں کرائ.. "شبنم نے اسکے چہرے پر اپنی مخروطی انگلیاں چلائیں... بہرام.. نے.. گلاس میں موجود سیال اپنے اندر اتار کر اسکیطرف دیکھا.. جو... کسی شریف کی نظر میں بیہودہ لباس میں.... اسپر.. تقریباً لیٹی ہوئی تھی...

بہرام.. رات بھر.. سے یہیں پر تھا.. اور.. اب.. شام ڈھلنے لگی تھی.. وہ حویلی جانا چاہتا تھا.. مگر شراب کی کثرت کے باعث.. وہ اٹھ نہ سکا یہ شاید وہ اٹھنا نہیں چاہتا تھا.. اوپر سے.. شبنم کے کچھ کچھ دیر بعد.. پڑنے والے.. حسین وار سے.. وہ جیسے.. وہیں رہ گیا.. دماغ.. شارب نوشی... کے باوجود بھی چوکس تھا..

اسنے کوئی جواب نہ دیا.. تو شبنم ایک بار پھر بیھودگی پر اترنے لگی مگر شاید اب بہرام خان.. تھک چکا تھا اکتا چکا تھا....

اور ابھی وہ اس سے پہلے اسے جھڑکتا...

اسکا فون بجنے لگا..

اے پیچھے ہٹو" وہ.. تیوری چڑھا کر بولا تو شبنم ہنس دی..

ساری رات.... تو نہ سوچا کہ پیچھے بھی ہٹانا ہے.. اچانک... پیچھے ہٹانے کی بات یاد آ گئی.. ہمارے نک چڑے سائیں کو" شبنم نے...اسکے ہاتھ سے موبائل چھیننا چاہا....

بہرام..نے اسکے بال پکڑ کر..اسکا سر.. پیچھے..تکیے سے لگایا..اور... شبنم.. تلملانے لگی. پھر ہنسنے لگی.. بہرام کو اس سے کوفت ہونے لگی..

وہ کال اٹینڈ نہیں کر پا رہا تھا.. تبھی اسکے منہ پہ تھپڑ...لگا دیا.. تھپڑ کی شدت سے.. شبنم بلکل سن رہ گئی.. جبکہ وہ..اٹھا..اسکے قدموں میں لڑکھڑاہٹ نہیں تھی...

ہاں..بولو.." اسنے خود کو آئینے میں دیکھا..

حد سے زیادہ خوبصورتی میں معمولی سا غصہ گھلا ملا تھا...

سائیں مداخلت معاف سائیں...

پریس.. میڈیا.. پولیس... کوٹھے... میں ہیں..."اسکا خاص ملازم.. ہچکچا کر بولا...

بہرام کا.. سارا.. نشہ.. جو... بمشکل ہی چڑھتا تھا.. بھک سے اڑا...

کیا مطلب ہے.. آج سے پہلے تو ایسا نہ ہوا.."وہ.. چھینگاڑہ...

سائیں...آپ اب سیاست میں آگئے ہیں.. گستاخی معاف.. آپکو وہاں سے.. جلد

نکلنا ہوگا.. ورنہ.. ورنہ بہت غلط.."

گالی...بند کر اپنا منہ...."اسنے موبائل بند کیا...

اور چہرے پر ہاتھ پھیرا..

اگر اسکا وجود یہاں دیکھا جاتا تو.. داجی کی سیاست سمیت عزت...دو کوڑی کی رہ

جاتی..

جبکہ..اسکی عزت کو.. بھی بے شمار داغ.. لگتے..اسے یہاں سے نکلنا تھا..اور..

اس میڈیا کا بینڈ تو.. وہ بعد میں بخوبی بجائے گا.. وہ سوچ چکا تھا...

وہ شبنم پر ایک غلط نظر ڈالے بغیر دروازہ کھول کر نکلا..

نیچے ہال سے کئی آوازیں آرہیں تھیں..

یہاں بہرام.. خان موجود ہیں.. آپ دیکھ سکتے ہیں ناظرین... سردار مراد خان کا پوتا.. جو سیاست.. میں عورتوں کے حقوق کے لیے قدم رکھ رہا ہے.. جس کی پہلی تقریر ہی عورتوں کے حقوق پر تھی.. وہ آدمی.. اس گھٹیا جگہ پر اپنی راتیں رنگین کر رہا ہے.. اور جس کی نظر میں.. عورت.. کی ویلیو.. صرف... ایک بستر تک ہو.. وہ معاشرے کی عورتوں کو کس نگاہ سے دیکھے گا.. "کسی کی تیز.. باریک.. پھنکارتی ہوئی اواز....

پر.. اسکی آئی بروا چک گئی...

اسنے گریل میں سے.. پولیس.. اہلکار.. میڈیا.. کو دیکھا.. اور... نگاہ... پیٹھ موڑے کھڑی.. اس تیز ترار لڑکی پر گئی...

آئی ویل کل یو" وہ... غرایا...

مگر اسکی شکل بھی دیکھنا چاہتا تھا....

www.novelsclubb.com

وہ.. گریل کے ساتھ ساتھ چلنے لگا.. حالانکہ یہ اسکے لیے خطرے سے خالی نہیں تھا.. مگر.. بلیو جینز...پر وائٹ... کرتے میں پونی ٹیل کیے.. وہ لڑکی.. جو بھی تھی.. پشت سے کافی پر کشش تھی.. اور.. آواز.. اس سے بھی زیادہ.. مگر الفاظ کافی زہریلے تھے..

وہ.. گریل سے گھومنے لگا...

تو لڑکی نے خود ہی رخ پھیر لیا...

ہمیں ایسا کیوں لگتا ہے کہ آپ. بھی بدلنخواستہ ہمارے ساتھ آئے ہیں" اسنے ایریا کے ایس ایچ او.. کو.. غصے سے دیکھا...

گلابی شہابی رنگت میں.. بولنے.. اور گرمی کے باعث... سرخی.. گھلی ملی تھی جبکہ...

گردن پر.. پسینے سے بالوں کی چپکی ہوئ.. لٹیں...

اس لڑیرے.. کی آنکھوں کو خیر کر رہیں تھیں...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

قربان جاو..اس حسن پر" وہ... گھیری.. چمک لیے.. بولا...

ایس ایچ او گڑ بڑایا...

نہیں میڈیم ایسا کیوں ہو گا بھلہ...." وہ.. نرمی سے بولا..

آپکو غلط فہمی ہو سکتی ہے.. وہ بہت عزت دار خاندان سے ہیں.." وہ.. بولا تو..

اس لڑکی نے نفرت سے اسکیطرف دیکھا..

سر ابھی اس عزت دار خاندان کی حقیقت... معلوم ہو جاے گی.." اسنے.. کہا..

اور..اب مجبورن ایس ایچ او کو اپنے بندے پھیلانے پڑے.. جبکہ بہرام...کے لبوں پر مسکراہٹ رینگنے لگی...

کیا چیز ہے.." وہ پھر بڑ بڑایا..

پولیس اہلکار...اسکو دیکھ چکے تھے..

وہ..اپنی شیو پر ہاتھ پھیرتا خاموش.. نظر انپر ڈال کر..رہ گیا..جو..اسکی ایک خاموش نظر سے..انجان بنتے..ارد گرد تو پھیلے مگر اس تک نہ پہنچے...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بہرام.. خان بھی.. چلتا.. ہوا... سٹور روم.. کی اوٹ میں ہوا...

وہ وہاں سے.. باہر ہونے والا سارا نظارہ تک رہا تھا...

مجھے ایسا لگتا ہے تمھاری خبر غلط ہے.. تم سوچ نہیں سکتیں.. یہ لوگ تمھیں الٹا لٹکا دیں گے" واصف کی جھنجھلائی... ہوئی.. آواز پر.. عابیر نے اسکی جانب دیکھا...

میری انفارمیشن کبھی غلط نہیں ہو سکتی.. وہ.. کل کا آیا.. لڑکا.. عوام کو الو بنا دے"

وہ غصے کی کیفیت میں تھی.. بہرام. جو انکے پیچھے روم میں ہی کھڑا تھا...

اسکی کل کا آیا سن کر.. اسکے ہونٹوں پر گھیری مسکراہٹ چھاپ چھوڑ گئی...

پولیس... پورے کوٹھے. کو چھان مار چکی تھی...

مگر بہرام خان کو ڈھونڈ کر بھی اگر آنکھیں بند کر لیں تھیں تو وہ انھیں کبھی نہیں مل سکتا تھا...

واصف پر ایس ایچ او چڑھ دوڑا.. جبکہ عابیر یہ سب تماشہ.. دیکھنے لگی....

یہ ایک غلط جگہ.."

بس کرو بی بی "ایس ایچ او نے.. غصے میں کہا..

عابیر بغیر ڈرے اسکی صورت دیکھنے لگی...

یہاں تک پہنچانے کے لیے بہت شکریہ مگر کسی شریف انسان ہر الزام کا آپ کا کوئی حق نہیں.. بس صحافی کی طاقت استعمال کرتے ہیں" وہ بڑبڑایا.. واصف اسکی خوشامد کرنے لگا.. جبکہ عابیر اوپر جاتی سیڑھیوں کو گھور کر رہ گئ.. وہ جانتی تھی.. وہ آدمی یہیں ہے..

ابھی وہ.. آگے بڑھتی کہ کسی نے.. اسے... پیٹ پر.. بازو حائل کر کے.. اپنی طرف کھینچا...ہاتھ کی سختی اسکے پیٹ پر بری طرح تھی.. جبکہ لمس اسقدر... برا.. کہ.. وہ تلملاتی رہ گئ...

سائیں.... اوپر.. دائیں جانب چوتھے کمرے میں نیم مردہ... سی شبنم... کے پہلو کی سلوٹیں... بتادیں گی... کہ بہرام خان.. وہیں تھا.... بھلہ آپکی جیسی نظر.. ان.. دو ٹکے کے پولیس والوں کے پاس کہاں...

جلد ملیں گے دوبارہ..."اسکے کان میں زہر انڈیلتا وہ جھٹکے سے اسے دھکا دے.. کر... فرار ہوا... جبکہ عابیرا ابھی سمبھالتی..اور دوڑ کر اس کمرے تک جاتی.. وہ وہاں سے غائب تھا..اسنے واصف.. کو دیکھا جواب تک ایس ہیچ او کو.. سمجھا رہا تھا... مگر وہ کچھ نہیں کر سکی تبھی.. مٹھی پر ہاتھ مار کر رہ گئی...

...............

بال بال بچے ہو آج تم..اگر داجی کو اس بات کی بھنک بھی پڑی تو بیٹے تم تو گئے کام سے" معاویہ نے اسکی جانب دیکھا..جس کا قہقہ گاڑی.. میں گونجا...

www.novelsclubb.com

ہونٹوں میں سگریٹ دباے ناک کی چونچ پر بلیک گاگلز رکھے... بہرام نے معاویہ کیطرف دیکھ کر آنکھ دبائی....

یہ بال بال بچنا کیا ہوتا..ہے... معاویہ صاحب.. ہم تو ہر بار بچ نکلتے ہیں.. کوٹھے کے مورچوں پر ہمارے بندے بیٹھے ہیں پولیس ہماری جیب میں ہے..اور کیا چاہیے...

کیا چاہیے جینے کے لیے..." وہ دلکشی سے ہنسا... معاویہ بھی ہنس دیا....

مگر افسوس" معاویہ نے دکھ سے اسکیطرف دیکھا...

کس بات پر" مستعدی سے ڈرائیو کرتے ہوئے...اسنے.. گاگلز کی آڑ میں سے..

اسکیطرف آنکھیں گھمائیں..

..اب کیا ہو گا یار خان. کچھ کرو کچھ کرو...ہماری راتیں..." اسنے اسکا مظبوط شانہ

جھنجھوڑا.. تو بہرام پھر ہنسا....

معاویہ خانم.. صبر بھی کوئی شے ہے....

ابھی کچھ دن تو...نہ چاہتے ہوئے بھی صبر کرنا ہو گا... کیونکہ...ریڈ پڑ چکی ہے..

مشکل ہی ہے وہ جگہ دوبارہ کھلے...

برحال.. کالام زندہ بعد" وہ تفصیلی سمجھاتے ہوئے اینڈ میں جوش سے بولا.. اور

گاڑی کی سپیڈ بڑھا.. دی.. جبکہ معاویہ...نے بھی پرجوش ہو کر نعرہ لگایا.. تھا...

جیو خان.."



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

......

عابیر...بیٹا.. کھانا کھالو" مما نے اسکیطرف دیکھا جو ابھی سو کر اٹھی تھی...

میرا سیل کہاں ہے" اسنے اٹھتے ساتھ ہی.. موبائل کی تلاش میں نگاہ گھمائ...

عابیر... کھانا تو کھالو.. بس..اٹھتے ساتھ ہی موبائل چاہیے" وہ غصے سے بولیں..اور کمرے سے نکل کر چھوٹے سے صحن میں آگئیں جہاں بابا ابھی کام سے آئے تھے..

وہ سرکاری کلارک تھے

متوسط گھرانے کے یہ لوگ اپنی زندگی سکون اور خوشی سے جی رہے تھے...

کام ایسا ہے مما کیوں خفا ہوتی ہیں..." اسنے کہا..اور..اپنے باپ کے پاس بیٹھ گئ..

اسکی سفید رنگت میں گلابی رنگ جیسے گھل مل رہا تھا... بالوں کا رفلی جوڑا بنائے..وہ بادامی..آنکھوں کو سیل پر جمائے.. بیٹھی تھی..

میں تو کہتی ہوں..اکبر صاحب..اسکی شادی ہونے والی ہے..اس گندی نوکری پر سے ہٹالیں" انھوں نے پانی کا گلاس تھماتے ہوئے.. کہا تو..عابیر اچھل پڑی...

www.novelsclubb.com

جبکہ نیہا کی کھی کھی.. سننے لائق تھی.. وہ دو ہی بہنیں تھیں..بیٹا انکا کوئی نہیں تھا... پیسے کی بھی کوئی ریل پیل تو نہ تھی مگر زندگی پھر بھی خوش اور مطمئین تھی..

مما شادی کا جھنجھٹ تو سال بعد تھا یار...ابھی.. کچھ ماہ ہوئے ہیں مجھے فیلڈ میں آئے.. اور... معاذ سے تو میں بات کر بھی چکیں ہوں سال ڈیڑھ سے پہلے نو شادی

"اسنے..ماں کیطرف دیکھا.. جنھوں نے گھورا..

دیکھ رہیں ہیں کینچی کی طرح چلتی ہے زبان اسکی.. ہر بات کا.. جیسے جواب پٹ تیار ہے.. اسکے پاس...

اور یہ معاذ کیا ہوتا ہے.. بھلے وہ تمھارا کزن ہے مگر منگیتر بھی ہے.. تمیز سے نام لیا کرو"

ہاں وضو کر کے لوں گی آئندہ.. "وہ منمنائی.... تو اکبر صاحب کھل کر ہنسے..

نیہا بھی ہنس دی..

آپکی شے کا نتیجہ ہے ورنہ اس لڑکی میں لڑکیوں والی تو کوئی بات ہی نہیں ہے.. "وہ

غصے میں تھیں..

توبہ توبہ "عابیر نے کانوں کو ہاتھ لگایا...

جبکہ اسکا سیل بجا...

آہ واصف کی کال ہے "اسنے کال اٹینڈ کی...

ہاں واصف.. بولو "مما کی گھورتی نظروں سے آنکھ بچا کر.. وہ.. اٹھ کر اندر آئی..

یار.. کہاں فوت ہو چکی ہو... کمال کرتی ہو میں گدھا ہوں یہاں پر کب سے انتظار کر رہا ہوں.. وہ غصے سے بھڑکا..

یار آہستہ بول لو.. سو گئی تھی.. اب اس میں خود کو گدھا کہہ کر.. تو.. دوسروں کے منہ میں اپنی کمزوری دینے والی بات ہو گی یہ تو "وہ بولی تو واصف نے ماتھا پیٹا..

میری غلطیاں نہ نکالو... اور اپنی تشریف کا ٹکرا اٹھا کر.. باہر نکلو.. میں یہاں کیفے کے باہر ویٹ کر رہا ہوں.. ہمیں کالام کے لیے نکلنا ہے.. "

واصف نے جیسے اسے یاد دلایا.. تو.. وہ... اپنے... اتنے شدید.. زبردست بلکھڑ

زہن.. کو ایک پل کی خاموشی.. دان کر کے.. جیسے ہوش میں ائ..

واصف.. بابا کا یہ معاذ کا مسلہ نہیں.. ہے.. ماما کو منانا" اسنے کمرے سے باہر جھنکا..

اسکی ماں اسکے باپ کے کان میں جھکی.. یقیناً اسی کے بارے میں باتیں کر رہی تھی..

شاباش لڑکی.. تمھیں کل سے یہ بات پتہ ہے اب تک.. منہ ہلا نہ سکی تم" واصف بھڑکا..

اچھا.. بس کرو... ڈانٹ.. نہیں سنیں..... تم ایسا کرو یہیں آ جاو... جب تم بات کرو گے یقیناً مماماں جائیں گی" اسنے کہا تو واصف نے فون کو گھورا..

میرا استعمال.. کرتی ہو شادی کسی اور سے کرتی ہو..." وہ غصے سے بولا.. تو عابیر کھلکھلائ...

آتا ہوں.." واصف بھی ہنس دیا...

عابیر.. سکون سے باہر آ گی ٔہاں وہ بھول گئ تھی... اس کو ٹھے کو تو وہ بند کرا چکی

تھی.. جبکہ.. کل سارا دن وہ.. اس پختون لہجے.. اور اپنے گرد بھندی سخت گرفت میں الجھتی رہی...

اسے شدید افسوس تھا وہ شخص وہیں تھا مگر اس تک پہنچ نہیں پائی وہ.. اور اب وہ اسی کے علاقے میں جا رہی تھی...

اور اسکا بینڈ بھی بجا دینا چاہتی تھی....

اسے ایک طرف سے تو سکون تھا.. واصف.. مما کو منا لے گا.. مگر معاذ کو بھی اطلاع دینا ضروری تھی....

معاذ.. اسکے ماموں کا بیٹا تھا.... اور ابھی ایک ماہ پہلے دونوں کی منگنی ہوئی تھی... اور چونکہ وہ پہلے بھی ایک دوسرے سے کافی فرینک تھے...

منگنی کے بعد بھی فرینکنیس... قائم ہی رہی...

معاذ کو اسکی جاب سے شادی سے پہلے کوئی مسلہ نہیں تھا ہاں البتہ شادی کے بعد... اس کی اجازت نہیں تھی...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

.....................

حیدر.. کو کل دستار باندھی جانیں تھی جس میں سب کی شراکت بہت ضروری تھی.. مگر حیدر خان.. نے کمرے سے باہر نکلنا بھی ضروری نہیں سمجھا...

وہ یوں ہی کمرے میں لیٹا ایل ای ڈی.. سرچنگ کر رہا تھا.. جبکہ پورا دن ہو گیا تھا ارمیش بھی کمرے سے باہر نہیں نکلی تھی.. جب وہ ہوتا...وہ اسکو ہلنے تک نہیں دیتا تھا.. اپنے کاموں میں اسکو جیسے.. گھول دیا تھا.. ابھی بھی وہ حیدر کے کپڑے واشروم میں دھو...رہی تھی.. حالانکہ حویلی میں یہ کام ملازمین کے ہوتے تھے مگر.. اس شخص نے...ارمیش پر اپنے سارے کام تھوپے ہوئے تھے.. اس سے بھی اسکو کوی مسلہ نہیں تھا اگر حیدر اسے عزت کے چند بول سے نواز دے..

کپڑے دھوتے ہوئے.. اسے کل رات ہوئے.. اپنے ساتھ حیدر کے واحشانہ سلوک پر...جی بھر کر رونا آیا...

اسکی کلائی پر بھی جابجا زخم تھے جن پر سرف لگنے سے... جلن کا احساس بہت بڑھ رہا


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھا..

اسکا قصور کیا تھا..اسے ایسی سزا کیوں مل رہی تھی....

سرخ آنکھوں کو صاف کر کے..ارمیش نے باہر کیطرف دیکھا...

اگر اسے زیادہ دیر لگ جاتی تو یقیناً وہ شخص نیا ہنگامہ شروع کر دیتا....

اسنے اسکی آخری شرٹ بھی دھوئی...

اور سپین کر کے..اسنے..ٹوکری میں کپڑے رکھ دیے..ایک بار دھوپ بھی لگانا ضروری تھی...

تو کل وہ ملازم سے چھت پر..کپڑوں کو دھوپ لگوا دیتی ابھی تو خیر رات تھی..اور کالام کا موسم...سدھا بہار..ٹھنڈا خوشگوار تھا...

اسکا بلکل بھی باہر جانے کو دل نہیں تھا...

مگر نکلنا تو تھا..انھیں گیلے کپڑوں سے وہ باہر آئی...

مقصد..کپڑے تبدیل کرنا تھا..مگر..وارڈروب تو باہر تھی..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسکے باہر نکلتے ہی.. حیدر نے اسکو ترچھی نظروں سے دیکھا...ارمیش نے اسکی جانب نہیں دیکھا تھا....

اسکے چہرے پر جا بجا نیلے نشان.. تھے...

حیدر...نے ایک..پل کے لیے.. خود...پر ملامت.. کا سوچا مگر اگلے ہی لمحے.. اسنے وہ خیال جھٹک دیا...

اسکا بھی کوئی قصور نہیں تھا...

ارمیش.. کپڑے لے کر.. کپڑے.. تبدیل کر...کے.. صوفے پر آ کر بیٹھی..

اسکا.. دل اپنی مورے سے ملنے کے لیے مچل رہا تھا...وہی تو تھیں...جو..اسکے زخموں پر مرہم رکھتیں تھیں...

وہ انگلیاں چٹخانے لگی...تو حیدر نے زچ ہو کر اسکیطرف دیکھا...

کیا چاہتی ہو" اسنے خود ہی پوچھا.. مگر لہجہ بلا کا کڑک تھا...

ارمیش نے پورے ایک دن بعد اسپر نگاہ ڈالی...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نائٹ گاون میں وہ کس قدر خوبصورت لگ رہا تھا...

اگر اسکی محبت وفا.. ارمیش کے نام ہوتی تو یقیناً وہ دنیا کی خوش قسمت ترین عورت ہوتی...

حیدر.. نے ای برواچکائ....

پاگل ہو گئ ہو.. خانم.. آجاوادھر.. دماغ درست کر دیتا ہوں"

.اسنے... شنیل کی شیٹ.. ہٹائ...

ارمیش کا دل بیٹھ گیا...

نہیں... وہ ایسا نہیں چاہتی تھی... وہ.. اس سے دور جانا چاہتی تھی...

اسکے گلے میں آنسو پھنسنے لگے.. مگر اسکی اتنی جرت نہیں تھی کہ جب.. حیدر... خان نے اسے خود بلالیا تھا.. تو وہ.. وہاں سے بھاگ جاتی... کاش وہ ایسا کر سکتی..

کاش.. اسکی زندگی پر اسکا حق ہوتا....

کاش وہ نین کیطرح بہادر ہوتی....


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ اٹھی.. آنکھوں کے گوشے.. سرخ ہوگئے.. آنسوؤں نے بے پناہ جلن کردی..

قدم من من بھاری ہوگئے...اور وہ.. اسکے پاس بستر پر آگئی....

حیدر نے اسکی کلائی.. پر پھر چہرے پر لگے زخموں.... کو دیکھا....

نہ جانے کس طرح.. اسکا ہاتھ اسکی انگلیاں اسکے کلائی کے زخموں کو سہلانے لگیں

ارمیش کو مزید تکلیف ہونے لگی...

ارمیش خانم...یہ چکر کیا ہے....جب...آتی ہو ایسے روتی ہو جیسے.. پہلی عورت ہو

دنیا کی جس کا.. مرد...." وہ روکا...اسکیطرف دیکھا....

نہیں...سائیں..ایسا تو کچھ نہیں..اسنے اپنے آنسو کو بے دردی سے رگڑ ڈالا.." اور

سر جھکا گئی... حیدر نے سختی سے بندھے اسکے.. دوپٹے کو..اس سے جدا کر

دیا...

ارمیش..کا چڑیا سا دل..اچھل کر جیسے حلق کو آیا...

مگر ہمیں دال میں کچھ کالا لگتا ہے کیوں خانم....بہت مرد ہیں یہاں.. کہیں کسی پر

دل ول تو نہیں پھینک بیٹھی "بستر میں سر کتے ہوئے...اسکو..اپنے ساتھ..

لیٹاتے..وہ..اپنے لفظوں سے اسکی روح...کو..کئ ٹکڑوں میں تقسیم کر رہا تھا...

باخدا سائیں آپکے سوا کوئی نہیں "ارمیش...نے اپنے انسووں سے جھنجھلا کر..

آنکھیں رگڑیں حیدر نے اسکی گیرے آنکھوں میں سرخ..ڈورے دیکھے....

اسکی آنکھیں خوبصورت تھی....

اسکا چہرہ..میدے کی سی رنگت لیے..چھوٹے چھوٹے..تیکھے معصوم نقوش....وہ

کسی بھی... شخص کے دل کی دھڑکن بن سکتی تھی.... مگر حیدر کی حور کے ارمانوں کا

خون..تھی..

www.novelsclubb.com

حیدر نے اسکے ہنائ ہاتھوں..کو اپنے چہرے پر رکھ لیا...

جبکہ..ہاتھ...اسکی..گردن..پر حرکت کرنے لگا..ارمیش..سانس روکے..

آنکھیں بند کر گئ غصہ نہیں تھا..اسکے لمس میں..مگر....

حیدر نے رفتار فتا..اسکی گردن دبانا شروع کر دی..یہاں تک کے ارمیش کا سانس

اکھڑنے لگا..بیڈ پر ہاتھ مارتی..وہ..بلکنے لگی...

خانم.... ہمارے پہلو میں رہ کر کسی اور کا خیال... بھی لائیں..تو اگلی سانس کو بھی اتنی تکلیف دیں..گے..کہ...یاد رکھو گی..."حیدر...پھنکارہ...

سائیں" وہ سسکی....اور..اپنے کانپتے ہاتھ اسکے چہرے پر رکھے....

حیدر..اسکے تھر تھر کانپتے وجود سے دور ہوا...

کھڑی ہو..دفع ہو یہاں سے"..وہ نفرت سے..بولا...تو..ارمیش...گھٹ گھٹ کر رودی..یہ اسکی عزت تھی کہ وہ پل میں..اسے نکل جانے کو کہہ دیتا تھا..ورنہ سارا سارا دن..خود کے پاس قید...بامشقت میں رکھتا تھا..

مگر اس وقت ارمیش کو..یہ زلت...اپنے آرام اور سکون کا سبب لگی..وہ..اپنا دوپٹہ اٹھاتی..وہاں..سے...پل میں غائب ہو جانا چاہتی تھی

.

حیدر نے تمسخر سے اسکی حرکت اسکی عجلت کو دیکھا...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ارے خانم صبر بھی کوئی شے ہے.. جان من"... وہ گاون کی ڈوریاں باندھتا....

اسکے پیچھے ہی اٹھا.. ارمیش نے مڑ کر دیکھا....

میخانا سجادو.. پھر جہاں مرضی غارت ہونا... مگر سجانا... مردان خانے کے ہال

میں".. وہ اسکی لٹوں.... کو اسکے.. سرخ.. پڑتے چہرے سے.. ہٹاتا.. نفرت کی

انتہا پر تھا....

وہ جانتی تھی اب وہ.. داجی... کو نیچا دیکھانے کے لیے اس.. حولیے میں.. جو..

یقیناً.. کمرے سے باہر.. اچھا.. یہ مناسب نہ لگتا...

اور.. وہ بھی شراب نوشی کرنے والا تھا... جو.. کہ حویلی میں.. کرنا.... داجی کے غصے

کو ہوا دینا تھا...

جس نے یہ شغل پورا کرنا ہوتا تھا.. وہ عموما... حویلی کے باہر کرتا.. اور.. سب سے

زیادہ.. بہرام کی یہ عادت تھی جبکہ باقی.. سب... تو کبھی کبھار.. ہی.. بلکے زیادہ تر

کرتے ہی نہیں تھے.. اور.. یہ وہ واحد شے تھی.. جو داجی خود نہیں کرتے تھے..

ارمیش..اپنے کمرے میں دوبارہ آئی...ایک الماری کھول کر..کانپتے ہاتھوں سے..

وہ مشروب نکالا....خدا سے معافی مانگتی..وہ...ابھی...باہر جاتی..کہ..حیدر جو..

دیوار سے ٹیک لگائے اسکے ہلتے لبوں..اور آنکھوں سے مسلسل بہتے اشک کو..

ناگواری سے دیکھ رہا تھا..

اسکو ٹوک گیا....

سامنے..بستر.پر جاو..اور..پانچ منٹ میں سو جاو..ورنہ چھٹا منٹ..تمھیں ہم

سے نہیں بچا سکتا" وہ شانے اچکا کر لاپرواہی سے بولا....

تو ارمیش جو اپنی مورے سے ملنے کے لیے بے تاب تھی اس حکم پر..گھیرہ سانس

لیتی..آنسو پونچھتی..بستر پر لیٹ کر..کروٹ موڑ گئی..

ہاں وہ سو جانا چاہتی تھی

اگر اسے کوئی ایک رات..سکون کی میسر آ ہی گئی تھی....

اور پھر وہ واقعی ہی پانچ منٹ میں سو گئی..جبکہ حیدر..ایک نظر..بوتل پر ڈال کر..

ٹیرس ہر نکل آیا..

کل دستار اسکے سر پر سج جاتی...

اور اسکے بعد وہ داجی کو...بتاتا... کہ.. فیصلے ہوتے کیا ہیں...

اسنے... سوچا...اور تادیر وہاں کھڑا اپرانی یادوں.. کو سوچتا رہا..

................

نین ہاتھ کتنے پھیکے لگ رہے ہیں.. جاو.. میرا بچہ.. مہندی لگاو"بی جان...نے اسکے سر کی مالش کرتے ہوئے کہا... جبکہ نظر سامنے سے آتی ارمیش پر گئ.. تو وہ دونوں ہی جلدی سے اٹھیں.. ارمیش نے بی جان کو ڈبڈبائ.. آنکھوں سے دیکھا...

نین پارہ ہائ.. کیے.. دونوں ہاتھ کمر ہر رکھے...ارمیش کو دیکھ رہی تھی... حیدر... کا پاگل پن..اسکے چہرے پر عیاں تھا..

ارمیش ایک پل کو رکی..اور پھر اگلے پل دوڑ کر وہ بی جان کی گود میں.. سر رکھ کر بری طرح بلک اٹھی...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کیوں بی جان" وہ سسکی نین کی بھی آنکھیں بھیگی.. جبکہ...دور.. کھڑی...انوشے تو..اس سب سے بری طرح خوف زدہ تھی...

تبھی وہ اپنے کمرے سے بھی کم ہی نکلتی...

صبر کرو خانم...حیدر خان...ہو جائیں گے ٹھیک "بی جان نے کیا سے کیا کریں گے "اسکے ریشمی بالوں پر ہاتھ پھیر تے کہا...

کیسے بی جان.. کب...دو سال...دو سال...دو صدیاں معلوم ہو رہی ہیں.....دم گھٹتا..ہے..بی جان.. کوئ شخص کیسے...اتنا ظالم ہو سکتا ہے" وہ.. بری طرح رو رہی تھی..

www.novelsclubb.com

سب غلطی ارمیش بی بی تمھاری ہے" نین...غصے سے بولی...

نین تمھارا ہر بات میں بولنا ضروری ہے" مورے نے جھڑکا تو...وہ منہ بنانے لگی...

آپ ہر بار مجھے چپ کراتیں ہیں...کیوں سہتی ہے یہ انکے ستم...اپنی ناکام عشق کے بدلے نکال رہیں ہیں...خدا جانے سردار بنے گے تو کیا کریں گے"...وہ غصے سے



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بولی جارہی تھی...

ارمیش نے سر اٹھا کر اسکیطرف دیکھا...

اورچپ رہ گئی...اب مزید اسکا رونے کا بلکل دل نہیں تھا...

دستار...آج حیدر کے سر پر باندھنی تھی....

اور سب مرد حضرات...وہیں گئے تھے جبکہ حویلی میں چند ملازم اور صرف خواتین تھیں..

ب..بی جان. مجھے شادی نہیں کرنیں" انوشے نے...انکی طرف دیکھتے ہوئے...

کہا..اسکا لہجہ سہما سہما تھا....

بی جان نے گھیرہ سانس بھرہ حیدر نے سب.. کو ہی..اس طرح خوف ذدہ کر دیا تھا

کہ لگتا ہی نہیں تھا.. حویلی میں کوئی کھل کر سانس بھی لے رہا ہے یہ نہیں...

انوشے بچپن سے ہی معاویہ کی منگ تھی...اور یہ بات وہ بخوبی جانتی تھی بلکے سب

ہی...

www.novelsclubb.com

جبکہ اسکی بڑی بہن ریہا کی شادی... باسط خان... حیدر خان کے بھائی.. سے طے پائی... تھی.. انوشے.. اور ریہا.. جواد خان سے چھوٹے.... سکندر خان کی بیٹیاں تھیں جبکہ.. انکا دو ہی بھائی.. تھے.. وصی خان... اور شمروز خان.... دونوں.. ہی ابھی چھوٹے.... تھے...

اچھا جاو.... اب... ارمیش خانم ہمارے پاس ہیں.. تم اور نین.. جاو کچن میں.. درخنے کو بولوں. کھانے کا انتظام اچھا ہونا چاہیے....

خدا خیر کرے.. دستار.. سج گئی ہو گی.. ہمارے بچے کے" بی جان نے.. پیار سے کہا.. تو نین نے منہ کھول کر اسکو دیکھا...

توبہ یہ محبت وہ بھی جنگلی سے" وہ ناک سیکیڑنے لگی.... تو بی جان ہنس دیں..

دیکھ رہی ہو ارمیش خانم.... کیسے چپڑ چپڑ بولتی ہی یہ لڑکی.. "بی جان.. نے.. اسکے سندھر مکھڑے کو دیکھ کر.. مسکرا کر کہا.. تو.. وہ بھی ہنس دی....

یہ بات.. دیکھ لیں بی جان... حیدر.. سڑو خان کی برائی.. ارمیش کو اچھی لگی ہے..

اور یقین مانیں پہلی بار اچھی لگی ہے یہ مجھے "وہ کھلکھلائ...

تو...بی جان...تو سر تھام گئ....

جبکہ مورے گھورے بغیر نہ رہ سکیں...

بہرام کی بہن تھی..آخر کو بہرام جیسی ہی تھی....

بہرام..اور نین دوہی...بہن بھائ...مراد خان کے سب سے چھوٹے بیٹے.... عظیم خان کے بچے..تھے....اور دونوں ہی ایک جیسے...منہ زور سے تھے....

اب ایسا بھی نہیں ہے...کہ تم انھیں کھلم کھلا براکھو"ارمیش نے..اسکو گھورا..

نین...تو غش کھاگئ...

بڑی تیز ہو بھئ..."اسنے اسکو چٹکی کاٹی...کافی دنوں بعد..حویلی کے زنان خانے میں جیسے چہچہاہٹ تھی...

نین...پیٹو گی"ارمیش..اسکو مارنے کے لیے دوڑی جو...کہ اپنا..گرارا..دونوں ہاتھوں میں اٹھا..کر..اوپر اپنے کمرے کو دوڑی...

نین...رونق ہے...ارمیش کو کیسے.. خوش کر دیا" فرح خان..نے اپنی بیٹی کو.. جیسے مشکلوں سے ہنستے دیکھا تھا

بی جان نے اثبات میں سر ہلایا....اور خود کچن کی جانب چل دیں.. کہ وہ چارو..تو.. اب ایک کمرے میں بند ہو چکیں تھیں...

.................

دستار سر پر سجائے..وہ.. مردان خانے میں داخل ہوا..تو..سب کے چہرے.. کھلے ہوئے تھے..داجی بھی مسکرا رہے تھے....

مگر حیدر کو انکی مسکراہٹ کچھ جچی نہیں...

ان سب کے علاوہ باقی..علاقے کے لوگ بھی تھے آج..دعوت.. تھی حیدر کا صدقہ کیا جا رہا تھا..جبکہ وہ..سفید..لٹھے کے سوٹ..میں...خاموش بیٹھا ادھر ادھر دیکھ رہا تھا....

لوگ اس سے مل رہے تھے...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اپنے نئے سردار... کی خوشامد کر رہے تھے اسے رتی بھی ان باتوں سے فرق نہیں پڑتا تھا.. اور ہوا بھی پھر کچھ یوں ہی کہ... کچھ دیر تو.. وہ یہ سب برداشت کرتا رہا.. اور جب داجی بڑے گھمنڈ میں اسکے ساتھ آ کر بیٹھے تو وہ ایکدم اٹھ گیا... یاور خان نے اسے تنبیھی نظروں سے گھورا.. مگر وہ.. اگنور کر گیا.. دستار سر پر سے اتاری.. اور داجی کے برابر میں رکھ کر.. وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا.. اپنے روم کیطرف بڑھ گیا....

مزید یہ ڈرامے بازی ہم سے برداشت نہیں ہوتی" اسکی بڑبڑاہٹ واضح تھی..

داجی کا خون کھول اٹھا جبکہ چاروطرف سناٹا چھا گیا...

جواد خان.. انھوں نے اپنے بیٹے کو پکارہ.. ایک للکار تھی انکی آواز میں.. حیدر.. اپنے کمرے کے دروازے پر رک کر پلٹا.. انکی للکار... پر.. وہ مبہم سا مسکرا دیا... بھرے مجمعے میں وہ انکو بے عزت کر چکا تھا.. ٹھنڈک ہی ٹھنڈک تھی سینے میں...

وہ.. اپنے روم میں چلا گیا.. جبکہ داجی سرخ ہو رہے تھے انکا چہرہ جیسے خون چھلکا رہا

تھا....

ان سب کو... کھانا.. حویلی کے باغ میں کھلا کر.. فارغ کرو" داجی کہہ کر... آپنی جگہ سے اٹھے

کام ڈاون داجی" بہرام نے آگے بڑھ کر.. انکی طرف دیکھا... جبکہ اسکیطرف دیکھ کر داجی کے لبوں پر کھل آنے والی مسکراہٹ سے سب نے سکھ کا سانس لیا...

ہمارا خان.. کالام کی جان... داجی کا مان.." وہ اسکی پیشانی چوم گئے جبکہ وہ .اس توڑ جوڑ پر جی بھر کر ہنسا....

کیا بات ہے داجی... سن رہے ہو معاویہ خانم.. داجی کی شاعری" وہ.. ہلکے پھلکے انداز میں صوفے پر دھپ سے بیٹھا.. علاقے والے.. وہاں سے جا چکے تھے اب.. صرف.. حویلی کے مرد تھے... جو صوفے پر بیٹھے.. داجی.. بھی مسکرا دیے....

خان... ہم اپنے زمانے کے شاعر رہے ہیں" داجی بھی اسکے برابر بیٹھتے ہلکے پھلکے انداز میں بولے تو.. وہ. داد دینے لگا...

داجی...رات.. میڈیا... حویلی پر انوائیٹڈ ہے "احمر نے..انھیں جیسے یاد دلایا.. تو وہ سر ہلا گئے..

کیوں خان "انھوں نے... بہرام کیطرف دیکھا..

آل ٹائم ریڈی سائیں "وہ ہاتھ اٹھا کر بولا.. تو داجی کا سیر وخون بڑھا....

................

نین کیوں جھانک رہی ہو "مورے نے اسے کھینچ کر...ایک طرف کیا جو مرادن خانے میں جھانک رہی تھی...

مورے.. یہ آپکی نظر مجھ پر ہی کیوں ہوتی ہے.. ویسے.. حیدر.. لالا.. نہایت.. ڈیش ہیں داجی.. کو منہ کی مار.."

چپ کرو کم بخت کیا بولے جا رہی ہو "مورے کو تو غصہ ہی آیا کوئی سن لیتا تو...

نین.. شانہ سہلا کر رہ گئی..

بھاگ جاو یہاں سے "وہ بولیں اور ابھی نین ہٹتی ہی.. کہ احمر.. اندر داخل ہوا.. اور


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

سلام کیا..

سلام مامی جان "اسنے سلام کیا.. تو نین پردہ کرتی وہاں سے ہٹی.. جبکہ احمر نے اسکی پشت پر ناچتی بل کھاتی چوٹیا کو...دیکھا

جبکہ اسکے ہاتھوں ہر سجی ہنا...وہ.. بس دم ساد کر رہ گیا....

خیریت بیٹے.... صفینا خانم کو کہیں ان سے بات کریں گے "انھوں نے اسکی والدہ کا ذکر کیا...

نہیں مامی جان.. بس یہ کہنا تھا.. داجی کا حکم ہے میڈیا... کی آمد پہ ر تمام خواتین... اپنے اپنے کمروں میں رہیں اور در ختنے.. سے شاندار دعوت کے انتظام کا حکم ہے" اسنے... تفصیلی کہا تو.. وہ سر ہلا گئیں

بہتر "انھوں نے کہا.. اور بی جان کو بتانے کے لیے.. چلیں گئیں جبکہ احمر... کچن کی جانب آگیا.. کہ کافی کی طلب تھی.. مگر اسے بلکل انداز نہیں تھا.. وہ پری وہاں ملی.. گی..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نین..املی چن چن کر.. کھارہی تھی..جبکہ کچن میں کوئی دوسرا ابھی نہیں تھا..

آپ ہمیشہ بھول جاتیں ہیں یہ آپکو نقصان دے گی"احمر اندر داخل ہوا تو.. نین ساکت رہ گئ.. سر پر دوپٹہ جمایا..اور ہلکا سا نقاب کی اوٹ میں کر کے وہ بڑی بڑی آنکھوں میں.. کجل سجائے اسے گاہل تو کر رہی تھی ساتھ گھور بھی رہی تھی...

چھوٹے...جب بھی میں املی کھاتی ہوں تمھارا پکڑنا فرض ہے"وہ بولی تو غصہ ملا جھلا تھا..

صرف چھ ماہ چھوٹے کو آپ..بقائدہ چھوٹے نہیں بولا سکتیں.."احمر کو برا لگا...

ہاں تو چھوٹے تو ہو نہ"وہ لاپرواہی سے پھر املی کھانے لگی...

چھ ماہ"اسنے دوبارہ یاد دلایا..اور کافی بنانے لگا...

نین کچھ بھی نہ بولی...

آپ جانتی ہیں..آپکی اور میری یہاں موجود گی..زنان خانے میں ادھم لے آئے گی"

احمر نے اسے.. احساس دلایا.. اب وہ اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے املی سے دور نہیں کر سکتا تھا تبھی چاہتا تھا وہ چلی جائے حالانکہ دل اسے دیکھتے بھر تا نہ تھا...

دیکھو.. خان صاحب.. زیادہ پکھمانہ بنو مجھ پر.. سب پلین بنا کر کچن میں آئی تھی اور تم ٹپک پڑے.... تف ہے تم پر بھی...دشمن کہیں کے "وہ ہاتھ جھاڑتی غصے سے بولی

احمر..نے مسکراہٹ روکی اور کافی..پینے لگا جو کہ بن چکی تھی..

کیسے انتظام "وہ کچھ ریلکس ہوا.... کیونکہ وہ املی چھوڑ چکی تھی..

مطلب یہ کہ..بی جان...مورے.. صفینہ پھوپھو...فرح تائی.. "سب ایک کمرے میں بند ہیں.. کوئی اہم مسلہ ہے شاید..اور باقی..سب بھی اپنے اپنے کمروں میں آرام فرما رہے ہیں...

اور.بس ارمیش خانم ہیں جو جانتی ہیں ہم یہاں ہیں..اور اب تم بھی "وہ..بہت خوبصورت بولتی تھی..بات بات پر غصہ بھی کر جاتی تھی...

احمر نے.. کبھی اسکی آنکھوں کے سوا.. مکمل چہرہ نہیں دیکھا تھا..بال بھی دوپٹے

کے نیچے سے ہی دیکھے تھے.. مگر وہ اتنے میں ہی اسکے حسن کا دیوانہ.. تھا...

آپ.. اور.. آپکے بھائی بہرام لہ لہ.. پلیننگ کافی کامیاب کرتے ہیں" وہ ہلکا سا ہنسا..

چھوٹے زیادہ باتیں نہ بھنگارو... جارہے ہیں ہم" وہ شانے بے نیازی سے بولتی جانے لگی...

میرا نام احمر ہے" احمر چیڑا..

تو میں نے کب.. سمندر خان رکھا ہے.." وہ دوبادو ہوئی.. سمندر خان حویلی کا پرانا ملازم تھا.. احمر بل کھا کر رہ گیا...

...............

حویلی کالون... میڈیا پریس.. بڑے بڑے سیاست دان.. دوست احباب.. اور.. علاقے کے خاص لوگ.. دوسرے علاقے کے سردار.. غرض کون نہیں تھا... اس دعوت میں.. جس میں.. حیدر خان کی دستار.. کی اطلاع سب کو کی گئی تھی تو

www.novelsclubb.com

دوسری طرف.. بہرام خان.. کا سیاست میں آنا... سب کو بتایا گیا تھا کہ وہ داجی کی جگہ سیاست میں سمبھال رہا تھا.. داجی کی خوشی کو کوئی ٹھکانہ نہیں.. تھا جبکہ خلاف توقع. حیدر بھی سب سے مسکرا کر مل رہا تھا.......

سر آپکے اور بھی پوتے ہیں.. صرف بہرام خان ہی کیوں سیاست میں آے

"میڈیا.. نے سوال داگا... تو داجی مسکرا دیے...

کیونکہ بہرام خانم.. کی صلاحیتوں کے.. ہم خود.... گواہ ہیں....

اور ہمارے خان... اپنے ملک کی خدمت.. کریں اس سے بڑھ کر اور کیا ہو گا.."

پوتے کے لیے عشق تو جیسے.. انکی.. ہر ادا سے جھلک رہا تھا.. بہرام انکے اس قدر فراڈ باتوں پر.. اپنے قہقے دبا کر بس مسکرا دیا.. اور پھر اسکی.. نظر.. دور مائک کو جھلاتی اسی حسینہ پر پڑی.. جو... اسکی راتیں تو غارت کر رہی تھی مگر بہرام کچھ سمجھنا نہیں چاہتا تھا...

روز رات کو وہ اسکے خواب میں.. غصے سے بھناتی نہ جانے کیوں آتی تھی.. اور دن

میں وہ ہزار ہا بار.. شاید.. معاویہ خانم سے اسکاذ کر کرتا تھا..اور.اس مختصر ملاقات کو سوچتا..

کالام کی فضامیں جیسے نور اتر آیا تھا..

وہ اسی کو دیکھ رہی تھی جبکہ بہرام.. بھی انھیں آنکھوں کو دیکھ رہا تھا..جو شاید سمندر سی گھیری تھیں...

بہرام.."داجی نے شانہ ہلایا تو وہ.. جیسے دنیا میں لوٹا..اور..دوبارہ اسکیطرف دیکھا..جواب نزدیک آرہی تھی..وہ اسکے سوال کا منتظر دیکھائی دینے لگا...

آپکے نزدیک عورت کی کیا ویلیو ہے"عابیر نے اسکے آگے مائک کیا وہ مبہم سے مسکرایا..کیا جان لیوا مسکراہٹ تھی...

سفید سوٹ پر.. گیرے چادر ڈالے وہ آج اپنے علاقائی لباس میں...وہاں محفل کی جان معلوم ہو رہا تھا...

اور اوپر سے.. ستم یہ کہ وہ ڈرنک تھا.. مگر اس بات کا احساس تو اسے خود کو بھی نہیں

تھا...

ماں.. بہن" وہ... بہت مودب ہو کر بولا...

داجی کا سینہ فخر سے پھولا....

عابیر تو تپ ہی گئ..

ڈپلومیسی کی کوئ انتہا نہیں تھی.. اسکے کان میں اسکے الفاظ گونجے... جو.. اسنے کہے.. تھے.. عابیر کا بس نہیں چلا وہ اس شخص کو شوٹ کر دے کس قدر جھوٹا تھا وہ...

پھر سارے کا سارا کیسے ہو سکتا ہے...." وہ گھمبیر لہجے میں بولتا.. اسکی بات کو نظر انداز کرتے ہوئے.. اسکے نزدیک ہوا.. تو.. عابیر.. بدک کر دور ہوئی.. اور...

بس.. وہ دوسرے کمرے میں اس سے پہلے دوڑتی..

بہرام نے اسکی کلائی پکڑلی... عابیر کو جیسے کرنٹ لگا تھا.. وہ کلائی چھڑوانے کی تگ و دو کرنے لگی... مگر مقابل.. اسے.. نائٹ.. ڈریس میں سر سے پاوں تک.. گھورے جارہا تھا... عابیر کے لیے یہ لمحے کسی عزاب سے کم نہ تھے....

مکھن آپکی بہن بھی ملائی جیسی ہے... ویسے میں جانتا ہوں میں.. کمینا ہوں مگر.. پنچ نہیں ہوں... اپ نے اب میری مرضی کے خلاف جانے کی کوشش کی.. تو.. یقین مانیے....

ہم تو بدنام زمانہ ہیں ہی ہیں... اپکی. چھوٹی سی بہن کا کیا ہوگا.. ویسے بھی... اس عمر کی لڑکیوں.. کو.. ایسے شوق ہو جاتے ہیں... پھر الزام مت دیجیے گا" وہ اپنے گھٹیا

پن...کے بارے میں بڑی سہولت سے اسے آگاہ کر رہا تھا.. جبکہ...ریہا کے بارے میں سوچ کر عابیر...کا دل پہلی بار اس انسان.. کی سفاکیت سے کانپا تھا....

بہرام.. کی مسکراہٹ گھیری ہوئی.. تیر نشانے پر ٹکا تھا..اسنے ہاتھ چھڑانے کی تگ ودو ختم جو کر دی تھی...بہرام نے بھی اسکا ہاتھ چھوڑ دیا..

سائیں آپکے ساتھ...چاند دیکھنا چاہتا ہوں.....زرا چاند...کو بھی دیدار خاص کرا دیں..بس پھر آپ سکون سے سویے گا.."وہ..اپنی ہی ہانکتا..اسکا بازو پکڑ.. کر.. اسے سیڑھیوں کے راستے چھت پر لے آیا...عابیر..کا وجود اب بھی خوف سے کانپ رہا تھا.. صرف میٹرک کلاس کی سٹوڈنٹ تھی اسکی بہن..اور یہ شخص..اس سے توقع بھی کیا کی جاسکتی تھی..جو اسکے گھر آکر..اپنی گیری ہوئی حرکت سے باز نہ آیا..نہ جانے وہ اسکی بہن کے ساتھ کیا کرے..بے بسی سے..اسکی آنکھیں سرخ..ہو گئیں...بہرام کی بھی نظر..اسپر ا تھی....

اور وہیں...اٹک کر رہ گئی...بادامی آنکھیں سرخی لیے...کمال نظارہ پیش کر رہیں


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھیں....

سرکار..اب تو دل کر رہا..ہے.. تمھیں اور رولاو....

ایسا نظارہ.. باخدا پہلے کہاں دیکھنے کو ملا تھا..."وہ اسکی پلکوں کو چھوتا..چاہت سے

بولا...

عابیر..نے اسکا ہاتھ جھٹک دیا...

یہ جو تم حرکتیں کر رہے ہو..اب تم دیکھنا..میں میڈیا..میں تمھارے ساتھ کرتی

کیا ہوں....."وہ آنکھیں نکالتی...غرائی..تو وہ بے باک قہقہ لگا اٹھا...

میٹھی...سردار تو چاہتے ہی یہ ہی ہیں...بلکے یہ جو..تم نے مجھے دھمکایا ہے نہ....

اس کا اثر...یہ بھی ہو سکتا ہے..کہ صبح کی پہلی نیوز...یہ بن جائے...

کالام کے سردار...ایک معمولی سی لڑکی...سو سوری رپورٹر کے گھر کی چھت پر....

اسکے ساتھ...چاند دیکھتے پائے گے..کیا اس لڑکی کے..ساتھ..بہرام...مراد خان کا

افئیر چل رہا ہے...یہ........؟؟؟؟؟"وہ روکا...معنی خیز لہجہ تھا


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

...انکے بیچ.. کوئی...ناجائز تعلق ہے..."وہ مزے سے اسکے کان میں جھک کر بولا...

عابیر...کی آنکھوں کے آگے.. حقیقی معنوں میں...تارے چمک اٹھے...اس سے کوئی بھی امید کی جاسکتی تھی....

چاہتے کیا ہو تم...."وہ جھنجھلا کر چلائی...تو.. بہرام نے اسکے لبوں پر اپنی ہتھیلی جما.. کر اسکی کمر میں ہاتھ ڈال لیا....

آب اسکا چہرہ سنجیدہ دکھ رہا تھا جبکہ کلون کے ساتھ ساتھ کسی اور چیز کی مہک.. سے عابیر...کی سانسیں اٹک گئیں.

.میرے ساتھ ابھی کالام بھاگ چلو....دو بول.. دور ہو بس مجھ سے.....ان دو بولوں کا فاصلہ مختصر کر دو....اج سے پہلے.. میں نے محسوس ہی نہیں کیا تھا.. کہ.. وجود میں دل بھی.. کوئی شے ہے....مجھے لگتا تھا یہ بس بے حس لو تھڑا ہے...

مگر جب سے.. تمھیں دیکھا ہے عابیر مجھے لگتا ہے...یہ یہ...سانس لینے لگا ہے..اسکی دھڑکنیں کانوں میں گونجتی ہیں..مجھے نشہ..سا چڑھ جاتا..ہے...سب سے مہنگی

شراب پیتا ہے.. تمھارا یہ مرید.... مگ...اب ایسا لگتا ہے...جب میرے پاس.. تم ہو...تو.. یہ سب وقتی چیزیں.. بے وقتی ہو گئیں ہیں.. سمجھ رہی ہو نہ....."وہ دھیرے دھیرے اسے سمجھاتا...

کافی پیارا لگ رہا تھا.. مگر عابیر...پر.. آج ہی سارے حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹنے تھے...

اسکا اپنے بال سنوارا ہاتھ.. اسنے جھٹکا دیا.. اور اس سے دور کھڑی ہو گئ....

عابیر کے اس وقت ہاتھ پاؤں بری طرح کانپ رہے تھے.... ایسا نہیں تھا وہ اس سے ڈر گئ تھی.. بس اس وقت.. اس سے اپنا آپ سمبھل نہیں رہا تھا.....

بہرام ڈھٹائ سے مسکرایا.....

معلوم نہیں تھا.. ملاقات اتنی خوبصورت ہو گی..."وہ...چند لمحے پہلے کی جانے والی اپنی حرکت کو باور کرا رہا تھا...عابیر.. نے نفرت سے.. اسکو دیکھا....

جبکہ.. اسکا قہقہ اٹھا...

آف یہ ادائیں......ڈاکا ڈل گیا.... سرکار...ڈاکا..."کہتے ساتھ ہی.. اسنے... بالوں میں



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہاتھ پھیرہ..اوراس پائپ کو دیکھا..جہاں سے وہ چڑھا تھا..

چلتا..ہوں سائیں دل تو نہیں کر رہا ویسے..مگر کل او..گا...ابھی ایک ضروری..کام بھی ہے...

مجھے یاد کرتی رہنا مجھے اچھا لگے گا" وہ اسکا گال تھپتھپا کر...دوبارہ اس راستے...اتارنے لگا جبکہ عابیر..وہیں بیٹھتی چلی گئ..

یہ سب کیا تھا...

کیا اسنے ایک خوفناک خواب دیکھا تھا...

شاید..ابھی اسکی جھٹکے سے آنکھ کھلے..اور وہ اپنے بستر پر ہو...

شاید یہ خواب ہو..مگر ایسا کچھ نہیں تھا..کچھ دیر بعد گاڑی کی آواز آئ..اور پھر وہ گاڑی دور جاتی محسوس ہوئ جبکہ عابیر کا دل سچ میں حلق میں آگیا تھا...

.................ے

حیدر کے ساتھ شہر آتے ہوئے..اسے اپنا آپ مردہ محسوس ہو رہا تھا...

کیا خوشیوں کی مدت اتنی قلیل ہوتی ہے.... کیا اسے اتنی ہی محدود مدت کے لیے خوشیاں ملنی تھی....

ہوسپیٹل... میں داخل.. ہوتے ہوئے.. حیدر نے اسکا ہاتھ تھام لیا تھا.. اسکا ہاتھ برف کی مانند سرد تھا....

گھر پر کسی کو بتانے کی اسنے زحمت نہ کی تھی اور دو دن سے ارمیش کو کمرے سے باہر بھی نہیں نکلنے دیا تھا اول تو اسے کسی کا خوف نہیں تھا.. مگر جتنی سہولت سے یہ کام ہو جاتا اتنا بہتر تھا...

ارمیش کے آنسو جھرنے کی طرح متواتر بہہ رہے تھے...

وہ بے بسی کی آخری انتہا کو چھو رہی تھی.. کہیں دل میں اگر اسکے لیے.. محبت کی رمک باقی تھی.. تو وہ شاید آج دم توڑ جاتی.. اور اسکے بعد ان دونوں کے درمیان صرف نفرت کا رشتہ رہ جاتا....

وہ اسے ایک روم میں لے آیا تھا.. یہ ہوسپیٹل بہت خوبصورت تھا.. اگر.. وہ اس

www.novelsclubb.com

غم کو اپنے ساتھ لے کر نہ آتی تو ضرور یہاں کی خوبصورتی.. سے چکا چوند رہ جاتی..

مگر.. اسکی اولاد چند گھنٹوں بعد اسکے وجود کا حصہ نہ رہتی.. اس سے برا... دکھ اور کیا ہو سکتا تھا...

اور قاتل بھی باپ.....

یہ.. کیسا ستم تھا....

وہ.. ہوسپیٹل.. کے روم... میں.. سرخ.. چہرے... اور سوجی ہوئی.. آنکھوں سے.. سامنے.. کھڑے حیدر کو دیکھ رہی تھی.. جو ڈاکٹر سے بات کر رہا تھا..

مگر مجھے نہیں لگتا سر آپکی وائف اس چیز کے لیے تیار ہیں..." ڈاکٹر نے ارمیش کو دیکھتے ہوئے کہا..

دیکھیے آپ سے مشورہ نہیں مانگا ہم نے... آپ کے علاوہ بھی بہت ڈاکٹر.. مل جائیں گے ہمیں.. تو بہتر.. یہ ہی ہے.. آپ.. چپ چاپ اپنا کام کریں" وہ اپنے مخصوص اڑیل لہجے میں بولتا.. ارمیش.. کے دل کو کئی ٹکڑوں میں تقسیم کر گیا...

اسنے ہار مان لی. دل ہی دل میں ...اپنے بچے کے آگے ہاتھ جوڑ.. کر.. معافیاں مانگیں کے وہ بے بس تھی....

اسنے بے دردی سے...اپنے آنسو صاف کیے یہ آخری بار تھا بس...اور پھر نرس نے...اسے بیڈ پر لیٹایا..

جبکہ حیدر ایک نظر...دیکھ کر باہر نکل گیا...

ڈاکٹر نے اسے اپنے روم میں آنے کو کہا....

تو وہ..بے زار سا..اسکے روم میں چلا گیا....

آئیں حیدر صاحب پلیز بیٹھیں" ڈاکٹر نے اسے..کرسی کی طرف اشارہ کر کے کہا..

میڈیم آپ کیا چاہتی ہیں" حیدر کو اب غصہ آنے لگا...

سر پلیز...میں آپ سے تھوڑی سی بات کرنا چاہتی ہوں...اگر..آپ کو ٹھیک لگے..تو

بات کریں جلدی" حیدر نے اسکی بات کاٹ دی...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

دیکھیں سر.. آپکو یہ بیبی نہیں چاہیے...بٹ سچویشن ایسی ہے.. کہ اگر میں نے.. یہ کام کیا تو آپکی بیوی...پوری عمر کے لیے شاید دوبارہ ماں نہ بنے" ڈاکٹر نے تحمل سے اسے سمجھایا..

حیدر ایک پل کے لیے چونکہ...کچھ ہی سیکینڈز میں اسکی چہرے پر.. معمولی سا پسینہ ایا...

اور پھر بس چند لمحوں بعد وہ نارمل ہو گیا...

یہ آپکا مسلہ نہیں.. اپکو کس خوشی میں ہمدردی ہو رہی ہے" وہ غصے سے بولا.. تو ڈاکٹر تاسف سے اسے دیکھنے لگی..

اگر آپکو یہ بچہ نہیں چاہیے تو آپ.. کسی اور کو یہ بچہ دے سکتے ہیں.. جیسے ہی آپکی وائف کے نو ماہ پورے ہوں گے فل سیکیورٹی کے ساتھ...ہم یہ کام کر لیں گے"...

ڈاکٹر اصل بات پر ائی

آپ چاہتی کیا ہیں میں کسی دوسرے ہسپتال چلا جاو گا....

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آپ سے صرف یہ کہا ہے مجھے یہ بچہ نہیں چاہیے... پھر مقصد فضول گوئی کا" وہ ہتھے سے اکھڑا.. تبھی دروازہ ایکدم کھل کر کوئی اندر آیا.. تھا... اور اسکے قدموں میں بیٹھ گیا... وہ کوئی لڑکی تھی...

پرانی سی چادر میں... وہ حولیے سے کافی.. بے بس لگ رہی تھی حیدر.. ایکدم اٹھا.. ڈاکٹر.. کی آنکھ نم ہوئی..

در حقیقت... اس لڑکی کی ساس نے... اس کو دھکا دے کر.. اسکے.. چار ماہ کا بچہ مار دیا.. جبکہ اس لڑکی کا شوہر... بھی بیرون ملک تھا...

اور اب دو ماہ گزر چکے تھے جبکہ وہ لڑکی دوبارہ ماں نہیں بن سکتی تھی.. تبھی وہ پیچھلے دو ماہ سے... ہسپتال کی دہلیز سے چمٹ کر رہ گئی تھی..

اور جب حیدر کی بات.. غلطی سے ڈاکٹر نے اسکے سامنے رکھی.. تو.. وہ.. اس شخص کے پاوں پڑنے کو بھی تیار تھی.. اسکا شوہر بھی خاصا دکھی تھا اپنے بچے کے لیے جبکہ.. اسکی ساس نیم پاگل سی تھی....



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اور وہ دونوں ہی بچہ اڈوپٹ کرنا چاہتے تھے تبھی ڈاکٹر نے حیدر کے سامنے یہ بات رکھی تھی..

خدا کے لیے.... مجھ پر رحم کھاو... میں ماں نہیں بن سکتی.. اللہ تمھیں بہت دے گا....

مجھ سے یہ دکھ نہ سمبھالا جا رہا..

وہ بچہ تمھیں نہیں چاہیے... قتل مت کروا سکا....

مجھے دے دو... یقین مانو... سگی اولاد سے بڑھ کر چاہو گی...

بس مجھے دے دو..."

حور"

حیدر کے قدموں تلے زمین کھسک چکی تھی... یہ آواز... جس کے لیے.. دو سال سے وہ ترس رہا تھا....

وہ اپنے ہی قدموں پر لڑکھڑایا تھا...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

لڑکی نے سر اٹھایا....اسکی آنکھیں بری طرح سوجی ہوئیں تھیں... جبکہ.. چہرہ برسوں کا بیمار لگتا تھا... حور کے ہاتھ بھی جیسے وہیں تھم گئے...

وہ دونوں ایک دوسرے کو ایسے تک رہے تھے.. جیسے.. پیاسا کنواں کو...

ڈاکٹر.. بھی نا سمجھی سے دیکھ رہی تھی دونوں کی ہی آنکھوں میں شناسائی کی رمک تھی....

حیدر" حور کے لب بے آواز پھڑ پھڑائے...تھے

..................

حویلی میں دوپہر اتر چکی تھی...

کالام کی فضا ویسی ہی تھی جب کے سب.. کام ویسے ہی چل رہے تھے.. ارمیش دو دن سے.. زنان خانے میں نہیں آئی تھی اگر تیسرے دن بھی نہ آتی تو.. تب بھی.. چاہ کر بھی کوئی نہیں پوچھتا....

نین اپنے کمرے میں ہی تھی...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جبکہ انوشے...اور نیہا..اپنے روم میں...باقی سب بھی کھانے کے بعد اپنے اپنے رومز میں تھے...

نین کو جب محسوس ہوا کہ باہر کوئی نہیں..تو..وہ دروازہ کھول کر باہر آئی..اور سناٹے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے وہ تیزی سے مردان خانے کیطرف بڑھی تھی..

خوشقسمت ہی تھی کہ..وہاں پر بھی کوئی نہیں تھا...

وہ...احمر کے کمرے کیطرف بڑھی آج پھر اسنے بنا سوچے سمجھے ایک اور بڑا قدم اٹھایا تھا...جس کا معلوم نہیں کیا انجام ہونے والا تھا....

وہ احمر کے کمرے میں آئی تو..وہ خالی تھا..اسنے کوفت سے سر جھٹکا خوف بھی محسوس ہوا زیادہ دیر وہ یہاں رک کر اپنے لیے عذاب نہیں کرنا چاہتی تھی..

تقریباً..بیس منٹ بعد دروازہ کھلا...اور احمر مصروف سا کچھ ڈاکومنٹس دیکھتا اندر داخل ہوا..اور بیڈ پر...اپنا چہرہ نقاب میں چھپائے نین کو دیکھ کر

.اسے بری طرح جھٹکا لگا..دو دن بعد انکی رخصتی تھی...اور..اب...

اسنے.. دروازہ لوک کیا... کیونکہ باہر اب سب آچکے تھے.. اور ہال روم میں بیٹھ کر

ہی.. سب...اب.. داجی سے گفتگو کرتے....

آپ اتنی جزباتی کیوں ہیں" وہ اپنا غصہ دباتا... بولا...

سنو چھوٹے.... "وہ بغیر لحاظ کے اٹھی...

احمر "احمر نے ناگواری سے ٹوکا...

چھوٹے" وہ پھر دوبادو ہوی...احمر کلس ہی گیا... مگر اب کچھ نہ بولا....

میں یہاں ایک پل نہیں رہنا چاہتی...

تم مجھے آج رات ہی.. یہاں سے لے کر جارہے ہو.. سمجھے" وہ...اسکو خاموش دیکھ

کر..تڑی...دینے لگی..

احمر تو غش کھا گیا....

آپکا دماغ ٹھکانے پر نہیں.. حویلی کے علاوہ.. کہاں جائیں گے" وہ...کچھ نارمل سا

ہوا..اور..ڈر بھی لگا کہ کوئ آنہ جائے...اور اس سر پھری لڑکی پر غصہ الگ آرہا



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھا..

میرا دماغ اب ٹھکانے پر آچکا ہے....

مجھے یہاں نہیں رہنا.. کس قدر بے زمیرے ہو تم.. ساری زندگی نانکے کے ٹکڑوں پر پلتے رہے اب.. مجھے بھی یوں ہی رولنے کا ارادہ ہے تو سوچ ہے تمھاری

"وہ چلائ...احمر اسے.. دیکھ کر رہ گیا...

وہ کسی کے دل کے ٹوٹنے کا احساس کیوں نہیں کرتی تھی...

نہیں میں آپکو ایسی زندگی نہیں دوگا.. مگر جلد بازی...غلط قدم ہے" احمر اب بھی پر سکون تھا جبکہ نین کو اسکا سکون زہر لگا...

تم اگر مجھے یہاں سے نہ لے کر گئے تو.. میں بھاگ جاوگی. مگر دا جی کو خوش ہونے نہیں دے سکتی..انھوں نے حویلی کی لڑکیوں کو گاجر مولی سمجھ لیا ہے کہ..انکے حکم پر سر جھکا لیں..ایسی چوٹ دے کر جاوگی کہ..یادرکھیں گے"

وہ غصے سے سرخ ہوتی....اس وقت اپنے آپے میں نہیں لگ رہی تھی

نین آپ ہوش میں تو ہیں.. "احمر اسکے ارادے جان کر پریشان ہوا اٹھا...اچانک ہی اسنے نین کو دونوں شانوں سے تھام کر جھنجھوڑا... تو نین کا حجاب کھل گیا...احمر وہیں تھم گیا.. نین بھی جز بز ہوئی اور فوراً اس سے دور ہوی

بیہودہ انسان.. "وہ غصے سے...تپ اٹھی..احمر. دور ہوا..

آپ ایسا کچھ نہیں کریں گی "احمر نے کہا تو.. نین نے گھورا...

تم مجھے نہیں روک سکتے.. یہ تو اب میں کروں گی..اور دیکھتی ہوں کون مجھے روکتا ہے "وہ باہر نکلنے لگی..

نین کیا ہو گیا ہے آپکو...

اپکی یہ حرکتیں جانتیں ہیں آپکو کس مصیبت میں ڈال دیں گی "وہ...اسکا ہاتھ تھام گیا....

تمھیں میرے سر ڈال کر مصیبت توڈال دی..اب..جو میرا دل کرے گا میں وہ کروں گی.. میرا سکون برباد کر کے تم اور داجی سکھ سے جی لو گے تو.. یہ تمھارا وہم


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہے۔۔۔۔۔۔"وہ سنجیدگی سے کہتی۔۔اپنا ہاتھ چڑھا گئی۔۔۔

اتنا بھی برا نہیں ہوں میں نین"احمر۔۔۔کے دل کو کچھ ہوا تھا۔۔دکھ الگ تھا۔۔کہ اس لڑکی کے پاس اسکے لیے گنجائش نہیں۔۔۔۔

بے زمیر ضرور ہو۔۔۔اور یہی بات تم سے نفرت دلاتی ہے۔۔۔"وہ کہہ کر۔۔اسکا ہاتھ جھٹک کر۔۔وہاں سے نکلی۔۔۔احمر ساکت تھا۔۔۔۔

اتنی نفرت۔۔۔وہ تو۔۔اتنی محبت کرتا تھا اس سے۔۔کہ۔۔اسکی آنکھیں چیخ چیخ کر اسکے عشق کی گواہی دیں۔۔اور۔۔اسکے دل تک اسکی پکار پہنچ ہی نہیں رہی تھی۔۔۔۔اسنے۔۔۔ اپنے جزبات کو پرے دھکیل کر سب سے پہلے باہر دیکھا۔۔۔شکر تھا کہ ہال میں کوئی نہیں تھا۔۔مگر اسکو اپنے قدم من من بھاری لگے

.................

معاویہ داجی کے کہنے پر سامان۔۔لے آیا تھا۔۔اور وہی دینے۔۔وہ۔۔زنان خانے میں آیا۔۔تو۔۔۔وہاں۔۔۔تو کوی نہیں تھا اسے غصہ الگ آیا۔۔۔ تبھی وہاں سے نین گزری۔۔۔


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ایک فولادی نظر معاویہ پر ڈال کر...وہ..وہاں سے طوفان کیطرح گزر گی..

معاویہ..تو..اس ادا پر محظوظ بھی نہ ہو سکا کہ..اب..وہ صرف لڑکی نہیں تھی احمر کی بیوی تھی...

اسنے..سامان وہیں پٹخا..ساری رات داجی کی جان..بہرام نے برباد کی..اور صبح ابھی آنکھ بھی نہ کھلی تھی..داجی کے اڈرز آ گئے..

وہ ابھی پلٹتا..کہ کوی گنگناتا..ہوا...پیچھلے لون میں سے گزرا...معاویہ کو..وہ گنگناہٹ..بہت بھلی لگی مگر اگنور کرتا ابھی وہ آگے بڑھتا..کہ..وہ جو بھی تھی ہال میں آ گی....

www.novelsclubb.com

اور اچانک معاویہ کو دیکھ کر..اسکی چیخ نکل گئ...

معاویہ کے تیور بگڑے....

ایک تو نیند بہت آ رہی تھی..اوپر سے وہ کوئ بھوت تھا جو اسکو دیکھ کر چیخ ماری جاتی..

اس سے پہلے وہ.. پری وہاں سے بھاگ اٹھتی.. معاویہ کی آواز نے اسکے قدم پکڑ لیے...

نام کیا ہے تمھارا" وہ سنجیدہ سا بولا...

انوشے... کا دم نکلنے لگا.. اسنے اچھی طرح خود کو دوپٹے سے ڈھانپ لیا...

کچھ پوچھا ہے میں نے زبان کرا یے پر دی ہے" وہ پھر بولا.. مگر انوشے کے الفاظ حلق میں ہی دم توڑ رہے تھے جبکہ.. خوف الگ تھا.. ویسے ہی وہ حویلی کے مردوں سے خوب ڈرتی تھی...

بولتی ہو.. یہ.... تمھارا سر پھوڑوں" اسنے واس اٹھا کر.. انوشے پر جیسے ہی تانا....

بڑی بڑی آنکھیں خوف سے پھیل گئیں جبکہ.. ان میں موٹے موٹے آنسو... ہاتھ کانپ اٹھے اور ہاتھوں کی کپکپاہٹ نے... اسکے ہاتھ سے.. نقاب چھڑوا دیا... معاویہ اس نو عمر کلی کو غور سے دیکھنے لگا....

جس کے چہرے کا ہر نقش اپنی مثال آپ تھا...

ماشاءاللہ "اچانک اسکے منہ سے نکلا...

اور واس سائیڈ پر رکھ دیا... لبوں پر مسکراہٹ.. آ گئ...

نام بتاو" مصنوعی بل ڈالے پوچھا.. خود سے خوف کھاتی وہ لڑکی اسے بہت اچھی لگی.. اندازا اتو ہو گیا تھا کہ وہ انوشے ہے.. کیونکہ.. نین سے چھوٹی.. وہی تھی.. اور.. حویلی کی سب سے چھوٹی.. لڑکی تھی.. اور اسکا چہرہ معصومیت چیخ چیخ کر یہ بات کہہ رہی تھی کہ وہ وہی ہے..

ان... نوشے " بمشکل بولی...

اٹک کیوں رہی ہو" وہ غصہ کرتا اسکے نزدیک ہوا... انوشے نے قدم پیچھے لیے... رونا الگ آ رہا تھا...

وہ بچوں کیطرح ہونٹ نکال کر سسکنے لگی..

یہ عادت اس میں اور ارمیش میں ہی تھی...

معاویہ" معاویہ نے اپنا تعارف کرایا.. انوشے نے چونک کر اسکو دیکھا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

معاویہ محظوظ ہوا....

اور پھر.. اسنے ارد گرد دیکھا.. اور.. اوپر دوڑ لگادی جبکہ.. معاویہ ابھی اسے اپنی نظروں سے دور نہیں کرنا چاہتا تھا...

مگر وہ جاچکی تھی..

یہ بھی ٹھیک ہے.. بغل.. میں حسن پڑا تھا.. ہم شہر کے چکر لگاپے نہیں تھکتے" وہ... بڑبڑاکر سر پر ہاتھ مارتا ہوا.. مردان خانے کی جانب چلا گیا..

...............

گاڑی تیزی سے.. کالام کے راستے پر سفر کر رہی تھی جبکہ ارمیش... خاموش بیٹھی تھی اور حیدر کے لبوں پر.. مسکراہٹ تھی مگر وہ مسکراہٹ بلکل بھی واضح نہیں تھی...

آب سے گزرے پیچھلے چند گھنٹوں کو یاد کر کے.. اسکی... تکلیف کا احساس دو بالا ہو گیا تھا... اسے اپنا اپ جیسے اب بلکل بے کار لگا جیسے اسکی ضرورت اسکی.. اہمیت...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کچھ نہیں تھی..زندگی میں جینے کو.... پہلی بار اسنے لب کشائی کی...اپنے حق کے لیے وہ اسکے سامنے ڈٹی... جبکہ اسنے اسکو..نئے سرے سے توڑ دیا...آج اسکے توڑنے میں بدلا و یہ.. تھا کہ وہ آگ..جو وہ چھپائے بیٹھا تھا اسکی رمق نہیں تھی...

آج کسی کی چاہت کو پورا کر دینے کا..جوش تھا....

چند گھنٹے پہلے....

جب...روم میں دوبارہ کوی ڈاکٹر یا... حیدر خود بھی نہ آیا..تو..وہ..اٹھ کر..روم سے باہر آ گئی..

لوگوں کی بھیڑ میں وہ تنہا اسے ڈھونڈتی پھیر رہی تھی..

کیا وہ اسے چھوڑ گیا تھا..

مگر وہ کہاں گیا تھا..وہ کیوں چلا گیا تھا....

اسے راستہ سجاہای نہیں دے رہا تھا

..وہ کہاں جائے پہلے کبھی..وہ..یوں کب نکلی تھی گھر سے..وہ سیدھی چلتی جا رہی


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھی..

ایک بار پھر آنسو نکل آئے تھے.. ہونٹ.. بھی نکلنے لگے تھے.. وہ اسقدر معصوم لگ رہی تھی.. کہ کوئی بھی اسپر فدا ہو جاتا.. مگر وہ شخص تو آنکھیں بند کیے ہوئے تھا...

وہ.. چلتی چلتی باہر اگئ...

جبکہ... حیدر اب بھی نہیں دیکھا تھا.. ہوسپیٹل سے نکلتے ہی بہت بڑا لون تھا... وہ لون کے چار واطراف دیکھنے لگی.. ابھی وہ.. بقائدہ رونا شروع کرتی کہ.. ایک کونے میں بنچ پر بیٹھے حیدر اور اس سے کچھ فاصلے پر بیٹھی ایک لڑکی کو دیکھ کر وہ وہیں ٹھر گئ....

ستم پر ستم تھا.....

وہ حور تھی....

حالانکہ پہلے کبھی اسکو دیکھا نہیں تھا... مگر حیدر کی آنکھیں.. گواہی دے گئیں تھیں.....



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نہ جانے اسکے قدم کیسے انکی طرف خود بخود اٹھنے لگے....

اور وہ حیدر کے سامنے جا کھڑی ہوئ... کسی گڑیا کی مانند جو...ریموٹ سے چلائ

جائے...

سفید چادر کے حوالے میں سندھر معصوم سا مکھڑا دیکھ.. حور..ایک پل کو..

چونکی....

ارمیش یوں ہی کھڑی تھی...

یہ...ہماری..بیوی ہے ارمیش" اسنے کچھ اٹک کر اسکا تعارف کرایا...

حور مسکرادی..

بہت پیاری ہے..."مگر مسکراہٹ میں جلن کا انثر واضح تھا....

تم سے زیادہ نہیں."حیدر...نے اسکا ہاتھ تھاما.... حور نے حیرت سے ارمیش کو..

پھر حیدر کو دیکھا..ارمیش اب بھی یوں ہی کھڑی تھی..

تم ادھر بیٹھو ہم آتے ہیں" حیدر...نرمی سے کہہ کر.. حور کو لے کر..کچھ فاصلے پر

چلا گیا...

ارمیش وہیں بیٹھ گئ..اسکے کانوں میں حیدر کی آواز آرہی تھی...

تم نے ہمارا انتظار نہیں کیا.."وہ تڑپ کر بولا تھا..

کیا تھا..بہت کیا تھا مگر تم نہیں آئے"مقابل بھی شکواہ کناہ تھا...

اسنے انکی طرف نگاہ نہیں اٹھائ تھی..وہ..دل کی دھڑکنوں کا شور سن رہی تھی...

جو اسے سمجھ آرہا تھا..وہ حقیقت کے روپ میں نہیں دیکھنا چاہتی تھی...

کچھ دیر..وہاں سے آواز نہیں ای...

بر حال جو گزر گیا..اسکو بدلہ نہیں جا سکتا...ہمارے راستے جدا ہیں صرف تمھاری وجہ سے...."وہ رکی کچھ دیر کے لیے...

تم اپنی بیوی کے ساتھ خوش رہو..."اسکی پھر سے آواز آئ مگر آنسوؤں کے ساتھ..

کس نے کہا ہے ہم خوش ہیں ہم خوش ہوتے تو اپنے بچے کے ساتھ ایسا نہ کرتے دو سال... گزر گئے ہمیں اسی کشمکش میں...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اور تم ہمیں کہہ رہی ہو.. کہ اب تمھارے ملنے کے بعد بھی ہم پیچھے ہٹیں ناممکن..

ایسا کبھی نہیں ہو گا.. حور تم ہماری ہو.."

ارمیش.. کا دم گھٹنے لگا.... کتنا پیار تھا اسے اس سے..

کوئی.. اتنا... ظالم کیسے ہو سکتا ہے....

کیا وہ اس سے دور نہیں جا سکتا تھا.. وہیں اسکے پاس کھڑے ہو کر.. وہ کسی ورق کی

طرح.. اسکو پھاڑ رہا تھا... بے رحمی سے...

تمھاری بیوی پاس ہی ہے" حور جز بز ہو کر بولی...

وہ صرف بیوی ہے.. اور تم ہمارا چین سکون.. ہماری محبت.. ہمارا عشق ہو" حیدر..

کی آواز میں جان لیوا.... مان تھا... یقینی طور پر حور کو.. اپنا آپ خوشقسمت لگا تھا....

حیدر... ہم ایک نہیں ہو سکتے" وہ پھر بولی... ارمیش... نے اپنا سر دونوں ہاتھوں میں

تھام لیا....

اسے چکر آنے لگے تھے طبعیت... جیسے نڈھال ہو گئ تھی...

ہم ایک ہو سکتے ہیں تم ہم پر سب چھوڑ دو.... "وہ پھر بولا..

میں ماں نہیں بن سکتی "حور جھنجھلای...

مجھے فرق نہیں پڑتا... کیونکہ ہم باپ بن رہے ہیں.... "یعنی فیصلہ ہو گیا تھا.. اسکا ڈر سامنے تھا.. ارمیش نے سرخ آنکھیں کھولیں....

ہاں ہمارا بچہ تمھارا بچہ ہی تو ہے... تم نے.. صرف ایک بچے کے لیے اپنا کیا حال کر لیا....

تم ہی اسکی ماں ہو.... وہ ہمارا بچہ ہو گا "اسنے بڑی چاہت سے.. جیسے.. اسکو.. سکون اور ارمیش کو بے سکون کیا تھا...

www.novelsclubb.com

مگر تمھاری بیوی "حور.. بھی خود غرضی کی انتہا پر تھی..

اسے کوئ مسلہ نہیں... فکر مت کرو "حیدر... کا لہجہ سرد تھا...

حور نے شاید اسے بے یقینی سے دیکھا تھا.. ارمیش.. کو انکے قدموں کی چاپ.. اپنے نزدیک محسوس ہوئ...

اور.. وہ دونوں اسکے.. سامنے آ کھڑے ہوئے...

ارمیش کی نگاہ انکے ہاتھوں پر ٹھر گئ جو حیدر نے تھام رکھے تھے....

خانم... یہ بچہ... ہمارا ہے.. ہم اس کے بارے میں فیصلے کا پورا اختیار رکھتے ہیں...

کوئ. مسلہ تو نہیں" اسنے پہلی بار.. اسسے سوال کیا تھا اسکی مرضی اپنا اختیار دیکھا کر پوچھی تھی...

ارمیش نے حیدر کیطرف دیکھا...

میں اپنا بچہ کسی.. ایرے غیرے کو نہیں دوں گی سائیں....

اس سے بہتر ہے.. مروادیں آپ" وہ سنجیدگی سے ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولی....

حیدر... حیرانگی سے.. اسکے لہجے کی مظبوطی.. اور اسکی اتنی زبان درازی دیکھنے لگا....

حور نے طنزیہ نظریں حیدر پر ٹکائیں..

اور حیدر کی مردانگی نے بھرپور جوش مارا تھا....

اسکی محبوبہ کے سامنے اسکی بیوی نے اسکی ولیو ٹکے کی کردی تھی...

ایک لمحہ.. صرف ایک لمحہ لگا تھا...ارد گرد بیٹھے کئ لوگوں نے..ارمیش کے منہ..

ہر چھاپ چھوڑ دینے والے طمانچے کی گونج سنی تھی.. مگر ارمیش اپنی جگہ سے ٹس

مس نہیں ہوی..

حور کو ایک گونا گو سکون ملا..اسنے..اسکی خامی..پر ٹونٹ کیا تھا...

خانم یقین مانو ہمیں یقین نہیں آرہا" حیدر نے اسکا.. منہ جکڑا..ارمیش اسی طرح

بے تاثر رہی..

تمھیں تو ہم اچھے سے بتائیں گے" وہ اسکی آنکھوں کی بغاوت.. کو اگنور کرتا حور..

کی جانب لپکا جو اس سے جان چھڑا کر.. جارہی تھی..

حور..." حیدر بولا...

ارمیش دھندلائ آنکھوں سے اسکو دیکھنے لگی..

تمھاری بیوی نے میری بے عزتی کی ہے..." حور چیخی لوگ تماشہ دیکھ رہے تھے...

وہ بچہ تمھارا ہے....


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

یہ وعدہ ہے ہمارا.. اور اسنے جو کیا.. اسکا سبق...اسکو بہت سخت ملے گا.. تم پریشان مت ہو.. چلو ہم تمھیں گھر چھوڑ دیتے ہیں..." اسنے.. کہا.. تو... حور...اپنے زمیر.. کی جائز آواز کو دباتی بہت کچھ سوچتی.. حیدر کے ساتھ ہولی.. جبکہ ارمیش نے.. اگلے ڈیڑ گھنٹے حیدر کا اسی بینچ پر بیٹھ کر انتظار کیا.. اس تھپڑ نے اسکا ہونٹ پھاڑ دیا تھا لوگ تاسف سے کچھ پل اسے دیکھ کر ادھر ادھر ہو لیے.. جبکہ وہ.. بے حس و حرکت تھی.

ڈیڑ گھنٹے بعد وہ اسے کھینچتا ہوا اپنے ساتھ گاڑی میں لے آیا..

بہت زبان کھل گئ ہے

میری حور کو تاناد وگی.. تم تم..." بیٹھتے ساتھ ہی.. محاسبہ شروع ہو گیا تھا.. اسنے.. دو تھپڑ مزید رکھ دیے.. ارمیش...یوں ہی بیٹھی رہی.. شاید اسکے جزبات مر چکے تھے.. اسے تکلیف نہیں ہو رہی تھی....

وہ اپنی بھڑاس اسپر اچھے سے نکال کر.. اب باقی حساب گھر.. جا کر لینے پر وارن

www.novelsclubb.com

کرتا...کالام کے راستوں پر ہو لیا تھا...

لیکن وہ شاید بے خبر تھا..اب وہ...پرانی ارمیش کو دفن کر کے..نئی ارمیش کو ساتھ لے جا رہا تھا....

جو جلد ہی اسکی ہمتیں توڑ...دینے والی تھی...اسکو خبر ہونے تک....

..................

احمر..کونین کی دھمکی سے نہ چاہتے ہوئے بھی خوف آ رہا تھا..

یہ تو اسے کچھ ہی دنوں میں پتہ چل گیا تھا کہ وہ شدید جزباتی لڑکی ہے..اور اپنا کہا پورا کرنے کو کسی بھی حد تک جا سکتی ہے..تبھی..وہ..داجی کے کمرے کیطرف بڑھا..اس سے پہلے...کوئی غلط قدم اسے داجی کی بندوق کا نشانہ بناتا...ایسا نہیں تھا..

وہ..کسی سے ڈرتا تھا...اس کی تربیت داجی نے کی تھی...

اور...یہاں کوئی کسی سے ڈرتا نہیں تھا..اپنی من مانی عام تھی مگر...داجی..کا کنٹرول سوائے بہرام کے سب پر تھا...

اسنے دروازہ کھٹکھٹایا....

تو اندر سے.. اندر آنے کی اجازت ملی.. اور وہ اندر آگیا....

سلام داجی "اسنے سلام کیا تو داجی نے.. اسکی جانب دیکھ کر سر ہلا کر سلام کا جواب دیا..

وہ بہت کم انکے پاس آتا تھا...

ان کے لیے.. یہ چونکنے کی بات تو تھی مگر.. انھیں اپنے تصورات پر کمال کنٹرول حاصل تھا...

داجی... وہ میں "اسنے بولنا شروع کیا.. تو وہ.. ساری توجہ اسکی جانب مرکوز کر گئے..

کیا کہنا چاہتے ہو خان.. کھل کر کھو.. عورتوں کی طرح اٹکنا نہیں سکھایا ہم نے تمھیں "وہ کڑے لہجے میں بولے تو اسنے تھوک نگلا..

داجی میں رخصتی کے بعد... حویلی میں نہیں رہنا چاہتا...

میں میں.. خود.. اپنے قدموں پر کچھ کرنا چاہتا ہوں.. اور نین خانم کو.. بھی...

بس.. "داجی.. کی دھاڑ پر وہ تقریباً اچھلا ہی تھا...

آخر کو اسکو پالا تھا وہ جانتے تھے.. کون کیا ہے...

کس کی زبان بول رہے.. ہو.. احمر خان.... اس بدزات کی اتنی جرت.. کے وہ مردان خانے میں تم سے ملنے.. اور یہ درس دینے پہنچ گئ" وہ چنگھاڑے.. احمر.. تو شاکڈ رہ گیا.. انھوں نے کتنا پرفیکٹ اندازلگایا تھا..

ایسا نہیں ہے داجی.. یہ میری اپنی خواہش ہے... مورے.. اور نین میری زمہداری ہیں اور میں.. انھیں نبھانا چاہتا ہوں" وہ مظبوط لہجے میں انکی بات کی نفی کرنے لگا..

تین سال کے تھے خان.. جب ہماری گود میں آئے....

تب.. سے.. ہماری آنکھوں کے سامنے ہو... ہمیں یہاں رہنے والے ہر فرد کا پتہ ہے.. کہ وہ کتنے پانی میں ہے...

آج سے پہلے تو نہ سوچا یہ سب... پھر آج یہ خیال اچانک.. آگیا... احمر سائیں..

ہمارے ساتھ سیاست نہیں چلے گی.. اس گستاخ لڑکی.... کا ہم حشر بگاڑ دیں گے..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"وہ غصے سے بولتے اٹھے....

داجی.. داجی.. کہاں جارہے ہیں "احمر پریشانی سے انکے پیچھے لپکا مگر انھیں روکنا اسکے بس میں نہ تھا....

عظیم خان.. "داجی.. مردان خانے کے ہال میں للکارے..

جی... باباسائیں "وہ فوراانکے قریب... ہوے...

سن لواپنی بیٹی.. کے کرتوت....

احمر خان کو.. حویلی چھوڑنے پر اکسارہی ہے "وہ غرایے.. رفتہ رفتہ سب ہی باہر نکل آیے.. اوراس بات پر سب کے منہ کھل گئے...

معاویہ کادل کیا نین کوٹروفی دے آئے.. بھئ... کیا لڑکی تھی...

مگر احمر.. حویلی چھوڑتا یہ توکسی کو منظور نہیں تھا...

عظیم خان نے کچھ دیر خود پر قابو پانے کی کوشش کی اور پھر زنان خانے کیطرف.. چل دیے داجی بھی ساتھ تھے.. جبکہ احمر... کو.. اپنی سب سے بڑی غلطی کا احساس


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہو گیا...

اس سیلاب پر بندھ بس ایک انسان باندھ سکتا تھا... وہ بہرام کے کمرے کیطرف بڑھا.... جبکہ معاویہ بھی اسکے پیچھے ہوا..

...............

نین خانم کو بولاو.... پوچھ ہی لیں اس سے اتنی پنچ تربیت کی ہے.. تم نے.. اسکی... خانم کے وہ مردان خانے میں منہ اتھا کر.. پہنچ جاتی ہے...اور احمر خان کو حویلی چھوڑنے پر اکسا رہی ہے" عظیم خان...اپنی بیوی.. پر دھاڑے.. شاید ان سب کا زور بس اپنی عورتوں پر چلتا تھا.. جبکہ وہ سب مرد ایک دوسرے کے لیے لڑنے مرنے تک کو تیار تھے...

انوشے اور نیہا.. تو کچن کی اوٹ میں چھپ گئیں آج پھر نین کی وجہ سے عدالت لگی ہوی تھی باقی.. سب بھی حیران حونک تھیں.. جبکہ پھوپھو... کی آنکھ نم ہوئ تھی...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بی جان بھی ورطہ حیرت تھیں...

داجی کے حکم پر درخنے... نین کے کمرے کیطرف دوڑی.. آج.. وہ اس لڑکی کا دماغ

درست کر دینا چاہتے تھے...

درخنے کو پریشان حال دیکھ کر.. نین کو جو خود بھی دروازے سے کان لگائے سن

رہی تھی..ڈر.. گئ...نہ جانے کیا ہونے والا تھا..احمر کو تو وہ کچا چبا جائے گی اگر وہ

زندہ بچی تو..

خود کو چادر میں ڈھانپ کر.. وہ سستی سے.. نیچے آئ....

اور... خوف سے لرزتے ہوئے...اپنے باپ دادا کو دیکھا..جو...اسکو مار دینے کے در

پر تھے...

تمھاری اتنی جرت.. خانم..اس عمر میں میرے پگڑی کا خیال بھی بلا ئے تاق رکھ

دیا ہے تم نے "عظیم.خان.. چلائے..تو نین ایک پل کو سہم گئ.. مگر.. پھر اسکے

اندر چھپی باغی لڑکی نے انگڑائ لی...

آپ نے.. باباسائیں ہونے کا حق ادا کیا تھا.... "وہ... سرخ آنکھوں سے.. انھیں

دیکھتی بولی... تو عظیم خان اپنا آپا کھوتے.. اسپر جھپٹتے کے احمر بیچ میں آگیا.. نین..

نے.. اسکی قمیض کو پیچھے سے جکڑ لیا...

وہ ڈر.. گئ تھی..

بیوی ہیں یہ میری.. اور کوئ انپر ہاتھ اٹھانے کا حق نہیں رکھتا....

"وہ اٹل لہجے میں بولا.. تو.. عظیم خان سمیت داجی نے بھی اسے گھورا...

تم.. ہمارے سامنے.. زبان درازی کروگے "داجی...نے احمر کا گریبان پکڑا...جو....

سر جھکا گیا تھا کہ داجی کے سامنے.. وہ بدتمیزی نہیں کرنا چاہتا تھا.. مگر نین کو.. بیچ

چوھراہے پر چھوڑنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا...

داجی... "بہرام...نے انھیں پکارا.. داجی احمر کی اس چلاکی پر... بل کھا کر رہ گیے

جبکہ.اسکا گریبان چھوڑنے پر.. احمر کے لب معمولی سے مسکرائیے.. جسے داجی نے

کھا جانے والی نظروں سے دیکھا...

اور مڑ... کر... بہرام کو.. دیکھا.. جو...رف سے.. ٹراوزر شرٹ.. میں. معاویہ کے ساتھ کھڑا تھا...

یار آپکو میری نیند پیاری نہیں ہے" وہ چیڑتا ہوا بولا...

یہ تم سب لوگ زنان خانے میں کیا کر رہے ہو" داجی نے.. باقی سب کو گھورا.. اور پھر اصحمر کو بھی جو... نین کا ہاتھ چھوڑ کر.. وہاں سے نکلتا چلا گیا...

بہرام اب بھی تیور بگاڑے وہیں کھڑا تھا....

دادا کی جان.. جاو سو جاو..." انھوں نے.. اسکے ماتھے پر بوسہ دیا.. تو...وہ بھی.. وہاں سے چلا گیا.. جبکہ ایک سخت نظر نین پر ڈال کر وہ وہاں سے نکل گئے...

عظیم خان بھی.. وہاں سے نکل آئے جبکہ بی جان نے...

نین.. کو پکڑا.. اور اپنے کمرے میں لے گئیں...

جبکہ اسکی نظر اپنی روتی ہوئی مورے پر تھی جن کو باقی سب سمبھال رہے تھے..

آج اسے دکھ ہوا تھا.... اسکی وجہ سے...اسکی مورے کو کیا سنا پڑا... تھا..

.................

رات گئے نیند پوری کر کے وہ اٹھا....

اور.. انٹر کام پریس کیا.. تو منیبب کمرے میں آیا....

سائیں کھانے کو لاؤ کچھ "اسنے پوچھا..

ہاں کھانا داجی کے کمرے میں لگادو وہیں کھاؤ گا. "اسنے کہا تو منیب وہاں سے چلا گیا.. جبکہ.. اسنے معاویہ کو میسیج کیا...

رات چلنے کا" اور آٹھ کر.. نیک سیک سے تیار ہو کر.. وہ.. پندرہ بیس منٹ میں.. داجی کے کمرے میں تھا..

بغیر اجازت طلب کیے.. وہ اندر داجل ہوا... تو.. داجی نے مسکرا کر اسکو دیکھا..

آو.. میرے شہزادے.. "انھوں نے... دونوں بازو پھیلائے.. تو.. بہرام ان میں سما گیا.. جبکہ اسی وقت.. دروازہ نوک کر کے معاویہ بھی اندر آیا.. اور مسکرا کر.. انکو سلام کیا...

www.novelsclubb.com

داجی میرے اکاونٹس خالی ہیں" بہرام ..نے کہا.. تو داجی نے. حیرت سے اسے دیکھا..ابھی کچھ دن پہلے.. تو.. پچاس لاکھ ٹرانسفر کرائے تھے مگر... کوی سوال کیے بغیر انھوں نے..اپنے خاص آدمی کو.. فون گھمایا...

بہرام.. خان کے اکاونٹ میں..ایک کروڑ...

نہیں دو" وہ بیچ میں بولا... تو داجی... کا سیر وخون بھڑا...اپنی بات تو وہ جیسے ڈنکے کی چوٹ پر منواتا تھا...

تین کروڑ ٹرانسفر کردو" انھوں نے کہا تو...وہ خوشی سے انکی طرف دیکھنے لگا..

جیو سرکار" وہ اپنے مخصوص لہجے میں داد دینے لگا...

تو دونوں ہی کھل کر ہنسے...

داجی یہ. کرم نوازی کبھی ہم پر بھی کر دیا.. کریں" وہ شکوہ کرنے لگا...

معاویہ سائیں... محنت کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے.. کر کے..دیکھو زرا" داجی نے.. کہا تو.. معاویہ اس دہرائے پر منہ بسورے لگا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہاں..جی اس..نے تو..سارے محنت کے پیڑ لگائے ہوئے ہیں"

یو جیلس" بہرام کا قہقہ داجی کے سینے میں ڈھنڈ ڈال گیا....

جبکہ معاویہ نے..منہ پر ہاتھ پھیرہ...

خان....ایک جلسہ کرنا ہے.... شہزادے کچھ وقت دو" داجی کچھ یاد آنے پر بولے..

بہرام منہ بسور گیا...

میرا بچہ..بس..دو گھنٹے کی تو بات ہے..سب تیار ہے.بس تم نے بولنا ہے... میری جان دادا کے لیے.." وہ اسکو ایسے پچکار رہے تھے..جیسے وہ.کوئی..دو سلا کا بچہ ہو....

www.novelsclubb.com

بہرام..نے..حامی بھر..دی...

کب..ہے"

پر سو" انھوں نے کہا..تو وہ سر ہلا گیا..

چلو معاویہ سائیں آج پھر جلدی انا پڑے گا..نیند بھی پوری کرنی ہے.ورنہ دن کو


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہم سوتے رہ جائیں گے..داجی کے جلسے کا کیا بنے گا" وہ ہنستا ہوا اٹھا..

کھانا تو کھاو.."داجی نے ٹوکا..

نہیں داجی.... ہم اپنے سرکار کے ہاتھوں کھائیں گے" وہ آنکھ دباتا... باہر نکلا جبکہ..

داجی کا چہرہ اچانک سنجیدہ ہوا.. معاویہ بھی پل میں نکلا کبھی اس سے سوال جواب نہ

شروع ہو جائیں...

................

ایک بار پھر اسی.. طرح...گاڑی..اس کے گھر کے سامنے روکے..وہ...شراب کی

بوتل لبوں سے لگائے.. سرخ آنکھوں سے..اس چھوٹے سے گھر کو دیکھ رہا تھا..

معاویہ سائیں لگتا ہے. سرکار ڈر گئے ہیں" وہ سنجیدگی سے بولا...

معاویہ..نے اسکیطرف دیکھا...

اس سے کیا فرق پڑتا ہے" وہ شانے اچکا گیا..اتنا تو معلوم ہو ہی گیا تھا.. کہ وہ.رپورٹر

کے پیچھے پڑا ہے.. مگر اس کے دل کی بے چینی تک ابھی نہیں پہنچ پایا تھا.. کہ


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسے.. یہ سب فلرٹ لگ رہا تھا...

ایسے نہیں سائیں مزاہ نہیں آتا جبکہ تک...وہ ٹکر کا مقابلہ نہ کریں" وہ اب بھی

سنجیدہ تھا...

اووبھائی.. میں کلب جارہاہوں.. جب تو. اپنے.. سرکار سے فارغ ہو جاے تب..

بتادینا.."

معاویہ عاجز آیا..

بیٹے گاڑی.. یہیں چھوڑ پیدل چلا جا" بہرام بھی آخر بہرام تھا..

بوتل اسپر اچھال کر وہ چابی نکالتا...آگے بڑھ گیا جبکہ معاویہ اسے پیچھے سے

زبردست گالیوں سے نواز رہا تھا...

پھر اسی طرح چوروں کے مافق.. وہ.. عابیر کے گھر میں گھس آیا...

اور.. دوبارہ...انھیں راستوں سے ہوتے...

وہ اس کمرے تک.. اور پھر اس بیڈ تک پہنچا... مگر.. وہ بیڈ خالی تھا...

مکھن واقع ڈر گیا ہے" وہ محظوظ ہوا..اور دوسرے بیڈ پر دیکھا جہاں... کوئی نہیں تھا..اسے کچھ گڑ بڑ کا احساس ہوا...

تو وہ دوسرے کمرے میں گیا.. جہاں..وہی سنگل بیڈ تھا..اور دو لوگ تھے.. پھر عابیر کہاں تھی..

اسی کشمکش میں دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر اسنے پورا گھر چھان مارا.. میٹر شاٹ ہونے لگا..اور...وہ دندناتا ہوا...اس کمرے میں گھس گیا.اور سوئچ بورڈ پر ہاتھ مارا....

تو کمرے میں روشنی پھیل گئی..

سب سے پہلے اکبر صاحب کی آنکھ کھلی..اور اس سے پہلے وہ سمبھلتے..اسنے انکا گریبان جکڑ لیا

..کون ہو تم" وہ خوف زدہ ہوے..

تیری بیٹی کا یار.... کہاں ہے وہ.. جلدی بول" وہ بنا لحاظ کے اپنا آپا کھو چکا تھا..اکبر


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

صاحب.. حیران وپریشان.. سے اس نوجوان.. سرخ آنکھوں والے لڑکے کو دیکھنے لگا...

عابیر کہاں ہے" وہ چلایا.. تو.. مقابل لیٹی عورت بھی اٹھ گی.. اور حیرت اور خوف سے اسکی چیخ نکل گی جس پر بہرام نے توجہ نہ.. دی..

وہ. اپنی. نانی کے گھر ہے. پیچھلے ایک ہفتے سے "اکبر صاحب نے.. اسے بتایا.. تو. وہ انھیں جھٹک کر.. سر میں ہاتھ پھیر کر رہ گیا..

سن میری بات.... اسے فورا.. بولا.... کل اگر.. عابیر یہاں نہ ہوئی.. تو اس پوری صابن دانی میں آگ لگا دوں گا.. سمجھا" اسے جھٹکا دے کر.. وہ.. پلٹا.. جب وہ ہی نہیں تھی تو وہ اس گھر میں کیا کرتا.. وہ پلٹ گیا.. مگر ابھی کالام جانے کا ارادہ نہیں تھا.. جب تک وہ اس سے مل نہ لیتا...

جبکہ اکبر.. صاحب... نے فورا... پریشانی سے.. عابیر کو فون ملایا تھا.. جبکہ.. مما رونے لگی تھی کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کیا ہو رہا ہے..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اور اس پہیلی کو عابیر ہی حل کر سکتی تھی.......

.......................

تھینکیو معاذ" عابیر نے مدھم سی سمائل دی تو.. معاذ نے دل پر ہاتھ رکھا..

تم پریشان تھی تو میں کیسے نہ تمھاری پریشانی ختم کرتا...

اوپر سے تم شیئر بھی نہیں کرتی پھر مجھے لگا تم فیڈپ ہو اسی لیے تمھاری چھٹیاں لے کر.. میں تمھیں یہاں لے آیا" اسنے تفصیلی کہا تو عابیر کو وہ رات یاد آ گی.. جسے وہ سوچنا نہیں چاہتی تھی..

اس دن کے بعد اسکی طبعیت پریشانی لے لے کر کافی خراب ہو گئ تھی اور جب معاذ کو پتہ چلا تو.. وہ اسے.. نانی کے گھر لے آیا...

یہاں پر سکون ہوں میں" اسنے جیسے.. لہلہاتے درختوں کی ٹھنڈک کو محسوس کیا..

میں بھی" معاذ.. نے گھمبیر لہجے میں کہا.. تو.. عابیر اسکو ایک نظر دیکھ کر رکھ پھیر گئ..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تبھی اسکا فون بجا..

بابا نے اس وقت کیوں کال کی" اسنے جلدی سے فون پیک کیا..

ریہا.. اور تم کل فوراً گھر او" انھوں نے سخت لہجے میں کہا..

بابا" وہ تو انکے سخت لہجے پر حیران تھی.. کہ انھوں نے اگلی بات سنے بغیر فون بند کر دیا..

کیا ہوا" معاذ نے پوچھا..

پتہ نہیں.. بابا" وہ.. پریشانی سے موبائل دیکھنے لگی...آنکھیں بھی بھیگ گئیں تھیں ایسا پہلے کبھی نہیں ہوا تھا

ریلکس.. میں کل تمھیں وہاں چھوڑ دو گا.. جاو سو جاو" اسنے تسلی دی تو وہ سر ہلاتی چلی گی مگر ساری رات نیند نہیں آنی تھی وہ جانتی تھی

*****

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسکی آنکھ کھلی تو کمرے میں حیدر کی آواز گونج رہی تھی...

تم کس چیز کی فکر کر رہی ہو حور جب ہم ہیں تمھارے ساتھ... تو کچھ نہیں ہو سکتا... بس... تم.. کچھ دن ریسٹ کرو... تمھارے ماں باپ نے تمھارے ساتھ زیادتی کی ہے...

اگر کوئی اور ہوتا تو بچتا نہ ہم سے....

ابھی تمھیں... آرام کی ضرورت ہے.... باقی ساری فکریں مجھے دے دو.. میں جانتا ہوں آگے کیا کرنا ہے..." وہ اسے تسلی دے رہا تھا.. مگر ارمیش کو.. اتنا سا بھی فرق نہیں پڑا... وہ... اٹھی اور بال باندھ.. کر... واشروم کی جانب بڑھ گئ.. حیدر نے چونک کر اسکیطرف دیکھا.. حیدر کی اجازت کے بغیر تو اسے بستر سے اٹھنے کی... اجازت تھی ہی نہیں...

ہاں حور ہم نے پیسے بھی بھیجا دیے ہیں... کیوں رو رہی ہو.. اب.. یار.." اسنے.. ارمیش.. پر دو حرف بول کر حور پر توجہ دی...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہم کمرے میں ہوں" مسکرا کف بتایا گیا.. تب تک ارمیش بھی ہاتھ منہ دھو کر آ گی تھی.. اور اب.. ڈریسر کے سامنے کھڑی اپنے لمبے بالوں کی چوٹیا کھول رہی تھی....

حیدر.. اسکے لمبے بالوں کو دیکھ رہا تھا.. جو سنہری ہونے کے ساتھ ساتھ ریشم کی مانند تھے...اور کمر سے.. نیچے تک جاتے تھے...

ہم ہاں" چونک کر وہ پھر فون کیطرف متوجہ ہوا.. ارمیش نے.. اسپر.. ایک غلط نظر ڈالنا بھی گورا نہیں کیا...

بال بنا کر.. اسنے تھوڑا سا میکپ کیا.. آج اسکی ہر ادا حیدر کو پیچھلے دنوں سے الگ لگی.. وہ کبھی میکپ نہیں کرتی تھی.

لباس بھی.. خوبصورت زیب تن کیا ہوا تھا جبکہ اب وہ چوڑیان چڑھا رہی تھی...

جبکہ چہرے...کے تصورات پر.. سکوت تھا...

ایسا سکوت جیسے... مرنے کے بعد.... چہرہ.. بے حس بے رحم نظر آتا ہو...جو دوسروں کے لیے.. کچھ نہ کرنے کی رعایت نہ رکھتا ہو...

www.novelsclubb.com

اوکے ہم.. شہر.. کے لیے.. پندرہ منٹ میں نکلیں گے" اسنے کہ کر فون بند کیا..

جبکہ حورا بھی بول رہی تھی...

وہ اٹھا.. اور اسکے پیچھے جا کھڑا ہوا...

کل مارے گئے تھپیڑوں کے نشان کو اسنے میکپ سے چھپا لیا تھا...

حیدر کے پیچھے کھڑے ہونے پر نہ اسکے چہرے پر شرم تھی نہ.. خوف.. نہ اسکی.. پلکیں گیرنے اٹھنے لگیں تھیں...

حیدر.. کو یہ سب.. بہت برا لگا.. تبھی.. اسنے.. ارمیش کی سرخ چوڑیوں سے سجی کلائی.. کو.. پکڑ کر اسکی کمر پر لگا دیا جبکہ چہرے پر حد سے زیادہ سختی تھی..

خانم نکھرے کس بات کے..." وہ پھنکارہ ارمیش سر جھکا یے کھری رہی.. اسکی کلائی میں چوڑیاں ٹوٹ کر چبھنے لگیں تھی گر چہرے پر معمولی سا بھی تکلیف کا انصر نہ تھا.. حیدر اسکو گھورتا رہا.. کلائی کو مزید موڑ دیا.. ارمیش کو لگا.. اسکا.. ہاتھ ٹوٹ جائے گا...

بے تاثر چہرے پر.. آنسوں نے لکیر باندھ لی...

جبکہ پلکیں جھکیں ہوئیں تھیں...

جو ہو وہی رہو... حور سے تو ہم شادی کریں گے... مگر تمھیں.. چھوڑنے کا سوال نہیں ہے... حور.. ہمارا مسلہ ہے.. اور ہم تمھارے... آج کے بعد یہ ادائیں دکھائیں تو ہم۔پہلے ہی بہت برے ہیں یاد ہو گا تمھیں.. "اسنے جھٹکے سے اسکو چھوڑا...

ارمیش.. نے اپنی زخمی کلائی.. کو بس ایک نظر دیکھا.. اور دوپٹہ درست کر کے...

وہ.. چپ چاپ باہر کی جانب ہو لی....

حیدر کا خون کھول اٹھا.. اس سے پے وہ کمرے سے نکلی تھی.. اسکی بات کا جواب نہیں دیا تھا.. تیار وہ کس کے لیے ہوئ تھی ج۔ایک نظر بھی اسکیطرف نہیں دیکھ رہی تھی..

وہ اپنی شامت کو خود بولا رہی تھی...

حیدر نے.. حور کو سوچتے ہوئے...ارمیش... کو بعد پر ڈال کر وہ تیار ہونے چل


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

دیا...

حور سے ملنے کی خوشی نے جلد ہی ارمیش کو بھلا دیا تھا...

.....................

ساری رات گاڑی میں گزار دی تھی معاویہ تو سو گیا تھا جبکہ وہ پوری رات...ڈرنک کرتا رہا...اسکی غیر موجودگی نے....دل و دماغ کو جیسے جلتی بھٹی میں سلگا دیا تھا...

دن کا سورج پہلی بار اپنی آنکھ سے نکلتا دیکھا...پھر..آہستہ اہستہ یہ جان لیوا وقت گزرتا رہا....اور...دوپہر ہونے کو آئی..کالام میں تو یہ موسم اتنا....شدید نہیں لگتا تھا..جتنا شہر میں آکر گرمی کا احساس ہوا..ویسے اس انسان کو..پتہ بھی کیسے چلتا..جو راتوں کو جاگ کر پورا دن..اپنی نیند پوری کرتا ہو...

وقت سرکتا جا رہا تھا..اسکے صبر کا پیمانہ لبریز ہو رہا تھا...

ساری بوتلیں جو اسکی گاڑی میں تھیں وہ بھی ختم ہو گئی تھی...

اسکا دماغ بھنا چکا تھا..معاویہ کو سکون سے سوتا دیکھ..اسنے..اسکے بازو پر زور سے


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

مکہ ..مارا.. تو وہ بلبلا کر اٹھ گیا....

یہاں.. سونے کے لیے ساتھ لایا تھا" بہرام نے سنجیدگی سے پوچھا.. اسکی آنکھوں میں پوری رات جاگنے کا خمار تھا... جبکہ لہجہ... معمولی سا لڑکھڑا رہا تھا.. اور یہ پہلی بار ہی تھا شاید کے وہ.. ڈرنک کی اس قدر مقدار کے بعد.. لڑکھڑا رہا تھا. مگر حواس اب بھی قابو تھے......

معاویہ نے.. منہ پر ہاتھ پھیرا اور الرٹ ہوا... معملہ تو حد سے زیادہ ہی سیریس لگ رہا تھا..

تم.. سوئے نہیں..." اسنے سوال کیا... بہرام نے جواب نہ دیا..

چلو" وہ گن نکال.. کر... گاڑی سے اترا...

بہرام.. مسلہ کیا ہے بتاوگے" معاویہ اسکے پیچھے ہوا...

وہ غائب ہے گھر پر نہیں ہے کہاں ہے وہ... نہیں پتا مجھے....

اور جب وہ میری نظروں سے دور ہے میں سکون سے کیسے سو جاو...." وہ چلایا.....

معاویہ نے اسکا بازو پکڑنا چاہا... مگر.. اسنے.. ہاتھ جھٹکا.. اور.. دوبارہ اس گھر میں داخل ہو گیا...

دروازہ اندر سے.. لوک تھا... بہرام.. کا چہرہ سرخ ہو گیا.. اور اسنے.. لاتے.. مار مار کر.. اس دروازے کو توڑنے کا احد کر لیا.. معاویہ کو سمجھ نہیں آرہا تھا کیسے روکے اسے.. ماحلے کے لوگ بھی جمع ہونے شروع ہو گئے.. چیما گویاں شروع ہو گئیں تھیں.. تبھی دروازہ کھلا....

اکبر صاحب کے رونگ اڑ چکے تھے.. ماحلے میں بدنامی...الگ تھی..

کہاں ہے تیری بیٹی بول جلدی" اسنے اسکا گریبان پکڑ جر جھنجھوڑ ڈالا...

وہ وہ.. آرہی ہے" اکبر صاحب بولے تو.. وہ سر ہلا کر انھیں جھٹک گیا....

لوگ گھر میں جمع ہو رہے تھے...

اکبر صاحب کی بیگم.. کا رو رو کر برا حال تھا جبکہ وہ.. خود بھی پریشان حال تھے....

بہرام.. نے اب لوگوں پر توجہ دی تو.. بلا دھڑک.. اوپر ہاتھ کر کے... فائر کھول

دیے...

گالی سالون نکلو یہاں سے" وہ دھاڑا.. لوگ.. باہر نکلے جبکہ خواتین کی سرگوشیاں سنے لائق تھی...

لگتا ہے بیٹی کا معملہ ہے ہائے توبہ.. کسی کی ایسی اولاد نہ ہو....

خاک ڈلوادی باپ کے سر پر" اکبر صاحب کے لیے یہ سب جان لیوا تھا جبکہ بہرام سمیت معاویہ کو بھی.. رتی بھی فرق نہ پڑا...

وہ اندر لاونج میں صوفے پر ٹانک پر ٹانک رکھ کر بیٹھ گیا.. بے چینی الگ تھی....

کچھ دیر مزید انتظار کی سولی پر لٹکا پڑا...

اور.. دروازہ بجا.. بہرام یوں ہی مٹھی بھینچے بیٹھا رہا.. جبکہ معاویہ بھی بیتھا تھا..

کچھ ہی دیر میں اسکی آواز سنائی دی.. جبکہ اسکے.. ساتھ کوئی لڑکا بھی تھا.. لونج سے باہر صحن کا منظر نظر آرہا تھا.. عابیر نے ماں باپ کو دیکھا.. دونوں کی ہی آنکھیں نم تھیں...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تمھارا عاشق آیا ہے" مما کی انگاریں چباتی آواز پر وہ چونکی.. اور پھر سب سمجھ آنے لگا.. معاذ حیران سا... دیکھ رہا تھا.. جبکہ ریہا.. بھی.. ایسے ہی دیکھ رہی تھی..

وہ دونوں آگے سے ہٹے جبکہ عابیر کو وہ سودے پر پوری شان سے بیٹھا دیکھا.... اسکے پاوں کانپے تھے....

........................

وہ ایک لمحے کہ لیے سن رہ گئی مگر اگلا لمحہ.. اسکا.. دماغ گھوما.. اور وہ سیدھا.. لاونج کیطرف بڑھی...

سب اسکے پیچھے تھے..

یہ کیا تماشہ ہے..." وہ.. بولی.. بہرام کے اندر تک سکون اتر گیا.. پیستل سائیڈ پر اچھال کر.. وہ... دلنشین آنکھوں سے... اسے تکنے لگا... جبکہ اسکے پیچھے معاز بھی تھا..

عابیر.. کون ہے یہ" معاذ نے پوچھا... جبکہ بہرام.. نے اسکی جانب دیکھا...

www.novelsclubb.com

چہرے پر خر کتگی تھی...

خاموش.... مزید بولا.. تو اگلا سانس لینے قابل نہیں رہے گا...

معاویہ سائیں.. زرا.. تنہائ میسر ہو گی یا یوں ہی کھڑے رہنا ہے آپ نے"

حضور بندہ حاضر.. مگر.. خان ایک وعدہ بنتا ہے..." معاویہ اور وہ ایک دوسرے

سے.. ایسے بات کر.. رہے تھے جیسے وہاں کوئ نہ ہو...

جبکہ سب.. حیران کھڑے تھے...

کیسا وعدہ" بہرام بے گھورا..

خان.. ہماری بھی ملاقات ہونی چاہیے...

منگنی ہو گئ پتہ بھی نہیں لگتا کے منگنی شدہ ہیں" وہ منہ بسورنے لگا..

سالے تو ویسے بھی.. اپنا پورا کر لیتا ہے..." بہرام نے.. کہا تو وہ ہنس دیا..

چلو.. بھئ. ہمارے خان کو تنہائی چاہیے" معاویہ نے سب کو باہر چلنے کا کہا...

کیا بکواس ہے" معاذ دھاڑا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ابے اوئے... یہ پاگل ہے جنگلی ہے.. تجھے کاٹ لیا تو.. سولہ ٹیکے.. بھی کم.. لگتے ہوں گے ڈائریکٹ.. اللہ کے پاس پہنچے گا.. زیادہ نہ بول. بھائی.. چل باہر چل" معاویہ نے گن اٹھا کر اسپر تانی...

میری بیٹی..." اکبر صاحب.. نے معاویہ کے دھکا دینے پر دھائی دی.. عابیر.. کی آنکھیں نم ہو گئیں..

یہ سب کیا کر رہے ہو گم" معاویہ ان سب کو دھکا دے کر باہر لے جا رہا تھا جبکہ عابیر کا دم نکل رہا تھا..

میری بھولی چڑیا... یہ سب تم نے کیا ہے اگر تم نہ جاتی تو میں بھی ایسا قدم نہ اٹھتا.." مسکرا کے وہ شانے اچکا گیا جبکہ عابیر کا ضبط کھو رہا تھا...

چاہتے کیا ہو تم" اسکے لہجے کی معمولی سی بے بسی اسے بہت پسند آئی...

سرکار... ہم صرف. آپکو چاہتے ہیں.... آپکے سوا چاہ کیسے سکتے ہیں" وہ اسکے نزدیک ہوا.. عام سے لباس میں اسکا چہرہ دمک رہا تھا....

جبکہ عابیر اس سے دور ہوی..اسے کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا یہ سب کیا ہو رہا ہے اسکے باپ..اور منگیتر کے سامنے یہ شخص..اسکو رسوا کر رہا ہے...

باہر سے اونچا اونچا بولنے کی آوازیں آرہیں تھیں معاذ..اور اکبر صاحب سمیت..

مما کی بھی آواز تھی اسکی آنکھیں بھیگ گئیں

صرف اپنی فیملی کی وجہ سے..وہ اسکے سامنے کمزور پڑی تھی..

ارے... میٹھی رو کیوں رہی ہو" بہرام..مسکرا کر..اسکی بے بس آنکھوں میں جھانکنے لگا..

جاو تم یہاں سے کیوں مجھے رسوا کر رہے ہو" عابیر..بولی..سرخ..آنکھیں....اور آنسووں کی آمیزش..بہرام..کو جان لیوا لگیں..اچانک ہی اسکی نازک کمر میں ہاتھ ڈال کر..وہ اسے بلکل نزدیک کر گیا..اتنا کہ..دونوں کے چہرے ایک انچ کے فاصلے پر تھے عابیر...ایک پل کو حیران ہوئ...

وجود میں کپکپاہٹ...اترای..بہرام نے..محسوس کیا..اسکی خوشی دیکھنے لائق


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھی..

مکھن کیوں تڑپا رہی ہو.....

بس کرو نہ...دو دن میں...میرا سانس..روک دیا آپ..نے..سائیں..اتنا ستم نہیں کرتے....

آپ ہماری ہو جائیں....بس.."وہ..بڑی چاہ سے..اسکے چہرے پر انگلیاں چلاتا وہ بھک رہا تھا.. نظریں..اسکے لبوں کے کنارے رموجود تل..پر ٹھر گئیں..تھیں....

عابیر...کا خون..کھول اٹھا..ایک جھٹکا دے کر وہ اس سے جدا ہوی..اور کھینچ کر تھپڑ..اسکے منہ پر دے مارا...

کمینے.... تمھیں کیا لگ رہا ہے..میں کوئ کوٹھے پر بیٹھی پنچ لڑکی ہون..میرے گھر میں گھس اوگے میرے باپ کی عزت اچھالو گے..اور میں نہیں خاموش رہو گی..یہ عشق کا بھوت..ان سے..پورا کرو..آج کے بعد بہرام خان میرے..

پاس نظر بھی ایگ تو.. یقین مانو.. میں تمھارا وہ حشر کرو گی.. کہ تمھاری نسلیں بھی یاد رکھیں گی. دفع ہو جاو".. وہ بلند اوز میں چلائ

بہرام. نے.. اپنے اندر امڈنے والا اشتعال... بمشکل دبایا.. اور مسکرا دیا....

اگر میں تمھیں کوٹھے پر بیٹھی لڑکی سمجھ رہا ہوتا.. تو.. تم سے.. اس زبان میں بات نہ کرتا....

اور یقین مانیں سرکار جن سے آپکو دیکھا.. ہے.. کوٹھا تو کیا.. کہیں بھی جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا... کسی کو دیکھنا الگ بات ہے.. میٹھی... میرا طریقے غلط ہیں.. مگر.. میرے جزبات نہیں...." وہ پھر سے.. دوبارہ اسی انداز میں بولتا عابیر کو زہر ہی لگا.....

جاو یہاں سے" عابیر کرے تیوروں میں بولی..

آپکی وجہ سے.. ساری رات جاگا ہون.. اور ملاقات کی مدت.. بس چند منٹ..

بلکل نہیں..." وہ ضدی لہجے میں بولا تو.. عابیر پاوں پٹخنے لگی..

تمھیں یہ کیوں نہیں سمجھ آرہا.. میرا باپ..اور منگیتر..ہے..یہاں..."وہ غصے

سے چلای..

ہمممم
منگیتر...وہ دو فٹیا....

میرے دلبر...آپ ہم سے یاری لڑاو.... یقین مانو فخر سے بتاو گی...

کہ یہ میرا..سائیں ہے.."وہ صوفے پر بیٹھتا....اسکو..دیکھتا مسکرا..رہا تھا...عابیر

اس پر لعنت بیجھتی اس سے پہلے باہر نکلتی..بہرام نے اسکی کلائ تھامی..اور اپنی

جانب کھینچ..لیا..کہ وہ اسپر غیرتی کہ عابیر نے..اسی کی ٹانگ کا سہارا لے کر..خود

کو اسپر گیرنے سے بچایا....

اگلی بار..کب ملو گی.."بہرام اسکے بال پیچھے کان.میں اڑستا..بولا....

مر جاو تم"عابیر..نے خود کو چھڑانا چاہا..مگر..بہرام..نے نہ چھوڑا...وہ..رونے

لگی.سرج آنکھیں بھیگ گییں کسی بھی لڑکی کے لیے یہ لمہ موت سے کم نہیں تھا.

وہ اتنی مظبوط بھی بار بار ہار رہی تھی...

کل...ملنے اوگا...اب کہیں مت جانا ورنہ.. سرکار آپ کے باپ کی کھوپڑی ارانے میں زیادہ وقت نہیں لگے گا" مسکرا کر کہتا.. وہ زبردستی..ایک گستاخی.. کر گیا... عابیر.کا خون کھول اٹھا...اس سے پہلے وہ اسکو پھر رکھتی بہرام نے اسکو خود سے دور دھکیلا..

سرکار.. ہزار بار حاضر یہ گال.. بار بار چھونے کا دل کرتا ہے کیا ہمیں" وہ زیچ کر رہا تھا اسے..عابیر یون ہی اسے گھورتی رہی..جبکہ وہ.ایک ونک دیتا..باہر..نکل گیا..باہر.وہی رونا دھونا جاری تھا...

بہرام.. مسکراتا ہوا..معاز کے قریب آیا...

ہمم"وہ ہنسا...

پاور از پاور" اسکے منہ ہر دو لفظ اچھال کر..وہ..معاویہ.کو اشارہ کرتا باہر نکل گیا... جبکہ باہر..کان لگایے لوگ بھی اسکے نکلنے پر.ادھر ادھر ہو گئے...

.............

ارمیش میری جان کیا ہو گیا ہے..."مورے اسکا چہرہ تھامے پوچھ رہیں تھیں جبکہ وہ ایسے ہی بیٹھی تھی...

کچھ تو بولو میری جان..."ارمیش نے..انکی طرف دیکھا....

آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے جبکہ..چیرہ بے تاثر تھا...

مر گئی ارمیش..."اسنے..مدھم آواز میں کہا....

ایسے کیسے مر گئی..دماغ ٹھیک ہے تمھارا.."یہ نین تھی جو کافی دیر سے جاموش تھی..بی جان...نے اس دن اسکو اچھی خاصی کلاس لی تھی جس کا اسپر رتی بھی اثر نہیں ہوا تھا.....

میں نین نہیں ہوں...ارمیش ہوں مجھے ارمیش کیوں نہیں سمجھا کوئی...سب اپنی مرضی اپنی مرضی..چلا رہے ہیں...

شادی سے پہلے مورے..نے کہا..جو وہ کہے وہ کرنا...وہ جیسا کہتے گئے ویسا کیا میں..نے..انکی مار سہتی رہی....



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

پھر تم کہتی ہو اپنے لیے سٹینڈ لو....

اپنے لیے سٹیند لے کر بھی مار کہانی ہی ہے تع ارمیش مر کیوں مہی جاتی.. سب..

اپنی مر کی اپنی من مانی کرتے ہیں.. آپ سب لوگوں کو میری فکر نہیں ہے. بس یہ

فکر ہے. حیدر.. ارمیش کے ساتھ ٹھیک ہو جائے...

ارمیش پھر مرے یا جیے.. اگر میں یہاں ہون.. تو مجھ سے سوال کیے جا رہے ہیں.

تین دن سے میں کہاں تھی.. پوچھا کسی نے...

مار دیں ارمیش کو.. سب کو سکون آجائے گا" وہ چلاتی ہوی.. اٹھی.. اور.. اپنے

روم کی جانب چل دی... کسی.. میں اسکو روکنے کی ہمت نہ ہوئ.. ٹھیک ہی تو کہہ

رہی تھی وہ.. کھلوانا سمجھ لیا تھا اسکو تو... سب نے..

..................

وہ اپنے کمرے میں بیٹھی... ٹیبل پر سر رکھے.. اس سلشخص کو سوچ رہی تھی جو اسکی

زندگی میں نہ جانے کیوں آگیا تھا...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بابا نے اسپر.. ہر چیز کی پابندی لگادی تھی.. کیسا یقین جب سب.. اس سے منہ موڑ چکے تھے.. اور.. اسکی فورا.. شادی کی جارہی.. تھی....

یہ کیسا یقین تھا.. نہ معاذ اسکی کچھ سن رہا تھا.. نہ بابا مما...

سب اسے قصوروار کہہ رہے تھے.. مما...نے اسکی نوکری کی وجہ ٹھرائی....

اور.. جہاں عابیر...کی عزت تار تار ہورہی تھی

وہاں وہ شخص سکون میں تھا.. اپنی صفائی میں ایک لفظ.. اسے بولنے نہیں دیا گیا تھا..

کیوں..

اسنے غصے سے ساری رائٹنگ ٹیبل اجاڑ دی..

وہ بقائدہ آواز سے رو رہی تھی.. اسکے خواب دم توڑ گئے تھے کچھ بننے کے خواب...

سادگی سے اسکا نکاح کر کے اسے دوسرے شہر بھیجا جارہا تھا.. سارا محلہ.. اسکی آوارگی کی کہانیاں ایک دوسرے کو سنا رہا تھا..

عابیر کا دم گھٹنے لگا تھا....

مگر حل کچھ سجا ہی نہیں دے رہا تھا....

رو رو کر.. اسنے اپنا برا حال کر لیا تھا...

باپ نے پی بار اسپر ہاتھ اٹھایا تھا.. سب بھاڑ میں جاتے.. مگر اسکے ماں باپ تو یقین کرتے... انھوں نے بھی بے یقینی دیکھا کر اسکا.. مان توڑ دیا تھا....

روٹی کھالو. "مما نے.. اسکے رونے کا نوٹس لیے بغیر.. ٹیبل پر کھانا رکھا اور باہر نکل گئیں.. وہ دھندلائی نظروں سے انھیں دیکھنے لگی...

چھوڑو گی نہیں تمھیں میں بہرام خان.. "وہ.. مٹھی بینچ جراسے سوچنے لگی.. اور پھر.. آنسو پونچھ کر اٹھی...

بیگ شانے پر ڈالا.....

اور مما کے پاس آئی..

مما میں کچھ دیر میں آتی ہوں"

اسنے کہا. وہ اسکی سوجی آنکھیں دیکھ کر.. برتن وہیں پھینک کر اٹھیں..

www.novelsclubb.com

کیوں ملاقات کا وقت ہو گیا ہے. کیا. جو... منہ اٹھا کر نکل پڑی ہو.. دفع ہو جاو..

اندر.. کہیں نہیں جو گی تم" وہ غصے سے بولیں

مما" وہ تو حیران رہ گئ...

آپ میرا یقین کریں.. میں"

چپ" وہ چلائیں..

یہ عاشقی پالنے سے پہلے سوچ لیتی.. کے غریب ماں باپ اور ایک بہن بھی ہے" وہ غصے سے اسے جھنجھوڑ رہیں تھیں..

عابیر پھر رونے لگی...

انھوں نے اسکا بیگ.. اٹھا جر چھولے ہر رکھ کر جلا ڈالا.. اسکا موبائیل اسکا سامن.

سب جل رہا تھا...

اور وہ.. بے بسی.. کی آخری انتھا پر.. رو رہی تھی...

مما بھی رو رہیں تھیں جبکہ.. ریہا بھی....

...............

دادا کی جان..اٹھ جاؤ دوسرا دن چھڑ گیا ہے.. جان کالام. آج جلسہ ہے" وہ اسکے گھنے بالوں میں انگلیاں چلاتے...پیار. سے بولے..

بہرام نے آنکھیں وا کیں اور سمکرا اجرا سے دیکھا...

داجی... عشق کیا ہوتا ہے" وہ ایسے ہی لیٹے لیٹے بولا.. داجی مسکرائیے..

بہرام خان عشق ہے" وہ بولے...

سائیں مزاق نہیں" وہ چیڑا...

بھئی ہمارے لیے تو.. ہمرا خان عشق ہے.. باقیوں کا پتہ نہیں" وہ شانے اچکا گئے..

داجی وہ عشق ہے...ہمرا سرکار عشق ہے...

اسکی آنکھیں اسکا غصہ..اسکا چہرہ..اسکا وجود.. عشق ہے...

اسکا خمار عشق ہے...

وہ سراپا عشق ہے...وہ ہمارا عشق ہے..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

داجی.. آپکا شہزادہ ڈوب گیا...

عشق کی وادیوں میں....

جی کرتا ہے.. اسے بانھوں میں بھر لو....

مگر... ہمرا سرکار زرا نکھریلا ہے.. ہتھ مشکل آئے گا" وہ.. پرجوش سے انھیں سب

بتا رہا تھا.. داجی سنجیدگی سے سب سمجھ رہے تھے..

یہ تو خیر ناممکن تھا کہ.. کالام کی شان... کی بیگم...

عام.. سی بنے..

مگر وہ ابھی اسے یہ سب نہیں.. بتا سکتے تھے.. تبھی خاموشی سے مسکرائے...

ابھی آیا میں.. آج تو.. وہ بھی روبارو ہوں گے" وہ مزے سے کہتا. رات. کی بچی.

شراب کا گھونٹ بھرتا...

واشروم کیطرف بھاگا..

جان دادا... آپکی یہ خواہش... پوری ہونا ناممکن ہے" وہ بولے... اور... روم سے نکل


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

گئے....

................

جلسہ تو اپنی جگہ ہو رہا تھا.. لوگ اسکے انداز گفتگو سے.. ایمپریس نظر آرہے تھے..

یہ جلسہ یقیناً کامیاب جانے والا تھا.. مگر وہ نہیں تھی..

کیوں...؟؟؟؟؟

اسے بے چینی ہونے لگی... میڈیا تو تھا.. اور وہ لڑکا بھی نظر آرہا تھا جس کے ساتھ وہ آئی تھی پھر.. وہ کیوں نہیں تھی..

تقریباً دو گھنٹے.. متواتر جھوٹ بولنے سے اسکی زبان ہی اکڑ گئی تھی جبکہ ابھی اور بھی سپیچ باقی تھی اسنے.. وہیں اختتام کیا.. اور سٹیج سے اتر گیا... داجی نے.. اسپر ترچھی نظر ڈالی.. اور بھی قبیلے کے اور.. علاقائی لوگوں کے علاوہ دوست احباب بھی..

اور. سیاست دان بھی تھے...

مگر اسنے کسی کی پرواہ نہ کی اور سٹیج سے اتر گیا.. معاویہ اسکے پیچھے لپکا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

یہ کیا کر رہے ہو خان.. سب لوگ دیکھ رہے ہیں" معاویہ نے اسکا ہاتھ تھامہ..

سائیں وہ تو آئی ہی نہیں" بہرام نے گاگلز کے پیچھے سے اسکو دیکھا...

معاویہ کا دل کیا سر پیٹ لے..

بہرام. تم جانتے ہو نہ داجی تمھیں نہیں تو ہم سب کو کھا جائیں گے.. تم اپنی تقریر

پوری کرو" معاویہ نے اسے دوبارہ کھینچا...

بس... کہہ دیا نہ اب مزید نہیں..." وہ غصے سے بولا...

عابیر کا خیال سر پر بری طرح حاوی تھا..

اور وہ معاویہ کے روکنے کے باوجود.. وہاں سے نکل جاتا اگر داجی کو اپنی جانب آتا نہ

دیکھتا... تو.. معاویہ داجی کو دیکھ کر. سائیڈ پر.. ہوا...

دادا کی جان...... کیا ہوا شہزادے... لوگ منتظر ہیں" انھوں نے. اسکو لاڈ سے..

دیکھا..

داجی.. میرا موڈ نہیں اب" وہ.. موبائیل نکالتا ایک نمبر ڈائل کرنے لگا..

ٹھیک ہے ٹھیک ہے.... ہمارے.. خان کا موڈ نہیں.. تو.. بس ختم جلسہ.. مگر خان ابھی کہیں نہیں جا سکتے.. چندا...اپوزیشن پارٹی کو بھی خرید لیا ہے.. بیٹے.. اب تو... ضروری ہے آپکا وہاں ہونا.. "

داجی اسے پیار سے پچکارنے لگے.. وہ اب مزید وہاں نہیں بیٹھنا چاہتا تھا..

داجی میں "

ہمارے لیے "انھوں نے کہا.... تو.. وہ بد لنحواستہ انکی... جانب بڑھ گیا..

جبکہ فون پک ہونے پر اسنے... ضروری تنبھی دی تھی... جو کہ عابیر کے متعلق تھی.. کہ ...اس روز کے بعد اسنے اسکے گھر کے باہر عابیر کی پھیرہ داری کے لیے... ایک بندہ رکھ دیا تھا.. اب وہ اسی کو فون کر رہا تھا.. جس نے اسے بتایا کہ وہ تو.. اس روز کے بعد گھر سے نکلی ہی نہیں.. تب جا کر. بہرام.. کے بے چین قدم سکون میں آئے...

رات دیر تک پارٹی جاری رہی جلسہ اس وقت ختم ہونے کے بعد بھی..

شراب بھی تھی شباب بھی تھا.. مگر اسکی توجہ شراب پر تھی...

جبکہ شباب پر ایک نظر بھی نہیں ڈالا تھا...

..................

حیدر.. دو دن سے.. گھر نہیں آیا تھا.. وہ کمرے میں سکون سے تھی سب اسکا خیال

رکھ رہے تھے.. مگر.. وہ اپنے کمرے سے نہ نکلی...

مگر آج اسے احساس ہو رہا تھا.. کہ وہ غلط کر رہی ہے...

بھلہ ان سب کا کیا قصور تھا...

وہ سب تو اسی کی بھلائ چاہتیں تھیں....

تبھی.. اسنے... خود.. کو کوسا. اور.... باہر نکل آئ...

مردان خانے میں کوئ نہیں تھا آج.. بہرام لالا کا جلسہ تھا تبھی. سب وہیں گیے

ہوئے تھے.. وہ.. جلدی سے. زنان خانے کیطرف بڑھی...

بی جان ہال میں بیٹھیں تھیں.. اسکی جانب دیکھ کر. اپنے بازو وا کیے...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ بھی انکے بازوں میں سما گئ..

معافی چاہتی ہوں بی جان..اس دن بہت بد تمیزی کی تھی" وہ نم لہجے میں بولی...

جبکہ بی جان اسے پیار کر رہیں تھیں..آہستہ آہستہ سب اکھٹے ہونے لگے....

اسنے سب سے ہی معافی مانگی...

خاص کر اپنی مورے..سے...سب نے..ہی اسکو پیار..کیا..اور زنان خانے میں ایک اچھی فضا بن گئ...

بی جان...ڈھولک رکھتے ہیں.کل نیہا کی مہندی ہے اس سے پہلے.." نین بولی تو..

ایک نظر سب نے اسکی طرف دیکھا...بی جان سے تو اسنے بات کر لی تھی مگر باقی سب سے..اسنے کوئ بات نہیں کی تھی..بی جان نے اسے اپنی قسم دی تھی کہ وہ آج کے بعد یہاں سے جانے کی بات نہیں کرے گی..جس کو اسنے مان تو لیا تھا...

مگر ذہن اب بھی گردش میں تھا...

آب کیا مجھے بھی سب سے معافی مانگنی ہو گی ارمیش نے اتنی مانگی ہے فٹی فٹی کر لیں

سب "وہ... بولی.. تو.. کسی کیطرف سے کوئی ریسپونس نہ آیا..

اسنے بے چارگی سے بی جان کو دیکھا..

جو نین خانم نے کیا.. وہ غلط تھا.. سراسر....

مگر.. ہم لوگوں نے بھی غلط کیا... لڑکی کی مرضی جانے بغیر.. اسے کسی کے ساتھ باندھ دینا ناانصافی ہے..

بی جان اگر.. یہ.. تماشہ لگانے کے بجائے ہمیں کہتیں.. تو ضرور کوئی نہ کوئی حل نکل جاتا" یہ تائی جان تھیں جو اس دن سے ہی کافی غصے میں تھیں...

تائی جان.. پلیز.. میں.."

نین.. آپ ہم سے مت بولیں آپکی وجہ سے... آپکی مورے کی تربیت پر کتنی انگلیاں اٹھیں ہیں.... آپ نے سوچا.. داجی سے کتنی بدتمیزی کی ہے آپ نے.. سب کے سامنے بے پردہ ہو گئیں اور پھوپھو سائیں کے بارے میں سوچا... آپ کے الفاظ انھیں کتنی تکلیف دے رہے ہوں گے آج تک کسی نے.. ایسا نہیں کہا جبکہ..

آپ... آپ.. بلاد ھڑک سنائے جارہیں ہیں.. "تائی.. نے اسکو اچھا خاصا لتاڑا نین کی آنکھیں بھیگ گئیں جبکہ شرمندگی سے سر جھکا لیا...

پھوپھو سایئں.. ہم معافی چاہتے ہیں ہمیں غصے میں کچھ سمجھ نہیں آیا...

میرا مقصد آپکا دل دکھانا نہیں تھا..." وہ...انکے پاس آکر بیٹھی.. اور.. سرخ.. آنکھوں سے انھیں دیکھنے لگی...

تم نے ٹھیک کہا جو بھی کہا" انھوں نے کہا.. تو.. سب.. ہی.. نم آنکھوں سے انھیں دیکھنے لگے..

نہیں آپ ایسا نہ کہیں.. پلیز.. آپ معاف کردیں مجھے" وہ سسکی.. تو انھوں نے اسکی پیشانی چوم لی.. وہ انھیں عزیز تھی بچپن سے ہی...

سب مسکرا دیے.. کہ.. جب انھوں نے معاف کردیا تو.. کسی اور کے ناراض رہنے کا کوئی جواز نہیں تھا....

میں میں ایک بات کہنا چاہتی ہوں" اسنے مورے سے بھی معافی مانگی.. اور پھر..

سکون تو اسکو تھا نہیں.. تبھی.. بولی.. تو.. سب نے چونک کر اسے دیکھا..

پلیز پھوپھو.. میں ابھی.. شادی نہیں چاہتی.. پلیز.. آپ لوگ پہلے نیہا کی ہی شادی... کر دیں مجھے رخصتی.. نہیں کرنی" اتنی آسانی سے تو وہ احمر کے دام میں نہیں پھنسنا چاہتی تھی

... نین" مورے نے گھورا..

رک جاو..." انھوں نے روکا...

ٹھیک ہے جیسا تم چاہو" انھوں نے کہا تو وہ ایک پل... انھیں دیکھتی رہ گئ.. اور پھر اتنا پر جوش ہو کر چیخی.. کہ سب نے کانوں میں انگلیاں ڈال دیں..

جبکہ.. اسکی کھلکھلاہٹ.. دیکھنے لائق تھی..

اگر نین.. سدھر جائیں تو کیا ہی بات ہے" مورے نے افسوس سے کہا.. جبکہ اب وہ ڈھولک کے لیے.. درخنے کو آرڈرز دے رہی تھی..

ارمیش انوشے... نیہا.. سب ہی بہت خوش تھے

..................

معاویہ.... آرام سے زنان خانے میں آیا.... ارادہ.. انوشے سے ملنے کا تھا...

آرام آرام سے قدم رکھتا... وہ.. پورے ہال میں جھانک رہا تھا.. بہرام.. مردان خانے کے دروازے پر تھا....

تونے تو کہا تھا.. یہیں کہیں ہو گی" بہرام نے. غصے سے اسے گھورا.. اگر داجی یہ کسی کو بھی.. پتا چل جاتا تو... بلا لحاظ... لتاڑا جاتا... اور یہ جانے کے بعد کے ہم.. کیا کرنے ایٔیں ہیں.. حویلی.. سے ہی نکال دیا جاتا....

یار اس دن تو یہیں تھی.. اچانک ہی ای تھی" معاویہ نے... آہستہ آواز میں پوچھا...

چلو آتا نہ پتا... چلیں ہیں ملاقاتوں کے لیے" وہ بھنایا...

تو معاویہ نے اسے گھورا...

کمرہ کون سا ہے" بہرام نے.. اب زنان خانے میں آکر پوچھا...

معلوم نہیں" اور یہ کہنے کی دیر تھی.. بہرام نے ہاتھ گھوما کر اسے رکھا.. وہ..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

گردن سہلا کر رہ گیا...

نالائق اب تک... ہم سے کچھ سیکھا ہی نہیں" وہ.. تفخر سے بولا.. تو معاویہ منہ چیڑا کر.. ادھر ادھر دیکھنے لگا..

ابھی وہ دونوں اسی ادھیڑ پن میں تھے کہ.. اسکا کمرہ کون سا ہو گا..

احمر کی آواز پر.. دونوں ہی اچھل پڑے...

کیا ہو رہا ہے" وہ.. دونوں کو گھور رہا تھا...

میں تو تم سے بڑا ہوں تو مجھ سے.. پوچھنے کا کوی مقصد نہیں.. اس سے پوچھو.. یہ.. اپنی.. تازی تازی.. محبوبہ سے کیوں ملنے آیا ہے. حویلی کے اصولوں کے خلاف جاتا ہے سالے" اسنے اسکی.. گردن پکڑی معاویہ تو.. حیران رہ گیا...

اس چور کو میں نے بھی پکڑا ہے.. داجی کے پاس.. لے کر جاتا ہوں اسے میں"

بہرام سنجیدہ اور کافی غصے میں لگ رہا تھا..

رہنے دو داجی اس کی ایک دو پسلی توڑ دیں گے..." احمر نے.. افسوس سے.. کہا..

تو.. بہرام..نے اسکو جھٹکا..

یہ بس احمر کی وجہ سے.. تو بچ گیا.. ورنہ "اسنے اسپر مکہ تانا..

اچھا اچھا بس کرو بہرام.. چلو... معاویہ آئندہ ایسا نہ ہو ورنہ میں...ماموجان کو بتادوگا

"احمر نے کہا تو.. معاویہ نے سر ہلایا....

احمر..دونوں کو ایک نظر دیکھ کر..وہاں سے چلا گیا..جبکہ معاویہ.. کا پارہ...ہنڈرڈ

سینٹی گریڈ ہر پھنچا..اور..اسنے اپنی پشاوری چیپل نکالی..

دیکھ تجھے بچایا..ہے.سالے.."بہرام نے.اسے روکنا چاہا..کہ.معاویہ کی چپل.

اسپر گھومتی ہوئ ای..اور اگر وہ نہ بیٹھتا..تو ضرور منہ پر کھاتا..اور پھر..جنگ..جو

شروع ہونی تھی..دیکھنے لائق تھی..

بہرام..اس سے بچنے کے لیے.پیچھلے لون میں بھاگا..دونوں کے قہقھوں کی

آواز..سن کر کوی..بری طرح ڈرا...تھا...

جبکہ..لون..میں وہ دونوں ایک دوسرے کی دھلائ کر رہے تھے..گالیوں سے


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بھی نوازا جا رہا تھا.. انوشے.. کے ہاتھ پاؤں کانپ گئے.. رات کی تاریکی میں چاند

دیکھنا اسے بہت پسند تھا.. مگر.. یہ..

وہ حیران تھی.. اور قدرے اندھیرے میں.. تبھی ان کی نظر اسپر نہیں پڑی تھی..

اور جس طرح وہ

.ایک دوسرے کو پیٹ رہے تھے...

انوشے تو.. بری طرح سہمی.. سمجھ نہیں آیا. کس کو بلائے...

اور اسی خوف کے تحت اسنے خود کو ڈھانپا اور اندر بی جان کو بتانے کے لیے.. اس

سے پہلے دوڑتی.. بہرام کی نظر اسپر گئی..

اے روکو" وہ زور سے بولا.. انوشے وہیں ٹھہر گئی

انوشے" معاویہ نے فورا پہچان لیا...

اووووو" بہرام... نے اسے چٹکی کاٹی.. جبکہ معاویہ اپنے بال درست کرتا.. آگے

بڑھا... اسکا گریبان.. چاک تھا.. بہرام وہیں سے لیٹا... ان دونوں کو دیکھ رہا تھا....


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کیسی ہو" معاویہ نے اسکی جانب دیکھا جو نقاب کیے.. سیاہ دوپٹے کا.. حیرت بھری آنکھوں سے دیکھ رہی تھی....

کیا ہوا ڈر گئی" معاویہ اسکے مزید نزدیک ہوا

بتاتا ہوں میں داجی کو.... "بہرام ہاتھ جھاڑتا اٹھا.. انوشے جو.. معاویہ کو.. دیکھ رہی تھی.. جو.. کافی ڈیشنگ تھا.. بہرام کی بات پر.. اسکے ہاتھوں کا دم نکلا...

ارے نہیں.. یہ تو جھوٹ بول رہا ہے" معاویہ نے بات سمبھال آ چاہی. مگر.... انوشے کی آنکھیں بھیگنے لگ گئی تھیں...

بلکل نہیں.. زنان خانے میں ایسی لڑکیاں توبہ توبہ.. "بہرام... کی اداکاری عروج پر تھی جبکہ انوشے... خود سے تھر تھر کانپ رہی تھی....

لالا... نہ.. نہیں... میں تو..." انوشے... کی بھیگی.. بھیگی آواز معاویہ.. نے کڑے تیوروں سے.. اسے دیکھا... جبکہ اتنے میں.. ہی انوشے وہاں سے فرار.. تھی..

معاویہ کا بس نہیں چلا.. بہرام کے اندر بم بلاسٹ کر دے..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ خونخوار نظروں سے پلٹا... جبکہ.. بہرام.. اسے دھکا دے.. کر وہاں سے..
مردان خانے کیطرف بھاگا.. ایک بار پھر.. حویلی میں اسکے قہقہے گونج رہے تھے...

.................

اسکے لیے ماں باپ کی بے اعتباری... سوہان روح تھی...

جبکہ معاذ سے بھی کونٹکٹ کر کر کے وہ تھک چکی تھی کوئ اسکی آواز نہیں سننا چاہتا تھا....

کچھ ہی دنوں میں اسکی رخصتی تھی...

اسے شادی سے کوئ مسلہ نہیں تھا مگر.. اسطرح.. کے اسکے عزیز ہی اس سے نفرت کر رہے تھے..

ریہا سے مما اسکو بات نہیں کرنے دیتی تھی.. بابا سے بولنے پر وہ جواب نہیں دیتے تھے اور مما.. تو اس سے بری طرح بدزن تھی.. کیا اتنی بے اعتبار ہو کر وہ اس گھر سے جائے گی.. اور اگلے گھر.. میں بھی بے اعتباری منہ کھلے کھڑی ہو گی.. وہ بری

طرح رونے لگی تھی..

اس ایک شخص نے اسکو کیا سے کیا کر دیا تھا.. محبت کرنے والے لوگ... نفرت کر رہے تھے...

جب آپکی اہمیت آپکے اپنے ہی گیرا دیں تو اس تکلیف کو کیا کہتے ہیں یہ عابیر سے بہتر کوئی نہیں جانتا تھا...

.............

مہندی کا فنکشن.. ختم ہوا... تو. حویلی کے مردان خانے کے لون میں نئے سرے سے. مردوں کا فنکشن شروع ہو گیا تھا.. اور وہ کیا تھا سب جانتے تھے....

نین.. ان سب کو کھینچ کھانچ کر چھت پر لے آئی..

نین کوئی آٹھ گیا.. تو جان َسے مارے جائیں گے..

نیہا خوفزدہ تھی جبکہ باقی سب بھی. اور وہ تو.. نیچے.. ہونے والی عیاشی کو دیکھ توبہ توبہ کر رہی تھی مگر دیکھنا بھی فرض تھا جیسے..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

لو جی حیدر. لالا بھی آئے" وہ بولی تو ارمیش....نے ایک نظر نین کو ضرور دیکھا مگر

نیچے نہ جھانکا وہ اور نیہا پیچھے کھڑے تھے...

معاویہ کی حرکتیں دیکھو.. اللہ.. توبہ" نین نے.. جلدی سے چہرہ موڑا..

انوشے نے.. تھوڑا سا نیچے جھانکا.. اور پیچھے ہٹ گئی.. دل بری طرح دھڑکا..

جبکہ.. چہرے پر اداسی بھی چھا گئی...

سب سے اچھے احمر لالا ہیں" اسنے کہا اور وہ سب سیڑھیوں کیطرف بڑھیں..

ہمم نوٹنکی ہے" نین..نے منہ بگاڑہ..

شکر نہیں ہے تم میں..."ارمیش کے گھورنے پر وہ کندھے اچکا گئی.. وہ سب تو اپنے

اپنے روم میں چلی گئی جبکہ ارمیش اپنے روم میں آ گئی...

وہ.. جلدی سے اب.. اس لہنگا کرتی سے نجات چاہتی تھی..

تبھی.. روم میں داخل ہوتے ہی.. ڈریسنگ کیطرف بڑھتی کہ اسکے قدم.. حیدر کو

بیڈ پر بیٹھا دیکھ ایک پل کو روکے...ن



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ یہاں کیوں تھا.. باہر تو اسکا من پسند کھیل جاری تھا...

اسنے سوچا اور پھر.. دوبارہ ڈریسنگ.. کی طرف بڑھنے لگی... کہ حیدر نے اسکی کلائی

جکڑ.. لی....

ارمیش کو محسوس ہوا.. وہ بری طرح تپ رہا تھا...

خانم.. ضرورت ہے تمھاری" وہ.. آنکھوں میں.. گھمبیر تاثر لیے اسے گھور رہا تھا..

ارمیش نے ایک پل کو اسکو دیکھا.. اور. ایک جھٹکے سے ہاتھ چھڑایا...

پیچھلے چار دن سے. آپ جس کے پاس تھے سائیں کیا اس سے ضرورتیں پوری

نہیں کیں" وہ.. بے تاثر لہجے میں اسے گھور رہی تھی... حیدر نے.. چند سانیے

حیرت سے اسے تکا... اور. پھر کھینچ کر تھپڑ دے مارا.

خانم... بتایا تھا نہ.. حور ہمارا مسلہ ہے اور ہم تمھارا.. یہ کیا ناز نکھرے لیے بیٹھی ہو

کس نے.. تمھاری ہمارے سامنے زبان نکالنے.. کی جرتیں بڑھا دیں سمجھ کیا رہی

ہو خود کو.." وہ مسلسل.. اسکو. مارتا.. چینخ رہا تھا....

جبکہ ارمیش.. خود کو بچانا چاہ رہی تھی..

ح.... حیدر "ارمیش نے اسکا دوبارہ اٹھتا ہاتھ تھاما...اسکا چہرہ سرخ تھا.. جبکہ.. آنکھوں سے اشک جاری تھے...

ایک کان کا اویزہ...بیڈ سے نیچے.. پڑا تھا.. جبکہ دوسرے کان سے.. ہلکا سا خون نکلنے لگا تھا.. گردن پر بھی حیدر.. کے ناخنوں کی خراشیں تھیں غرض پل میں حیدر نے اسکی اوقات اسپر واضح کر دی...

حیدر نے اپنا ہاتھ اسکے ہاتھ سے جھٹکا اور اسکے بال... پکڑ کر اسکا چہرہ اپنے چہرے کے قریب کیا

www.novelsclubb.com

خانم.... فضول محنت مت کرو......

سب ضایع ہے.. "مدھم سی مسکراہٹ.. لیے.. وہ اسکو باور کرا رہا تھا... کہ وہ اسکے سامنے کچھ نہیں

ارمیش کے بال کھینچ رہے تھے.. وہ مزید پٹ کر...اپنے بچے کو نقصان نہیں پہنچانا


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

چاہتی تھی.. تبھی.. نگاہ جھکا گئی..

جبکہ حیدر.. نے.. بے دردی سے...اسکے کانپتے...لبوں پر قفل لگایا...

ارمیش کو یہ قربت بچھو کی مانند ڈسنے لگی....

اسکی سسکیاں بلند ہو رہیں تھیں جبکہ وہ.اسپر پوری طرح حاوی ہو چکا تھا.....

.......................

برات کا فنکشن حویلی کے لون میں ہی ہوا تھا.. جبکہ.. وہ کون سا شخص... تھا.... جو اس فنکشن میں موجود نہیں تھا....

جلسہ اسکا بہت کامیاب گیا تھا.. جبکہ اس علاقے سے وہ جیت چکے تھے..اب.. اسمبلی میں انکی سیٹ پکی تھی..ایک جشن تھا...جو روز منایا جارہا تھا..اسی سوچ کے تحت اس فنکشن پر..داجی نے کوئی کثر نہیں چھوڑی تھی دعوت ایسی تھی..کہ.. کبھی..کسی نے نہ کھائی ہو....

بہرام...بلیک علاقائی سوٹ میں... جیسے محفل کی جان بنا ہوا تھا...ہفتہ ہونے کو ایا

تھا.. وہ عابیر سے نہیں ملا تھا تبھی اکھڑا اکھڑا سا تھا اور یہ سب داجی کی وجہ سے ہوا تھا

وہ کبھی کسی کام میں پھنسا دیتے کبھی کسی..

میں ضروری نہیں تھا کہ .. وہ انکی مانتا.. بس.. مراوت کے ہاتھوں مجبور تھا...

سارا فنکشن بے کار گزرا تھا....

اور پھر رخصتی کا شور اٹھنے لگا...

حالانکہ.. زنان خانے سے مردان خانے میں.. نیہا نے انا تھا مگر خواتین پھر بھی..

رونے کا شغل لگا رہیں تھیں...

یہاں سب بے چین تھے....

احمر نین کو دیکھنے کے لیے جبکہ معاویہ انوشے کو.. اور بہرام یہاں سے بھاگنے کے لیے.....

جبکہ حیدر.. خود شہر جانے کے لیے بے چین تھا.....

بلاآخر رخصتی ہوئی....اور مردان خانے میں تھوڑی دیر بعد ہی نیہا کو...اسکے روم میں



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بیٹھادیا گیا..اب جیسے سارے ہنگامے بیٹھ گئے تھے.. مگر نہ احمر نین کو دیکھ سکا تھا نہ معاویہ انوشے کو..

بہرام..اس جھنجھٹ کے ختم ہوتے..ہی..گاڑی کی چابی لے کر نکلنے لگا..کہ داجی کے پکارنے پر روکا..اسنے.. جھنجھلا کر پاؤں زمین پر مارا اور پھر ضبط کرتا..انکی طرف بڑھا سب مہمان جا چکے تھے..بس کچھ ہی تھے...اور وہ بھی نکل رہے تھے..

خان ان سے ملو...یہ mpa صفدر ہیں...اور یہ انکی بیٹی...

وردہ" داجی نے...اسکا تعارف کرایا جبکہ وہ دونوں باپ بیٹی مسکرا دیے..اور بہرام یہاں مراوت میں بھی مسکرا نہ سکا...

وردہ..اس شہزادے کو غور سے دیکھ رہی تھی..

داجی..مجھے ضروری کام ہے..میں..پھر ملو گا" وہ..کہتا..وہاں سے ہٹا...داجی نے کافی خفت محسوس کی..وردہ انھیں بہرام کے لیے..بہت بھائی تھی...

ٹھیک ہے مراد شاہ ہم بھی چلتے ہیں..اب اسمبلی میں ہی ملاقات ہو گی"صفدر نے کہا..تو لہجہ سنیجدہ تھا..

ارے.... کہاں چلے.. پہلی بار ہمارے علاقے میں ائے ہو..ایک رات تو رو کو" داجی نے.. کہا.تو.. باقی سب نے بھی تائید کی..داجی کے پانچوں بیٹے..وہاں کھڑے تھے...

بہرام ان سے کچھ فاصلے پر جا چکا تھا... معاویہ بھی اسکے پیچھے تھا...

نہیں انکل...اب چاہیں تو اپنے فرینڈ کو روک لیں مگر مجھے جانا ہے پلیز"وردہ نے معمولی سی مسکراہٹ سے کہا..تو..سب مسکرا دیے..معلوم ہی نہیں ہو رہا تھا یہ وہی لوگ ہیں جو اپنی عورتوں کو بے حجاب دیکھنے پر قتل وغارت پر اتراتے ہیں...

کیوں نہیں بیٹی..ہمارے خان تمھیں.... چھوڑیں گے وہ بھی شہر ہی جا رہے ہیں" داجی نے کہتے ساتھ ایک بار پھر اسے پکارہ... جس کے صبر کا پیمانہ اب لبریز ہو چکا تھا..اور وہ ایسا برا پھٹتا.. کہ یہ سب یاد رکھتے..وہ لہو رنگ آنکھوں سے انھیں

دیکھنے لگا...

خان.. وردہ بیٹی کو انکے.. گھر چھوڑ دینا" وہ داجی کی سب چلاکی سمجھ رہا تھا....

معاویہ سائیں.. چھوڑ دیں گے "اسنے وہیں سے جواب دیا.. وردہ کا چہرہ سنجیدہ ہوا..

جبکہ یہ ہی حال صفدر کا تھا...

باقی سب.. بہرام کی حرکت پر بس... خون پی کر رہ گئے...

خان.. ہم نے کہا اپ چھوڑیں گے" داجی نے.. جیسے وارنیگ دی. وہ اسکے قریب ا

گئے تھے.. اور اسکے شانے پر ہاتھ رکھتے... دباو دینے لگے...

دیکھ لو گا اپکو میں.." بہرام.. نے بھی انھیں گھورا... داجی مسکرائے...

اچھے سے دیکھنا دادا کی جان.." وہ.. خوشی سے بولے... اور بہرام.. باہر نکل گیا...

.جائیں.. بیٹا..." وردہ کو انھوں نے کہا تو.. وہ.. سر ہلاتی چل دی.. جبکہ باقی سب

وہ.. ہنستے ہوے مردان خانے کیطرف بڑھے...

معاویہ.. وہیں کھڑا تھا.



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جبکہ بہرام اپنی جیپ.. میں..رات کی تاریکی میں بھی گاگلز لگائے..اتنا لاجواب لگ رہا تھا.. کہ وردہ...اس پر فدا ہونے لگی..

معاویہ سائیں مہمان کو اسکے ٹھکانے پر پہنچا دو" بہرام نے کہا.. تو معاویہ...نے سر ہلایا..

مگر اپکے داجی نے کہا.. کہ اپ. چھوڑیں گے" وردہ..نے ایک نظر معاویہ کو دیکھا. اور اسکی جیپ میں بیٹھ گئ...

بہرام کے لیے یہ سب بڑا ضبط..ازما کام تھے...

معاویہ سمجھ رہا تھا...وہ...غصے سے پھٹ ہی نہ جایے.. تبھی. وہ بھی جیپ میں سوار ہوا..اور جیپ....انچے نیچے راستو پر دوڑنے لگی وہ سنجیدگی سے ڈرائیو کر رہا تھا.. سر پر دھن سوار تھی کہ..عابیر سے ملنا ہے...

اور سب..مل کر..اس سے اسکو دور رکھ رہے تھے..

اہستہ چلائیں خان...." وردہ کو حقیقت میں خوف محسوس ہوا..یہ راستے کس قدر

خطرناک تھے.....

بہرام نے اچانک ہی.. گاڑی روکی...

معاویہ کے لب مسکرائے.....

معاویہ سائیں اگر شرم ورم کا کوئ سین ہے تو باہر جا سکتے ہو" وہ سنجیدگی سے سٹرینگ پر ہاتھ جمائے...بولا...وردہ کا منہ کھلا علاقہ سن سان تھا...

سائیں کیسی شرم....."معاویہ..نے..سکون..سے... کہا...

مگر ہماری بھی باری ائے گی... بھلنامت" وہ....مزے سے بول رہا تھا..وردہ کا سانس حلق میں ہی اٹک گیا..

کیا..کیا مطلب ہے اس سب بکواس کا" وہ حمت کرتی بولی...

بلبل...یہ زبان تو..لڑکیوں کو بڑی جلدی سمجھ اجاتی ہے" بہرام..اپنی مخصوس ٹون میں اترا...

اور گاگلز اترے....اب وہ کفلنکس اتار رہا تھا..جبکہ..قمیض کے اوپری دو بٹن..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کھولے...

وردہ...کے تو اوسان ہی خطا ہو گئے. وہ بولڈ تھی مگر. کبھی اس حد تک نہیں گئی.

تھی. وہ چینخ مارتی...گاڑی سے باہر نکلی.... سانس بری طرح پھولے.. جبکہ...وہ بے

اوسان بنا.. پیچھے دیکھے.... دوڑنے لگی...

معاویہ کا قہقہ...گاڑی میں گونجا..اور وہ..اچھل کر. فرنٹ سیٹ پر بیٹھا...

باسٹرڈ" بہرام..نے..غصے سے... کفلنلس..ڈش بورڈ پر پھینکے..اور گاڑی.. بھڑا

دی...

جبکہ معاویہ نے جھک..کر...واین کی بوتلیں نکالیں..ایک اسکے ہاتھ میں تھمائی

جبکہ.ایک..خود کھول لی..

ویسے خان...اگر...وہ رپورٹر..نہ ملی ہوتی...تب بھی..سائیں ایسے جانے دیتے

لڑکی کو" معاویہ نے انکھ دبای... بہرام نے. بوتل لبوں سے ہٹائی..اور اسکو دیکھا...

بھابھی..."اسنے تنبھی نظروں سے اسے دیکھا.



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جی حضور بھابھی اب تو بتاو" اسنے فوراا اسکی بات مانی..

تمھیں کیا لگتا ہے خان" بہرام مدھم سا مسکرایا....

جبکہ.. دونوں کا قہقہ.... گاڑی.. اور سن سان رستوں کو جگمگا گیا...

..................

حور... کے مسلسل میسیجز آرہے تھے جبکہ وہ والٹ.. اور کیز لینے کے لیے روم میں

ایا تو.. ارمیش کو بیڈ پر لیٹا پایا....

وہ.. اسکو اگنور کرتا.... اپنا سامان اٹھانے کے لیے بڑھا... کہ.. اسکی مدھم سی سسکی

سنائی دی....

حیدر نے. کچھ چونک کر دیکھا....

ارمیش ابھی بھی.. سرخ لباس میں تھی جبکہ... آنکھوں پر ایک ہاتھ رکھے دوسرے

ہاتھ.... کو.. بلنکیٹ میں چھپایا ہوا تھا....

اسنے پھر سے اگنور کیا.... اور.. سامان اٹھا کر باہر کو جاتا... کہ.. اسکی سسکی نے پھر

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسکے پاوں پر قفل ڈالے.. وہ جھنجھلا کر پلٹا...اور.. اس تک پہنچ کر.. اسکی آنکھوں پر سے ہاتھ جھٹکا....

بکھرے بکھرے میکپ.. میں...وہ جان لیوا.. لگی...

مگر.. اسنے خود کو ڈپٹا.. کہ حور کے پاس پہنچنا زیادہ ضروری تھا...

مسلہ کیا ہے تمہارے ساتھ.. ہر وقت کی منحوست تنگ نہیں اتی.. خانم "وہ.. غصے سے بولا.. ارمیش.. نے اسکی جانب دیکھنا گوارا نہ کیا.. اور انسو پوچھ کر.. وہ اٹھ بیٹھی.. اس دن کے بعد سے وہ.. اس سے ایک لفظ نہیں بولتی تھی..

حیدر کو.. یہ بات اپنی انا پر گراں گزری...

اسنے سامان.. بیڈ پر پٹخا.. اور ارمیش کے بال جکڑ لیے.. ارمیش کی پلکیں اب بھی جھکیں تھیں..

نام لو ہمارا" وہ اسکے چہرے کے ایک ایک نقش پر.. اپنی تپتی نظریں گاڑتا بولا...

ارمیش خاموش رہی...

حیدر نے مزید اسکے بال کھینچے تو ارمیش کا چہرہ.. اوپر اٹھ گیا....

حیدر.. اسکی پھیلی سرخ لیپسٹک.. کو دیکھنے لگا..

کہو حیدر" اسکی اواز مدھم تھی.. جیسے وہ ان ہونٹوں کے سحر میں جکڑا جا چکا تھا..

اب.. میسیج کی بولتی ٹون یہ.. حور.. فلحال اسکے دماغ سے غائب ہو گئ..

ارمیش.. نے.. دونوں.. ہاتھوں سے.. اسکے سینے پر دباو ڈالا... اور اسے پیچھے جھٹکا..

وہ اتنا کمزور نہیں تھا.. مگر ایک قدم خود سے پیچھے ہو کر وہ اسکی جرتیں دیکھ رہا تھا...

دور رہیں..... مجھ سے" وہ سرخ آنکھوں اور بھیگے لہجے میں.. بولی...

اووو اچھا.... ویسے تم خانم خاموش جب رہتی ہو تو کم منحوس لگتی ہو"... اسنے اپنے شانے پر سے چادر.. اتاری.. اور دور صوفے پر اچھال دی...

ارمیش.. نے... روخ موڑ لیا..

جائیں جہاں جا رہے تھے" وہ بال سمیٹتی.. اٹھتی.. حیدر نے اسے اٹھنے نہ دیا وہ اسکے بلکل سامنے کھڑا تھا....

خانم ہماری بات..مانی نہیں اپ نے "اسنے..ارمیش کا چہرہ..دبوچا....ارمیش کو تکلیف ہوئ..اور اپنا ہاتھ..حیدر کے ہاتھ پر رکھ کر..وہ ہاتھ ہٹانے لگی..حیدر کی نظر اسکے صاف شفاف ہاتھ کی...جلد پر گئ..جو جگہ جگہ سے سرخ..ہو گئ تھی..

اور اسپر چھالے بنے تھے..

ارمیش کی بھی نظر اسکی نظر سے ٹکرائ..اسنے ہاتھ ہٹایا...

کیسے لگی یہ "حیدرر..نے ماتھے پر بل ڈالے پوچھا..

اپکو کیا ہے اس سے زیادہ..اپ مار کر دے دیتے ہیں "ارمیش..کو دوبارہ سے تکلیف ہونے لگی...تبھی..وہ..بولی....

حیدر نے..دانت بھینچ کر اسکو دیکھا....

میں تمھیں مارو تمھارے جسم کے ایک ایک حصے کو کاٹ کے پھینک دوں مجھے افسوس نہیں...مگر کوئ..اور یہ کرے..وہ زندہ نہیں بچے گا..بتاو مجھے کیسے ہوا یہ"

وہ بولا..تو ارمیش...کی آنکھیں آنسوں سے بھر گئیں...

www.novelsclubb.com

درختنے سے چائے گیر گئی" وہ.. ناجانے کیسے اسے بتا گئی.. جبکہ...وہ تو اب اس شخص سے بات بھی نہیں کرنا چاہتی تھی...

اندھی ہے کیا وہ" حیدر دھاڑا.. اور ایکدم اٹھا...

روک جائیں سائیں.... اپکو میرے لیے.. یہ سب کرنے کی ضرورت نہیں....

"ارمیش سرد لہجے میں بولی.. تو حیدر بل کھا کر پلٹا..

تم نہ اس قابل ہی نہیں ہو کہ تم سے تمیز سے بات کی جائے" وہ.. غصے سے اسے دیکھنے لگا....

ہمم تمیز "ارمیش.. نے مدھم اواز میں کہا.. حیدر کے لیے یہ بات ہضم کرنا ہی دشوار تھی کہ وہ لڑکی جسے دو سالوں سے...وہ ایسے ٹریٹ کرتا... تھا.. جیسے وہ کوی ملازمہ ہو اور وہ ایک لفظ نہیں بولتی تھی جبکہ اب.. اسکی اتنی زبان کیسے لگ گئی تھی..

اسنے ارمیش کی بر بڑاہٹ پر.. کھینچ کر تھپڑ.. دے مارا.. جبکہ. گردن بھی دبا..

دی.ارمیش..تکیے..پرپڑی تڑپنے لگی...

اسکے ہاتھ میں بلا کی سختی تھی..ارمیش کا سانس..رک رہا تھا....

س...سائیں.."اسنے خود کو چھڑانے کی بھرپور کوشش کی..مگر..حیدر..نے.

دوسرے ہاتھ سے..اسکا منہ بھی دبادیا...

اسے محسوس ہوا..اب..اسکا دم نکل جائے گا....

اوراس سے پہلے سانسیں جسم کا ساتھ چھوڑ تیں.وہ دور ہوا..اور..ایک جھٹکے سے..اسکی کمر میں ہاتھ ڈال کر..اسکو نزدیک کیا...

ارمیش.... بری طرح..رونے لگی..کہ اسکی مدھم مدھم چیخیں..حیدر کے سینے میں دم توڑ رہیں تھیں..

خانم.انسان کو اپنی اوقات..اور شناخت نہیں بھولنی چاہیے.."وہ اسکے سر پر ہاتھ پھیرتا...مدھم مسکراہٹ کے ساتھ...جیسے اسے سمجھا رہا تھا...

ارمیش کا وجود اسکے ہاتھوں میں بری طرح کانپ رہا تھا.......


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ کچھ نہ بولی... حیدر.. اسکا سسکنا.. رونا.. سنتا رہا...

اچھی لگ رہی ہو" کچھ دیر بعد حیدر نے ہی.. اسکا چہرہ اوپر کیا..

ارمیش.. بے بس.. اسے دیکھنے لگی..

اسے اندازا ہو گیا تھا.. وہ.. اسکے سامنے کچھ نہیں... وہ بولے.. تب بھی.. وہ نہ بولے تب بھی. وہ شخص.. اس سے اپنی غلامی ہی کرائے گا...

حیدر.. نے.. جھک کر.. اسکی لپسٹک کو.. مزید.. برباد کر دیا.. جبکہ اسکے ہاتھ اپنی گردن میں حائل کر کے.. وہ پوری طرح. اس میں گم ہو گیا....

چند.. عزیت ناک.. پل گزرنے کے بعد... وہ.. فون کی بیل پر جھٹکا کھا کر.. اٹھا....

ارمیش... خود کو.. سمبھالنے لگی.. جبکہ وہ.. بھی خود کو سمبھالتا... فون اٹھا گیا...

حیدر میں پیچھلے ایک گھنٹے سے تمہارا انتظار کر رہیں ہوں" حور غصے سے بولی.. تو. وہ مسکرا دیا..

بس ایک ضروری کام میں پھنس گیا تھا.. اب نکلتا ہوں نہ اڑ کر پہنچ جاوگا تمھارے

پاس" وہ.. ارمیش کی غیر.. ہوی حالت. کو.. مزے سے دیکھتا.. اٹھا... اور... ڈریسنگ کے سامنے چلا گیا...

کیسا کام" حور کے لہجے میں خدشے تھے... سمجھ تو وہ گئ تھی

وہ اتنا اہم ہی نہیں کہ.. اپ اسکو سوچ کر وقت برباد کرو.. چلو بند کرو اور گھڑی دیکھو.. پندرہ منٹ میں اتے ہیں" اسنے کہا.. تو وہ ہنکارہ بھر کر فون بند کر گئ...

ارمیش ایک بار پھر رونے لگی تھی.. حیدر گنگنا رہا تھا...

اب اسے اسکے سسکنے یہ رونے کی فکر نہیں تھی.. کیونکہ یہ تکلیف.. اسنے اسے دی تھی.. وہ. پھر سے.. تیار ہو کر.. اسکے پاس ایا.. اور دراز میں سے.. برنول نکال کر. اسنے اسکے ہاتھ پر احتیاط سے لگایا.. اور اسکے ماتھے پر بوسہ دے.. کر. وہ اپنا سامان اٹھا کر.. نکل گیا... پیچھے ارمیش کی چیخیں.. اور. کمرے کی تنہائی تھی... وہ اسے پاگل کر رہا تھا....

...................



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

احمر نے دروازہ کھولا تو سامنے نین کو دیکھ..اسکی آنکھیں پھٹ گئیں...

نین یہ سب کیا ہے "وہ..ہڑبڑایا...کتنا ہنگامہ ہوا تھا...پہلے بھی اور پھر وہ..اگی تھی..

میں یہ سوچ رہی ہوں چھوٹے..

احمر "وہ غصے سے بولا..

اچھا کچھ بھی..."نین نے ناک پر سے مکھی اڑائی...

کہ حویلی کے باہر کا نظارہ کیسا ہوگا "اسنے. سوچا..اور اسکیطرف دیکھا...

یہ سارے افلاطونی کام اپ نے مجھ سے ہی کرانے ہوتے ہیں..داجی زندہ نہیں چھوڑیں گے جائیں یہاں سے "وہ.اسکو بیڈ پر بیٹھا دیکھتے ہوئے بولا..جبکہ اس سے خود کافی فاصلے پر تھا...

ہاں نہ میں چاہتی ہوں داجی تمھیں سولی پر چڑھا دیں "نین نے خونی نظروں سے اسے دیکھا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

احمر افسوس کے سوا کچھ نہ کر سکا...

باہر لے کر چلو مجھے "اسنے دوٹوک لہجے میں کہا.. جبکہ نقاب سے چہرہ چھپایا ہوا تھا..

ناممکن "احمر نے جھٹ کہا..

ٹھیک ہے.. ابھی ابھی.. نکلتی ہوں تمھارے کمرے سے.. اور... پکا کوئی نہ کوی دیکھے گا... پھر.. بچانے مت انا" نین نے باغی لہجے میں کہا... جبکہ احمر کا صبر جواب دے گیا..

وہ.. ایک سیکنڈ میں اسکے نزدیک ہوا.....

اور. اسکی کمر میں ہاتھ ڈال لیا..

نین کے حقیقی معنی میں چھکے چھوٹ گئے تھے.. وہ آنکھیں پھاڑے.. اسکو دیکھ رہی تھی. جس کے لب مدھم سی مسکراہٹ میں.. ڈھلے تھے...

اور وہ.. اہستگی سے اسکا نقاب.. اتار رہا تھا.. نین کا پورا وجود کانپ گیا اسے احمر سے یہ توقع نہیں تھی..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ماشاءاللہ "نین کا چہرہ دیکھ کر احمر نے پیار سے کہا...

نین کو اس سے گھن انے لگی..

زلیل انسان "وہ چنگھاڑی....

اور اسے دھکا. دے کر.. دروازے کیطرف دوڑی...

نین اپ غلط سمجھ رہیں ہیں "اسکا کوئ غلط ارادہ نہیں تھا مگر.. نین نہ جانے کیا.. سمجھ رہی تھی...

سمجھ گئ ہوں میں تم بھی باقیوں کیطرح حوس پرست ہو بس. "وہ بلند اواز میں دھاڑی..

www.novelsclubb.com

پلیز اواز اہستہ رکھیں..."احمر نے اس طوفان کو روکنا چاہا...

دیکھتے جاو... میں تمھارے ساتھ کرتی کیا ہوں "وہ وارن کرتی باہر بھاگی...

تو احمر. بھی پیچھے نکلا.. قسمت ہی تھی ہال میں کوئ نہیں تھا..

ایک اور بیر ڈال لیا تھا. اب احمر نے نین سے.. نہ جانے اب وہ کیا کرتی


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ مسکرا دیا....

بس اسکو دیکھنے کی خواہش.. پوری ہو گئ تھی..

.......................

اس صابن دانی میں.. کبھی نہ..او میں..اگر.. ہمارا سرکار.. یہاں نہ ہو" بہرام..

شراب کی بوتل پیتا... جھنجھلا کر بولا..

یار انوشے یاد آرہی ہے" معاویہ اپنے ہی گم میں... تھا...

چل.... چلیں" اسنے... کہا.. تو معاویہ نے روکا...

خان اج.. کوٹھے پر چلتے ہیں..."

سرکار کے ساتھ بے ایمانی نہیں چلے گی.. سائیں.. پہلے ہی.. ہماری میٹھی.. اکھڑی

اکھڑی.. رہتی ہے. معلوم ہو گیا. تو کھا جائے گی.."وہ..مزے سے ہنسا..

ابے.. کس نے بتانا.. بھابھی کو" معاویہ جھنجھلایا....

ملے بغیر کہیں بھی نہیں" بہرام قطعی لہجے میں بولا...

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اور ملنے کے بعد" وہ پر جوش ہوا...

سوچیں گے" بہرام نے کہا. اور دنوں گاڑی سے نکالے..

چھت سے جانے کی اب ضرورت نہیں تھی تبھی دونوں نے. انکا دروازہ بجایا....

دروازہ نہ کھلنے پر. دونوں نے لاتیں مارنی شروع کر دیں...

تو.. جھٹ دروازہ کھلا..

رات زیادہ تھی تبھی. ارد گرد کوئ نہیں تھا....

اکبر صاحب کو دیکھ کر دونوں نشے میں جھومتے سلام جھاڑنے لگے.. اکبر صاحب...

چاہ کر بھی انھیں... نکال نہ سکے کے انکے ہاتھ میں بندوقیں تھیں...

دلبر....." بہرام... صحن میں پڑی.. کرسی.. پر بیٹھتا.. بندوق.. سائڈ پر پڑی..

چھوٹی سی.. میز پر رکھتا.. اونچی اواز میں.. چلایا..

عابیر... جس کی نیندیں تو اڑ چکیں تھیں اسکی اواز پر... ایکدم اٹھی مگر باہر نہ نکلی..

مکھن کہاں ہوں" وہ پھر بولا...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بیٹا کیوں کر رہے ہو ایسا ہماری عزت برباد ہو گئ.... مت کرو ایسا" اکبر صاحب کے پاس اسکے سامنے ہاتھ جوڑنے کے سوا کوئ چارا نہیں تھا.. بہرام انھیں سرخ نظروں سے دیکھنے لگا.. عابیر.. ریہا.. اور مما بھی دیکھ رہیں تھیں. عابیر تو تڑپ ہی اٹھی...

وہ اچانک ہی دوڑتی ہوی.. باہر نکلی

.. بابا اپ اس پنچ کے سامنے ہاتھ جوڑیں گے..."

عابیر" اکبر صاحب دھاڑے...

سرکار خوشآمدید" بہرام.. ہنستا. ہوا... اسکو دیکھ کر بولا... دل.. میں چین سکون اتر گیا...

اکبر صاحب... کو عابیر پر اسقدر غصہ تھا کہ وہ اسپر ہاتھ اٹھاتے کہ بہرام نے فائر کھول دیا. عابیر..

سمیت سب کی چینخ نکل گئ.. مگر گولی.. اکبر کو نہیں لگی تھی.. پاس سے گزر گئ...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ایک ہاتھ بھی لگایا.. تو تن سے الگ کر دوں گا..." بہرام سنجیدگی سے بولا...

عابیر.... بھیگتی آنکھوں سے باپ کو دیکھنے لگی..

اکبر صاحب.. اسے.. وہیں چھوڑ کر... اندر چلے گئے..

بابا" عابیر.. کو اپنی غلطی کا احساس ہو گیا تھا... اسنے تو.. سب ثابت کر دیا...

سائیں تھوڑی دیر تو رو کو" بہرام نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا جبکہ وہ.. باپ کے جانے پر اور پھر دروازہ بند کر دینے پر.. مچل اٹھی..

سمجھدار ہے" معاویہ.. ہنس پڑا... جبکہ.. خود بھی باہر چلا گیا.. صحن میں بس وہ دونوں رہ گئے...

www.novelsclubb.com

عابیر اپنا ہاتھ چھوڑانے.. کی کوشش کرتی.. زمین پر بیٹھ کر.. رونے لگی.. بہرام نے اسے کھینچ کر اپنی چیئر کے نزدیک کر لیا....

اور اسکا چہرہ دیکھنے لگا....

اس چہرے پر.. بہرام قربان جائے.." ایک ہاتھ سے اسکا ہاتھ قابو کیے جبکہ


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

دوسرے سے..اسکے چہرے پر ہاتھ..چلاتا..وہ مدہوشی میں تھا...

عابیر نے اسکا ہاتھ جھٹکا...

اور..ایک ہاتھ سے اسکا گریبان نوچ ڈالا

سسسسسی" بہرام کے سینے پر اسکے نخون چبھے تھے...

مگر وہ پھر بھی مسکرا دیا...

اور..عابیر کو مزید کھینچ کر..وہ جھک کر..اسکے چہرے پر جھکنے لگا..کہ..عابیر نے

اسکے منہ پر تھپڑ دے مارا...بہرام نے.وہ ہاتھ بھی تھام لیا...

اور..اسکی انگلیوں کو دیکھنے لگا...

عابیر کا دل خوف سے لرزا...

بہرام نے.ان نازک انگلیوں کو لبوں سے لگایا اور پھر دانتوں میں دبالیا..اتنی زور

سے..کہ.عابیر کی چینخ..سن کر..اکبر صاحب.جو اس سے نفرت کا اظہار کر کے

جا چکے تھے تڑپ کر باہر نکلے..

انکی بیٹی تڑپ رہی تھی.. جبکہ وہ دانتوں میں اسکی انگلیاں لیے مسکرا رہا تھا...

وہ بھاگ کر اس تک پہنچے.. اور اپنی بیٹی کو چھڑوایا....

عابیر انکے سینے سے لگی... رونے لگی.. جبکہ بہرام.. بندوق لے کر اٹھا..

چلتا ہوں.. سرکار... ہر ملاقات.. میں.... اپنے کھٹے سے باندھ لیتیں ہیں... کبھی تفصیلی.. ملیں گے.. پھر.. اپکو سسکانہ دیا.. تو نام بدل دینا.. "وہ بے باکی سے کہتا.. انگلش دھن گنگناتا.. وہاں سے نکلا...

عابیر سمیت اج اکبر صاحب بھی رو رہے تھے جبکہ اندر ریہا.. اور مما بھی روئے جا رہیں تھیں..

ہنستا بستا گھر.. اجڑ کر رہ گیا تھا...

......................

موبائیل مسلسل بج رہا تھا کمرے کی فضا.. میں انگلش.... مدھم سونگ کی اواز ایک تسلسل سے اٹھ رہی تھی....

www.novelsclubb.com

جبکہ..بیڈ پر دیکھا جائے تو بہرام خان.. تکیوں میں منہ دیے..اندھا دھند ہوش لیٹا تھا..بیڈ کے ارد گرد.. شراب کی بوتلیں پڑیں تھیں جبکہ سگریٹ...کی ڈبیاں الگ پڑیں تھیں....

فون کرنے والا بھی.. مسلسل فون کیے جا رہا تھا....

اسکی کشدہ پیشانی پر بل ڈلے..اور وہ ایکدم..تکیے ہٹاتا اٹھ بیٹھا..آنکھوں میں..کم نیند کی سرخیاں تھیں....

فون اٹھایا...اور بغیر دیکھے اٹینڈ کیا...

گالی...کون سی تکلیف ہوئ ہے" پورے کمرے میں اسکی للکار تھی...

سائیں..سائیں...جی میں رشید" دوسری طرف سے. زرا گھگھیایا..کر بتایا گیا...

کون رشید.." وہ پھر دھاڑا نیند سے دماغ سن تھا...

جی..وہ..سائیں...

یہاں بی بی سائیں کے گھر پر جی بڑی ہلچل ہے" رشید اصل بات پر ایا...

بہرام کو اب بھی کچھ سمجھ نہیں ارہا تھا...

اس سے پہلے وہ.. اسکو گالیاں دیتا اسکے دماغ میں زرا سا کلیک ہوا...

ادھا لٹکا کمبل.. اوپر سے ہٹایا...

کیسی ہلچل "رشید نے.. سکھ کا سانس لیا. کہ شکر ہے اسکی یاداشت اچکی تھی...

سائیں کچھ... ٹھیک نہیں لگ رہا.. بہت سارے لوگ ارہے ہیں. وہ لڑکا.. بھی ہے جس کا فوٹو اپ نے دیکھایا تھا... اور بھی کافی لوگ ہیں جی.. کچھ گڑ بڑ سی لگ رہی ہے "رشید نے اسے ساری بات بتائ.. تو.. وہ بالوں میں ہاتھ پھیر کر اٹھا....

اگر... جیسا تم بتا رہے ہو... ویسا نہ ہوا تو یاد رکھنا... میں تمھارا وہ حشر کرو گا... کہ دوبارہ.. سانس لینے قابل بھی نہیں رہو گے "وہ اسے وارن کرتا.. فون بند کر کے.. اٹھا.. اور.. اسی نائٹ ڈریس.. جو.. کہ.. ٹراوزر.. شرٹ پر مشتمل تھی... شرٹ کے بٹن بند کرتا.. چپل.. سفید پاوں میں پہنتا وہ تقریبا باہر کی جانب بھاگا تھا... اور سیدھا معاویہ کے کمرے کے اگے رکا....



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

دروازہ... کھول کر.. اسنے.. معاویہ کو نیندوں میں ہی جھنجھوڑ دیا....

معاویہ نے یڑ بڑا کر اسے دیکھا..

کیا"

چلو میرے ساتھ.. "وہ بہرام کا سنجیدہ چہرہ دیکھ جر.. اسکے ساتھ ہو لیا...اور دنوں

اسی حولیے میں.. ایک جھپکے کیطرح حویلی سے نکلے تھے...

مردان خانے کے ہال میں سب نے ہی انھیں یوں گزرتے دیکھا.. تو...سب..

انھیں روکتے رہ گئے مگر بہرام.. نے نہ روکنا تھا نہ ہی وہ روکا....

داجی ماتھے پر بل ڈالے... دیکھنے لگے...

احمر خان"

جی داجی" وہ ایکدم انکی طرف متوجہ ہوا...

اس وجہ کا پتہ لگواو... جس کی بنا پر خان نے اپنی نیند کی پروا نہیں کی "سب ہی جانتے

تھے.. وہ دن میں کبھی حویلی میں نہیں دیکھتا جبکہ رات.. کو ہی. اسکے. رخ روشن کا

دیدار ہوتا تھا...

جی داجی "احمر نے کہا تو.. وہ سر ہلا گئے

.....................

حیدرا گر تم نہ ہوتے تو میں ان حالات میں پاگل ہو جاتی "حور نے بھیگی نظروں سے اسے دیکھا... جو... بڑی شان سے صوفے پر بازو پھیلائے بیٹھا تھا... وہ دو دن سے.. حور کے پاس تھا...

تم نے ہمیں اتنی دیر سے کیوں یاد کیا...

یہ گھر تمھارا ہے.. تم سکون سے رہو.. بس.. ایک کام ہے حور.. وہ بھی جلد ہو جائے تو ہم شادی کر لیں "حیدر نے ابھی.. ان دو دنوں میں حور کو ایک اپارٹمنٹ خرید کر دیا تھا...

حور.. اس کام کو جانتی تھی... تبھی خاموش ہو گئی.. جب سے حیدرا سے ملا تھا تب سے ہی.. وہ... محتشم سے.. خلا لینے کی رٹ لگائے ہوئے تھا....

حور نے اسکی جانب دیکھا. وہ کام بھی ہو جائے گا.. مگر میری ساس... محتشم کو پتہ چلا تو.. وہ یہاں آجائے گا" حور نے کسی خدشے کے تحت کہا..

تو اس سے ڈرتا کون ہے" حیدر نے.. غور سے حور کو دیکھا..

ڈرنے کی بات نہیں ہے حیدر میں کچھ پل سکون کے تمھارے ساتھ گزارنا چاہتی ہوں جس میں بس میں اور تم ہوں نہ کوئ.. اور وجود ہو.. مگر میری ساس لازمی کچھ غلط جر دے گی" وہ اب بھی ڈری ہوئ تھی..

اوکے.. میں دیکھتا ہوں... اسکو بھی تم پریشان مت ہو" حیدر نے اسکا ہاتھ تھامہ تو حور مسکرادی.....

www.novelsclubb.com

کچھ دیر دونوں کے درمیان خاموشی قائم رہی جبکہ حور نے کچھ توقف کے بعد حیدر کو دیکھا..

اس دن تم کیا اہم کام کررہے تھے" حور نے. ماتھے پر بل ڈالے.. گھر کے چکر میں وہ یہ بات بھول گئ تھی..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

حیدر کھل کر ہنسا.. جبکہ حور...نے...غصے سے دیکھا...

حیدر نے اسکی چھوٹی سی ناک کو دو انگلیوں کے درمیان پیار سے بھینچ ڈالا....

ایسے سوال کرتی ہوئ بہت اچھی لگ رہی ہو.. کہاں لے جائیں ہم اپنا دل "حور کو..

اسکی.. چاہت بھری نظروں سے صاف محسوس ہوا.. تھا کہ وہ بات گھما گیا ہے..

اسنے رخ پھیر لیا...

حیدر نے اسکے شانے پر بازو پھیلایا...

ڈئیر ڈارلنگ.... زرا سبق سیکھانا.. تھا بس "وہ بدلنخواستہ چھپے ہوئے لفظوں میں بتا

ہی گیا..

www.novelsclubb.com

مجھ سے ملنے کے بعد بھی اسکے قریب جاتے ہو "حور کا غصہ کم ہی نہیں ہو رہا تھا....

اہو.. تمھیں جیلس ہونے کی کوئ ضرورت نہیں.. محبت اور بیوی میں فرق ہوتا

ہے بہت "ح ءدر نے. اسکو پیار سے.. سمجھایا..

ہوں میں جیلس.... تم صرف میرے ہو حیدر "وہ بھیگی پلکوں سے اسے دیکھنے لگی..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہم نے کب کہا ہم تمھارے نہیں... ہم بھی بس تمھارے ہی ہیں.. اب.. خلا کا نوٹس بھیجوا کر... تم بھی پوری طرح ہماری ہو جاو"

حیدر نے.. پھر وہی ذکر چھیڑا...

تم مجھے سکھ کا سانس نہ لینے دینا.. "حور چیڑی.. جبکہ حیدر پھر ہنس دیا...

پھر دونوں کے درمیان خاموشی چھا گئی..

تم اسے.. شہر بلوالو" حور نے کچھ سوچتے ہوئے کہا...

کیوں" حیدر بلکل نہیں سمجھا....

حیدر مجھے بچہ بلکل صحت منداور بہت پیارا چاہیے.... تبھی میں اسے نہ چاہتے ہوئے اپنے سامنے رکھنا چاہتی ہوں" وی شا نے بے نیازی سے بولی.

ڈالنگ. وہ ہمرا بچہ ہے.. اسکی خوبصورتی کو اپ چیلینج نہیں کر سکتیں اور دوسری بات.. ارمیش.. بھی بہت خوصورت ہے.. تو یہ فخر.. نہیں بنتی"

کیا مطلب ہے" حور تو اس بات پر چڑھ دوڑی حیدر نے زبان دانتوں تلے دبالی...

ہمارا مطلب... یہ تھا" وہ ہنسی روکتے ہوئے بولنے کی کوشش کر رہا تھا..

تمگاری اس سوکولڈ بیوی سے زیادہ خوبصورت ہوں میں سمجھے" وہ غصے سے بولی..

نوڈاوٹ "حیدر نے ہار مان لی

تم.. چار دنوں کے لیے اسے یہاں لے او.. تاکہ میں اچھے سے.. بیبی کی گروتھ وغیرہ... کی معلومات خود اپنی پسند کے ڈاکٹر سے کروں "حور نے حکم دیا.. جبکہ وہ سر جھکا گیا.. لگ ہی نہیں رہا تھا یہ وہی حیدر ہے....

...............

گھر کے سامنے گاڑی روک.. کر.. وہ گن.. ہاتھ میں تھامے... دروازہ.. لات مار کے کھول کر اندر داخل ہوا.... تو.. صحن میں کوئی نہیں تھا...اسنے.. رشید. کے وجود میں گولیاں اتارنے کا.. سوچ لیا تھا..

مگر جب وہ یہاں تک پہنچ گیا تھا...

تو.. سرکار سے ملے بغیر کیسے جاتا.. تبھی وہ اندر.. ایا.. معاویہ بھی پیچھے ہی تھا...

اور سامنے کا منظر دیکھ کر. وہ جیسے پتھر کا ہو گیا...

سرخ لباس میں.. وہ.. بے انتھا.. حسین لگ رہی تھی بدامی آنکھوں پر ہلکا ہلکا میکپ.. آنکھوں کے سجے پاپوٹے.. اور.. پلکیں سجدہ ریز.. لبوں پر سرخ کندھاری لیپسٹک.. اور ہلکی سی جیولری کے ساتھ.. وہ بہرام.. کا دل دھڑکا گیٔ.. مگر اسکے مقابل بیٹھے معاز کو دیکھ کر وہ ہوش میں ایا.. جبکہ پیچھے معاویہ بھی منہ کھولے کھڑا تھا...

نکاح جاری تھا.. اور اس سے پہلے عابیر قبول ہے.. کہتی... بہرام.. کی بندوق سے گولی نکلی.. اور معاز کا بازو چیر گیٔ...

وہاں ایکدم ہڑبڑی مچ گیٔ...

جبکہ... معاز.. اپنا بازو تھامے.. درد سے کراہ رہا تھا..

عابیر جانتی تھی.. وہ اگیا ہے.. اسنے انکھ اٹھا کر نہیں دیکھا....

اسکے دل میں موجود ساری نفرتوں کا اکیلا وارث تھا وہ..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اور نہ جانے کیوں اسے یقین تھا وہ ضرور ائے گا...

وہ یوں ہی بیٹھی رہی جبکہ.. بہرام

.اب سب کو مزے سے دیکھ رہا تھا...

تقریبا لوگ ڈر چکے تھے.. جبکہ معاز کے والدین...اسکے بہتے خون پر.. انسو بہا رہے تھا..

یہ لڑکی ہی منحوس ہے.. نہیں کرنی مجھے اپنے بیٹے کی شادی اس سے.. ارے عاشق پال ہی لیا.. تھا تو.. یہ پر سائ کا ڈھکوسلا کیوں کر رہی ہے..." معاز کی ماں اونچی اواز میں اسکو کوسنے لگی.. جو سر جھکائے بیٹھی تھی....

بہرام مسکرایا...اور اسکے.. بلکل سامنے جا کر بیٹھ گیا.. ٹانگ پر ٹانگ رکھے وہ.. معاز کی بے بسی دیکھ رہا تھا....

ایسا کچھ نہیں ہو گا.... یہ ادمی بھلے مجھے مار دے مگر میں عابیر کو کسی صورت نہیں چھوڑوں گا" معاز.غصے سے بولا.. تکلیف تو اسے بہت ہو رہی تھی تبھی ہلکی سی اواز


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کانہ گی...

بہرام اور معاویہ نے تعایدی انداز میں اسکو دیکھا...

خان دوسرا بازو بھی ضایع کر ڈال" معاویہ نے.. کہا تو بہرام.. نے.. سر ہلایا..

جو حکم سرکار" اور وہ اب دوسرے بازو پر گن تاننے لگا کہ.. معاز کا باپ سامنے ا گیا...

بیٹا ہمیں معاف کر دو یہ ہمارا اکلوتا بیٹا ہے..." وہ گڑ گڑایا... تو.. بہرام نے گن نیچے کر لی....

تو اس اکلوتے میں اتنی گرمی... ہاہا.. جی نہیں.. خیر.. یہ سب کیا ڈرامہ ہے" وہ اب سنجیدگی سے.. اکبر کو دیکھ رہا تھا.. جو اپنی بیٹی کی حفاظت کرتے کرتے ہار گیا تھا....

چلے جاو یہاں سے کیوں ہمارے پیچھے پر گئے ہو" اس سے پہلے اکبر صاحب کچھ بولتے انکی بیگم چلائی... تو.. ریہا نے انکا بازو تھام لیا....

بہرام نے بس ایک نظر اسپر ڈال کر عابیر کو دیکھا..

نہ جانے کیوں اسے..لگا. جیسے وہ اسکی منتظر ہو..اپنی مرضی سے سوچ کر اسکا دل باغ باغ ہوا....

وہ مسکرایا... معاویہ کی جانب بندوق اچھالی. جو اسنے فورا کیچ کی...

کیا خیال ہے سرکار....اج ہی اپنا بنالیں اپکو" وہ عابیر کے پاس اکر..بے باکی سے..اسکے..چہرے کو تکنے لگا...

معاز.... کی غیوت..نے جیسے جوش مارا تھا..اور..اسنے ایکدم اٹھتے..بہرام..کا گریبان.. پکڑ لیا..

تیرا میں وہ حشر کرو گا..کہ یاد رکھے گا... سالے" وہ غصے سے..بولا..

بہرام نے ایک نظر اسکے ہاتھوں کو دیکھا..اور ایک کھینچ کر مکہ.اسکے جبڑے پر دے مارا...

وہاں.. چیخیں سننے لائق تھی..

میرے گریبان پر ہاتھ ڈالے گا..مجھے گالی دے گا" وہ بے اوسان.. معاز کا کچو مبر


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بنا رہا تھا.. لاتوں مکووں کی بارش کر دی تھی...

معاز کی منٹ میں نڈھال ہو کر.. ایک طرف گیرہ.. جبکہ.. بہرام نے. اسے اٹھا کر صحن میں پٹخ دیا...

معاویہ سنجیدگی سے دیکھ رہا تھا یہ تو ہونا ہی تھا....

جبکہ.. سب.. بہرام کو روکنا چاہ رہے تھے.. جس کے اپنے ہاتھ زخمی ہو گئے تھے

جب اسنے معاز کو جالیوں پر دے مارا....

معاز بے ہوش ہونے کے قریب تھا...

کہ.. معاز کی ماں نے.... عابیر.. کو جھنجھوڑ دیا.. جو سن سب رہی تھی.. مگر.. ایک فلک بھی نہیں اٹھا رہی تھی...

بدزات. میرا بیٹا مار دے گا تیرا عاشق کیسے سکون سے بیٹھی ہے منحوس. کہیں کی...

"عابیر. نے.. انکیطرف دیکھا.. اسکی آنکھوں.. میں نمی.. تھی سرخ.. لائن تھی مگر اسنے آنسوں کو چھلکنے نہ دیا....

عابیر مار دے گا وہ اسے.... تم نے ہی بلایا ہے اسے یہاں "یہ مما تھیں...جو.. نفرت سے اسکی طرف دیکھ رہیں تھیں..

عابیر بیٹے میرے بیٹے کو بچالو "یہ ماموں تھے اسکے اگے گڑ گڑائے...

معاویہ یہ سب دیکھ رہا تھا ایک پل کو..اسے عابیر پر بہت ترس ایا..وہ بے قصور لڑکی... کس قدر برے برے الزامات کا شکار ہو گئ تھی....

عابیر...بچاؤ بچاؤ معاز کو" بابا..نے اسکا ہاتھ تھام کر کھڑا کیا..

اسنے صحن کی جانب دیکھا جہاں وہ بپھرا شیر بنا...معاز کو مار ہی دینا چاہتا تھا....

معاز خو نم خون بے جان پڑا تھا..

عابیر..کی انکھ سے..نہ چاہتے ہوئے بھی انسو نکل ائے...

وہ..لہنگا سمبھالتی... صحن میں ائ سب جیسے سانس روکے دیکھ رہے تھے..وہ.. بہرام کی قریب جانے لگی..

اس قدر نازک حالت میں معاویہ کو شغل سوجھ رہا تھا....



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسنے اپنا موبائل.. نکال لیا...

عابیر.. اسکے قریب بڑھنے لگی....

اور.. بہرام کے شانے پر ہاتھ رکھ دیا.....

بہرام... کو ایسا لگا.. جیسے.. تپتے سہرا میں بارش سی برس گئی ہو.. اسنے... اپنا پسینہ ایک ہاتھ سے صاف کیا. اور پلٹ کر عبیر کو دیکھا.. اور اسی وقت معاویہ نے.. یہ منظر قید کر لیا....

تمھیں میں چاہیے ہوں...." عابیر.. مدھم اواز میں اس سے پوچھ رہی تھی.. اور جیسے اسے اپنے سحر میں جکڑ چکی تھی...

بہرام نے معصومیت سے سر ہلا دیا جبکہ معاویہ اب اس منظر کی وڈیو بنا رہا تھا..

تیری معصومیت خان" اسکی ہنسی رکنا مشکل تھی..

باقی سب نفرت سے یہ نظارہ دیکھ رہے تھے...

چلو میرے ساتھ" عابیر نے اسکا ہاتھ تھامہ... بہرام اسکے ساتھ کھنچتا چلا گیا... سب

معاز کیطرف بڑھ گئے..اب عابیر سے انکا کوئی واسطہ تعلق نہیں تھا....

طس ریہا تھی جو اپنی بہن کی بے بسی پر خون کے انسو رو رہی تھی باہر معاز کو ہسپتال لے کر جایا جارہا تھا.. جبکہ اندر ایک ڈرا سہا مولوی.. بہرام خان معاویہ...اور ریہا.. سمیت عابیر کے علوہ کوئی نہیں تھا...

مولوی صاحب نکاح شروع کریں" وہ..بے لچک لہجے میں بولی.. بہرام نے.. نفی کی.

نہیں..سائیں ایسے نہیں..ہماری شادی اتنی روکھی پھیکی کبھی نہیں.." وہ بولا..تو عابیر...نے اسکی بات کا نوٹس نہیں لیا...

بہرام..ہونٹوں پر انگلی رکھے..اس لڑکی کے ٹشن دیکھ رہا تھا..مزاہ بھی خوب ایا.. واہ کیا نکاح تھا...

پھر سب..پس پشت ڈال کر..اسنے عابیر کے لیے قبول ہے. کہہ دیا.. جبکہ عابیر نے بھی...قبول ہے کہہ کر..خود کو بہرام کے سپرد کیا..اب یہ کوئی نہیں جانتا تھا..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کہ ..

بہرام کی زندگی میں سکون انا تھا.. یہ...

اس کی زندگی ایک عزیت سے دوچار ہونے والی تھی...

..................

وہ ایسے نکاح نہیں کرنا چاہتا تھا.. مگر مسرور تھا...

بے حد بے انتہا خوشی تھی.. جو اسکو چین نہیں لینے دی رہی تھی اسے سمجھ نہیں ا رہا تھا اخر اتنی جلدی.. وہ اسکی ہو کیسے گئ..اب وہ ایک شاندار ولیما دینے والا تھا..

خان داجی.. جان لے لیں گے" معاویہ گاری کو مستعدی سے ڈرائیو کرتا بولا...

ہم دے دیں گے جان" عابیر.. کو خود کے قریب کرتا.. وہ نہایت چاہت سے بولا.. جبکہ عابیر..ابھی کچھ پل پہلے ہونے والے قصے میں محو. تھی..

اج کے بعد تمھارا ہمارا کوئ تعلق نہیں مر گئ تم ہمارے لیے بد نام کر دیا پوری دنیا میں ہمیں..ایسی اولاد سے بہتر تھا اللہ ہمیں اولاد نہ دیتا.." مما نے..اسکو تھپڑ

مارتے ہوئے.. غصے سے کہا.. جبکہ وہ خود بھی رو رہیں تھیں.. بہرام اس سے پہلے.. انھیں کچھ کہتا.. عابیر نے اسکا ہاتھ تھام لیا...اسنے بابا کو دیکھا جبکہ اکبر اسکا.. تھاما ہاتھ دیکھ رہے تھے...

اگر یہ ہاتھ تھامنے کی تمھاری اپنی خواہش تھی تو ایک بار کہہ دیتی... عزت سے رخصت کر دیتا" انھوں نے.. بس اتنا کہا.. جبکہ عابیر نے فوراً وہ ہاتھ چھوڑا... اور انکے سینے سے لگ گئ.. جبکہ اکبر صاحب یوں ہی کھڑے تھے....

انھوں نے اسکو پیار نہیں کیا جبکہ خود ہی خود سے جدا کر دیا.. اور اندر چلے گئے.. سارا خاندان انپر تھو تھو کر کے چلا گیا تھا.. عزت غیرت کی دھجیاں اڑ چکیں تھیں....

اسنے ریہا کو دیکھا. تو وہ انکے سینے میں سما گئ..ا

اپکی اپنا خیال رکھنا" اسنے روتے ہوئے کہا.. بہرام اکتا کر یہ سب دیکھتا رہا...

اسے ریہا کو پیار کیا.. اور.. گھر کی دہلیز پار کر گئ.....

**ماں باپ کا مان....**



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

معاشرے میں عزت سب گنوا کر.. وہ نکل ائ تھی..

بہرام.. مسرور سا.. اسے.. خود سے لگایے.. کالام کے حسن راستو کو دیکھ رہا تھا..

جو.. دن میں اور بھی حسین لگ رہے تھے.. معاویہ.. ڈرائیو کر رہا تھا...

عابیر.. نے بہرام کے سینے پر سر رکھ دیا....

بہرام نے چونک کر اسکو دیکھا.... جس کی آنکھیں بند تھیں...

دل جیسے خوشی سے پھٹنے کے قریب تھا... سب ٹھیک ہو رہا تھا...

سائیں.... ابھی راستہ باقی ہے.. کیوں بھکا رہیں ہیں" اسنے.. پیار سے اسکے.

خوبصورت چہرے...پر. اپنا ہاتھ رکھا.. عابیر نے. سرخ سجئیں آنکھوں کو کھول کر اسکو دیکھا....

بہرام اسکی ہی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا.....

عابیر کی آنکھوں میں نفرت کے سوا کچھ بھی نہیں تھا... بہرام.. نے.. ہلکے سے.. ماتھے پر بل ڈالے... آنکھیں پھیر لیں....

اسے اسکی آنکھوں کی نفرت ناگوار گزری تھی عابیر مسکرا دی....

اور پوری طرح اسکی بانہوں میں مقید ہو گئی

کیا ہوا.. بہرام...ان آنکھوں میں اپنا عکس نہیں دیکھا کیا" وہ اسکے سینے.. میں موجود دل کی بے ہنگم دھڑکنوں کو.. سنتی...بولی... بہرام نے اسکو دیکھا..

معاویہ خان ہیں گاڑی میں تھوڑا دور ہو جاو.." بہرام نے سنجیدگی سے کہا.. عابیر حیرت کا اظہار کرتی اس سے دور ہوئی...

ہم ہیسبینڈ وائف کے بیچ میں...پھر اس شخص کو رکھا کیوں ہے.. بہرام خان.. تم نے.. ویسے. یہ تمھارا نوکر ہے کیا.. جو تمھاری ہر وقت دم بنا رہتا ہے" گاڑی میں خاموشی چھا گئی....

بہرام حیران تھا جبکہ معاویہ سرخ چہرہ. لیے گاڑی روک گیا...

میٹھی وہ میرا دوست ہے.. وہ میرا یار ہے اور اپ اسکے بارے میں ایسے بات نہیں کر سکتی" بہرام زرا سختی سے بولا..

اوہ اچھا... "عابیر.. خود پر سے جیولری کھینچتی طنزیہ ہنسی....

معاویہ نے بہرام کی جانب دیکھا..

تم خود ڈرائیو کرو میں جارہا ہوں "اس سے عابیر کا حتق آمیز لہجہ بلکل برداشت نہ ہوا....اور وہ گاڑی سے نکل گیا.. کہ ابھی بہرام کچھ کہتا ہی..

غیرت بھی ہے ""عابیر مدھم سا ہنسی..اور جیولری کو لاپرواہی سے.. سیٹ پر پھینک دیا...

بہرام ...نے..ماتھے پر آیا پسینہ صاف کیا...

اور ڈرائیونگ سیٹ پر آگیا...

دلبر آگے آجائیں "وہ مسکرا کر بولا...

عابیر نے سنجید گی سے اسے دیکھا..

موڈ نہیں "وہ کہہ کر... سیٹ کی پشت سے ٹیک لگا گئی..

بہرام ہنس دیا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جان.. بھرا.. ہم اپ کے غلام.. مگر. کچھ لوگ ہیں جنھیں.. بہرام خان.. بہت عزیز رکھتا ہے..

انھیں ایسے مت کہیں" وہ گاڑی چلاتا اسے سمجھانے لگا...

عابیر نے جواب نہ دیا.. بہرام نے مڑ کر اسکو دیکھا.. وہ آنکھیں بند کیے ہوئے تھی...

اسنے سپید بھڑا دی مگر معاویہ.. اب بھی دماغ سے نہیں نکلا تھا..

..................

حیدر... حویلی پہنچا. تو سب ہی ہال میں تھے وہ بغیر کسی کو دیکھے.. اپنے کمرے میں بڑھ گیا...

یہ حیدر سائیں.. کیا کرتے پھیر رہیں ہیں. اج کل اتنے شہر کے چکر کیوں لگ رہے ہیں" داجی نے.. یاور کیطرف دیکھا.

معلوم کرتا ہوں داجی" انھوں نے فورا کہا تو وہ سر ہلا گئے....



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تبھی..ہال میں بہرام..خان داخل ہوا...

کالام کی جان... شہزادے..اتنی دیر سے کہاں تھے..خان" داجی اپنی جگہ سے اٹھے تو وہ تھکا تھکا سا..انکے بازوں میں سمایا..جبکہ اسکے پیچھے کھڑی سرخ جوڑے میں لڑکی دیکھ کر داجی کی مسکراہٹ اور جوش دم توڑ گیا...

کون ہے یہ" وہ اس سے الگ ہوتے بولے...

بیوی ہے ہماری..اور اپکی بہو" وہ پیار سے اسے دیکھتا بولا...

داجی... سمیت وہاں سب پر حیرت کا طوفان ٹوٹ پڑا....

یہ کیا کہہ رہے ہو خان" وہ دھاڑے... بہرام نے چونک کر انکو دیکھا..

کیوں کیا ہو گیا..." وہ..سکون سے بولا...

خان..اب نیچ ذات..ہمارے خاندان کی بہو بنے گی کبھی نہیں" وہ چلائے غصے سے چہرہ سرخ ہو رہا تھا..اس سے پہلے بہرام کچھ کہتا..

ایکسکیوز می.... کیا مطلب ہے نیچ ذات کا...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بی جان بولیں..

میرے نام کے ساتھ اپنی یہ گندی شناخت مت لگانا آج کے بعد...."وہ دھاڑی..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

سب حق ودق...اسکی بی جان کے ساتھ اسقدر بد تمیزی پر اسکو دیکھنے لگے...

ہمم بہت اچھا ہو رہا ہے.... بہت ہی اچھا..اور ابھی..ہو گا..وہ بھی مرے گا تب ہی سکون ملے گا مجھے" وہ چلاتی ہوئی کوئی پاگل لگ رہی تھی...اور بولتی ہوئی یوں ہی نکل گئی.....

بی جان کا چہرہ خفت سے سرخ پڑ گیا...

نین اور انوشے کو عابیر پر بہت ہی غصہ ارہا تھا...

مگر غصہ دباتیں...وہ ارمیش کیطرف متوجہ ہوئیں اسوقت ارمیش کو انکی سب سے زیادہ ضرورت تھی

..................

عابیر وہاں سے نکل کر اپنے کمرے کی جانب چلنے لگی یہ لوگ اس لائق تھے ہی نہیں کہ وہ ان کے پاس جاتی...

اپنے کمرے میں جانے سے پہلے وہ داجی کے کمرے کے سامنے سے گزری تو بہرام

www.novelsclubb.com

معاویہ کو وہیں پایا...

داجی انکے ہاتھ میں کوئی چیز تھمارہے تھے...

وہ گھڑی تھی جس پر ہیرے لگے تھے.. جبکہ بہرام اور معاویہ دونوں ہی گھڑی کی تعریف کررہے تھے...

عابیر کچھ دیر وہاں کھڑی.. ان سب کو دیکھتی رہی...اور پھر...اچانک ہی مسکرادی حالانکہ.. کچھ وقت پہلے جایا جاتا تو.. وہ لڑکی.. دوسروں کی ٹو میں کبھی نہیں لگی.. مگر اب بہرام اور اسکے خاندان والوں کو زلیل کرنے کے لیے وہ اپنی سطح سے بہت نیچے جاچکی تھی کہ اب تو اسکے گھر والے بھی یہ کہتے کہ.. اسے ہو کیا گیا ہے... ریہا.. اس مسلسل اسکے بدل جانے کا شکواہ کرتی رہتی.. جبکہ ماما بھی اسکو اب تو غصے سے بدتمیز کہنے لگ گئیں تھیں بابا.. اسکی ان حرکتوں پر اس سے بات نہیں کررہے تھے جبکہ معاذ جس پر تو اسکا خون کھولتا تھا.. وہ تو اسے پسند کرتا تھا.. پھر اسکی چھوٹی بہن.. سے کیوں شادی کررہا تھا.. وہ بری طرح جلن حسد.. غصہ اور بدلے ان


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

سب میں پھنس کر خود کو تباہ کر رہی تھی...

عابیر وہاں سے گزر گئی....

اگے نا جانے کیا ہونے والا تھا...

................

بہرام.. شاید بھول گیا تھا.. یہ اسی کا کمرہ ہے...اسکی ملکیت جہاں اسکے حکم کے بغیر کوئی نہیں اتا تھا.. مگر اب.. اسے اجازت طلب کرنی پڑتی تھی جبکہ اکثر وہ معاویہ کے کمرے میں ہوتا...

وہ اندر داخل ہوا تو عابیر.. بیڈ پر بیٹھی کوی نیوز دیکھ رہی تھی اسے دیکھتے ہی اٹھی..

تم تم یہاں کیوں اے ہو" وہ غصے سے بولی...

کیونکہ یہ میرا کمرہ ہے...اور میرے سرکار بھی اسی کمرے میں ہیں" وہ مسکرا کر...

اسکی طرف بڑھا... کہ عابیر نے گلدان اٹھالیا..

اپنے غلیظ...وجود اور اس بدصورت چہرے کو مجھ سے دور رکھو" وہ دھاڑی بہرام..

نے دانت بھینچے..

میری محبت نے اور مہلت نے تمھیں زیادہ سر چڑھا لیا ہے" وہ.. انگلی اٹھا کر بولا....

تم صرف یہاں سے دفع ہو جاؤ اس کے علاوہ کچھ نہیں" وہ بد تمیزی سے آنکھیں نکال کر بولی...

مجھے بلکل امید نہیں تھی... قطرہ قطرہ میرے دل کو اپنی طرف سے پتھر نہ کرو....

جو میں نے کیا وہ میں بھگت چکا ہوں ہاں میں نے غلط کیا.. میرا طریقہ غلط تھا... مگر میں نے.. سب صیحی کرنے کی بھی تو کوشش کی ہے جو لوگ تم پر تھو تھو کر رہے تھے.. اج وہی.. تمھیں خوشقسمت سمجھتے ہیں...

مگر.. مجھے ان سے نہیں صرف تم سے غرض ہے میٹھی.. کیوں کر رہی ہو... ایسا" وہ پھر سے بولا تو عابیر نے اسکی طرف دیکھا..

کیونکہ مجھے تم سے نفرت ہے اور میں تم سے علیحد گی چاہتی ہوں طلاق دو ابھی اور اسی وقت مجھے جو شخص مجھے ایک انکھ نہیں بھاتا چار ماہ سے... میں اس حویلی کو جیل

سمجھے ہوئے ہوں اور.. تم یہ کہہ رہے ہو. کہ میں کیوں کر رہی ہوں دو مجھے طلاق.

"وہ دھاڑی.. بہرام ساکت رہ گیا...

ہر طرح سے اسکو پور ٹیکشن سپورٹ دینے کے بعد بھی وہ ویسی ہی تھی...

اسکا دل جیسے.... ٹوٹ سا گیا...

طلاق تو میں تمھیں نہیں دوں گا یہ سوچ تو اپنے زہن سے نکل دو.. کان کھول کر سنو.. کان صاف کر کے سن لو طلاق تمھیں میں نہیں دوں گا.... "وہ بھی چلایا....

اور واشروم میں چلا گیا..

میں بھی دیکھ لوں گی تمھیں" عابیر نے.. واس.. بیڈ پر پھینکا اور کمرے سے ہی نکل گی ُاس ادمی پر اسے اتنا سا بھی بھروسہ نہیں تھا"

..................

ارمیش کی حویلی واپسی کی.... وہ چوتھی شام تھی جب حیدر بڑے تفخر سے حویلی میں داخل ہوا... مردان خانے میں سب موجود تھے...

حیدر کو دیکھ کر ایکدم سب اٹھ گئے....

بہرام بھی وہیں داجی کے پاس بیٹھا تھا...

اسکے پیچھے اتی. موڈرن سی لڑکی کو دیکھ کر داجی کی ایک للکار تھی حویلی میں...

ہماری بندوق لاو" ملازم حرکت میں ائے...سب ہی ان دونوں اور داجی کی جانب

دیکھ رہے تھے...

جبکہ داجی حیدر کو چیر پھاڑ کر دینا چاہتے تھے....

تیری جرت بھی کیسے ہوئ سردار ہو کر اس نیچ برادری میں شادی کرے...ہماری

خانم میں کیا کمی تھی"وہ اسکا گریبان جھنجھوڑ کر بولے..دونوں کے اپس میں

بندھے ہاتھ بتا رہے تھے کہ وہ کسی مظبوط رشتے میں بندھے ہیں...

داجی یہ میری زندگی ہے اور میں نے فیصلہ کر لیا تھا..جو کہ اپکے سامنے ہے..."

حیدر نے بنا ڈرے سکون سے کہا....

بے غیرت" داجی خود پر قابو کھوتے ہوئے..اسکے منہ پر زوردار طماچہ مار گئے..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جس کا احساس.. حیدر کو خفت زدہ کر گیا...

اسکا چہرہ سرخ ہو گیا... مگر ایسا ایکشن... وہ امید رکھتا تھا.. یہیں ہو گا...

چار ماہ سے.. تیری بیوی کہاں ہے کس حالت میں ہے تجھے نہیں پتا تھا اور اس کے ساتھ رنگر لیاں بنا رہا تھا حیدر خان... ہمیں افسوس ہے.. کہ تم ہمارے خون ہو...."

بس کریں داجی" وہ بھی غصے سے بولا...

بہرام قتل بھی کرائے اپ اسے معاف کر دیں گے میں اگر اپنی مرضی کرایا تو...

اپ مجھے گالیاں نکال رہے ہیں" وہ شاید اپنی جگہ درست تھا..

مجھے اپنے معملے میں گھسیٹنے کی ضرورت نہیں... میں.. کمزور نہیں ہوں. جو عورت سے بدلا لو. اور بیقوقت دو عورتوں سے تعلق رکھو اور اپنے ہی بچے کو مار دوں"

بہرام کے تو سر پر بجھی تبھی وہ.. انگلی اٹھا کر دانت پیس کر بس چند لفظوں میں اسکی دھجیاں اڑا گیا...

حیدر نے کھا جانے والی نظروں سے اسے.. دیکھا... جبکہ اپنے ہی بچے کو مار دوں... یہ


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بات اسے سمجھ نہ ائ.. یہ اگر اگی تو یہ سب اسے بکواس ہی لگا..

ہماری مرضی ہم جو مرضی کریں.... سرداری ہمارے سر پر ہے تبھی ہمارے فیصلے کے خلاف کوئ نہیں جا سکتا" وہ اپنی پگ کا فائدہ اٹھاتا...اپنے کمرے میں جانے لگا... کہ ایک منٹ کو روکا...

ارمیش خانم.. کو طلاق دے چکے ہیں ہم.... وہ ہماری طرف سے ازاد ہیں پیپرز کچھ دنوں تک مل جائیں گے" وہ سفاکیت سے بولا..

وہاں سب کے قدموں سے زمین کھسکی تھی...

حویلی میں طلاق کا رواج نہیں تھا. اور اج حویلی سردار نے اس روایت کو توڑ ڈالا تھا...

داجی... صوفے پر گیرے تھے..

ایک غیر لڑکی کے لیے وہ اپنے خاندان اپنے گھر کی لڑکی کے ساتھ کتنی بڑی زیادتی کر گیا تھا...

زنان خانے کی گیرل سے کان لگائے... عورتوں کو جیسے سانپ سونگھ گیا...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جبکہ...(مورے ارمیش کی ماں) کے اچانک زمین بوس ہونے پر وہاں چیخو پکار دیکھنے لائق تھی....

.........................

ایک اور ڈرامہ.. عابیر نے نخوت سے سب دیکھا...اور وہاں سے ابھی نکلتی.. کہ داجی کے کمرے کا دروازہ کھلا پایا...

اسے معلوم. نہیں تھا اتنی جلدی اسے یہ موقعہ میسرائے گا...

وہ ارد گرد دیکھتی اندر چلی گئ...

جبکہ ہال سارا خالی ہو گیا تھا.. داجی کا بی پی ہائ ہو گیا تھا.. جبکہ مورے.. صدمے سے بے ہوش... تبھی وہ سب انھیں ڈاکٹر کے پاس لے گئے تھے زنان خانے میں عورتیں گم منا رہی تھیں تبھی اسکو یہاں کوئ نہ دیکھتا...

وہ اندر داخل ہوئ.. جبکہ وہاں سے گزرتے منیب نے اسے حیرت بھری نظروں سے دیکھا..اور وہ بھی گزر گیا...

ملکوں کے معملے میں نوکروں کا کیا کام مگر عابیر کا اتنا چھپ کر جانا اسے معیوب ضرور لگا تھا...

عابیر اندر ائی..

اتنا شاندار کمرہ تھا.. مگر بہرام کے کمرے سے کم..

اسنے.. دروازے کی جانب دیکھا اور اپنا کام شروع کیا...

گھڑی تھی کہ مل کر نہیں دے رہی تھی.. وہ مسلسل.. جدوجہد میں تھی.. الماریاں بھی بند تھیں اور پھر ایک الماری کو کھلا پا کر اسنے اندر دیکھا.. تو اس میں... ایک تجوری نما خانہ تھا... جو لاک تھا اسے غصہ ایا.. اور پھر دماغ میں کلک ہوا... اسنے دراز میں کافی چابیاں دیکھیں تھیں... وہ بڑھی.. اور چابیوں.. کا گوچھا اٹھا کر اسنے کوشش شروع کی.. اور.. بلاخر وہ کامیاب ہو ہی گئی...

اسے حیرت ہوئی. وہ کامیاب ہو گئی ہے...

اسنے اندر جھنکا.. کافی سامان تھا مگر ایک لال بکس جس میں اسے یقین تھا.. گھڑی ہو

گی..اسنے وہ دیکھا..اور اندر گھڑی دیکھ کر..سب ٹھیک کر کے...وہ..پلٹتی....

ابھی کہ دروازے پر بہرام کو کھڑا دیکھ..اسکے ہاتھ سے گھڑی چھوٹ گئ...

جبکہ منہ حونک تھا...

دل کی دھڑکن..اتنی تیز تھی..جیسے...کسی بھی چور کے میلے دل نے..پہلی بار دھڑکنا سیکھا ہو...

......................

جب وہ گھر ایا تھا...تب ہی..منیب نے اسے بتایا کہ عابیر داجی کے کمرے میں ہے وہ سمجھا نہ کہ وہ وہاں کیوں ہے وہاں تو اسکے علاوہ ایسے ہی کوئ نہیں جاتا اور عابیر جو سب کو اپنا دشمن سمجھے وہ کس لیے گئ تھی....

وہ داجی کے کمرے کیطرف ایا...

اور سامنے کا منظر دیکھ کر..ہاں اج بہرام خان کا دل کیا..وہ اپنے منہ پر تھپیڑوں کی برسات کردے....

اپنے دل کو کئی ٹکڑوں میں بانٹ دے....

خود کو ریزہ ریزہ کر دے کہ ..اسنے اس لڑکی سے محبت کی..

اس لڑکی کے لیے خود کو سرتاپیر بدل لیا..

وہ بہرام.. جو راتوں میں...بدنام.. سڑکوں کا راہی...اسکی ایک جھلک سے.. کسی دوسری لڑکی کو حرام کر گیا خود پر..

اور یہ صلہ تھا اسکی محبت کا...

وہ یوں ہی اسے دیکھ رہا تھا...

آنکھوں میں سرخی.. جبکہ...اس سرخی نے معمولی سی نمی کا لبادہ اڑھا..اور پھر.. اسنے آنکھیں بند کیں...

اور..اگے بڑھا..

عابیر کچھ لمحے سمجھ نہ سکی..اسکا مقصد چوری نہیں تھا ان لوگوں کے مال میں اسے کیا دلچسپی..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسکے بقول حرام ہی تھا..

ہاں اتنا ضرور تھا اس گھڑی کو گم کر کے..وہ..ایک نئے سرے سے..بہرام کو تکلیف..دیتی..اور..ایک نیا محاذ اٹھتا..

گھڑی کو بہرام کے کپڑوں میں چھپانا چاہتی تھی.. تبھی وہ نہ چاہتے ہوئے شرمندہ ہو گئ..

بہرام اسکے نزدیک آگیا..

اتنا مت گیرا خود کو کہ اٹھ نہ سکو" اسنے...ایک ایک لفظ پر زور دیا..

چور نہیں ہوں میں" وہ بھی شرمندگی بھلائے بولی...

ٹھیک ہے..رکھ لو اسکو...دیکھنا چاہتا ہوں کیا کرو گی اسکا" اسنے..اس گھڑی کو ایک نظر دیکھ کر کہا...

عابیر..کو..دوبارہ شرمندگی نے آگھیرہ...

زیادہ نہ بنو تم سمجھے.... طلاق تو تم سے لے کر رہو گی..." گھڑی کو وہیں پھینک کر..

www.novelsclubb.com

وہ...غصے سے کہتی نکل گئ.. جبکہ.. بہرام اس قیمتی گھڑی کو ٹوٹا ہوا.. دیکھ رہا تھا...
داجی کی پسندیدہ گھڑی تھی وہ...

..................................

ارمیش کو خبر مل گئ تھی...
وہ اٹھی...بی جان.. سمیت باقی سب نین انوشے سب رو رہے تھے...گھر کے گھر
میں یہ کیا ہو گیا تھا...
اتنا فساد کیوں ہو گیا تھا حویلی میں....
سب رو رہے تھے جبکہ.. وہ اٹھی..اور دو نفل شکرانے کی نیت باندھ لی...
مگر وہ عہد کر چکی تھی اپنے بچے کے لیے وہ حور اور حیدر کو کبھی معاف نہیں کرے
گی.....

......................

انوشے روتے ہوئے نیچے..اگئ.. یہ سب اس سے برداشت نہ ہو رہا تھا..

اسے اس حویلی پر کوئی بدعا لگی..

اسکا دل کیا بہرام بھائی کو کہہ دے..اپ ازاد کر دیں عابیر کو شاید وہ ہی ہمیں بدعائیں دیتی ہے...

وہ اپنے رونے کا شغل...لون میں پورا کر رہی تھی..معاویہ نے...زنان خانے کے ہال میں سسکیوں کی اواز کو پہچان لیا...

اور وہ دوسری طرف نکل ایا..

اتے ساتھ ہی..اسکا ہاتھ تھاما..اور دیکھنے لگا.جو عابیر نے جلا دیا تھا..اب کافی اچھا ہو گیا تھا...

www.novelsclubb.com

مر گیا ہوں میں..جو رو رہی ہو" اسنے..کہا.تو انوشے نے سرخ چہرے سے اسے دیکھا...

اپ سے ہمارا کیا لینا دینا...جو ہم اپکے لیے روے..." اسنے ٹکا سا جواب دیا..

بہت نہیں ہمت اگی تم میں" معاویہ نے گھورا..

اپ بھی ہمارے ساتھ وہی کریں گے جو حیدر لالا نے کیا ہے ارمیش کے ساتھ "

وہ خوف ذدہ سی بول گئ

..لو تو تم عابیر جیسی بن جانا" معاویہ نے بھی پکڑا..

وہ بہت بری ہیں "اسنے ناک سکیڑی..

تو اچھا کون ہے "اسنے کسی احساس کے تحت پوچھا..

میں خود" وہ اسکو دھکا دیتی... کہہ کر بھاگی..

ہاں دیکھ لوں گا کتنی اچھی ہو شادی کی بات کروں گا اب میں" وہ پیچھے سے ہانکا..

انوشے کا دل زوروں سے دھڑکا.. مگر وہ بھاگ گئ..

......................

اسے شدید غصہ ارہا تھا.. اتنا سب کرنے کے باوجود بھی.. وہ شخص اپنی جگہ سے ہلنے کے لیے تیار نہیں تھا.. اخر کس مٹی سے بنا تھا.. مگر ایک بات طے تھی کہ.. وہ اس کے ساتھ نہیں رہ سکتی تھی..

وہ اسکے ساتھ کبھی نہیں رہ سکتی تھی.. کیونکہ وہ شخص...

اسکو ذلیل اور رسوا کر چکا تھا....

وہ مزید اسکے ساتھ رہنا ہی نہیں چاہتی تھی...

تبھی اسے روم میں اتا دیکھنے لگی..

بہرام نے بھی اسکیطرف دیکھا..

اسکی خاموشی پر مسکرا دیا...

اج بادل باہر گرجے ہیں تو اندر کی گرج کم پڑ گئ..مزے کی بات ہے یہ تو" وہ...

ہنسا..عابیر کو لگا.وہ..اسپر ہنسا ہو..

وہ کچھ نہ بولی..کیونکہ وقت کے ساتھ ساتھ وہ.اسے مزید برا لگنے لگا تھا...

وہ اسکی خاموشی پر خود بھی خاموش ہو گیا...

ارمیش کیسی ہے" اسنے بس ایسے ہی پوچھ لیا...

عابیر..نے ائ بر و اٹھای...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بڑی فکر ہے..."اسنے طنز کیا..

اپکی ہی مہرابانی ہے سائیں..ایک اپ نے پوری حویلی کے حالات بدل ڈالے"وہ..

اچھے موڈ میں تھا.اور کل کی بات بھلا چکا تھا..

عابیر کا سکون جیسے غارت ہونے لگا..

میں تمھارے ساتھ نہیں رہنا چاہتی مجھے طلاق دو"اسنے سیدھے لفظوں میں کہا کہ

کسی بھی سٹیپ سے پہلے وہ اس سے سیدھی طرح بات کرلے..

میں تمھیں طلاق نہیں دوں گا عابیر..."وہ..بولا..لہجہ مظبوط تھا...

مگر میں تمھارے ساتھ نہیں رہنا چاہتی"وہ..گھور کر بولی..

کچھ نہیں ہوتا..میں تو رہنا چاہتا ہوں نہ"وہ..بہت تسلی سے بولا..

میں تمھیں کبھی معاف نہیں کروں گی..."وہ اپنی جگہ سے اٹھی..

میں تم سے معافی مانگتا ہوں اپنے ہر عمل کی...

خدارا تھوڑی سی جگہ دے دو بس"وہ کہیں سے بہرام نہیں لگ رہا تھا..جو خود کو

بہت غرور سے کالام کا سر دار کہتا تھا.

نہیں... کبھی نہیں... تم معافی کے لائق نہیں..."عابیر دوٹوک لہجے میں بولی..

بہرام نے.. گھیرہ سانس بھرہ..

جو بھی ہے طلاق کا تصور نکال دو" وہ جانتا تھا وہ ضد پر ہے.

کبھی تو وہ اپنی ضد سے ہٹے گی...

وہ یہ ہی سوچ کر خاموش ہوا...

نہیں تمھیں خود دینی پڑے گی میں تمھارے لیے ایسے حالات بنادوں گی" وہ..

جیسے اسے وارن کر رہی تھی..

میں بدلا ہوں ڈالنگ... مگر میری ضد نہیں...جو کر سکتی ہو کر لو" قریب اکر وہ..

اسکے گال کو چھو... کر.. مسکرایا.. عابیر نے اسے جھٹک دیا...

اب تم دیکھو میں کرتی کیا کیا ہوں تمھارے ساتھ..." وہ

..غصے سے اسکی پشت دیکھ رہی تھی...

www.novelsclubb.com

.......................

دن بے کیف گزر رہے تھے کوئی رونک نہیں تھی...

داجی کی طبعیت بلکل ٹھیک نہیں تھی.. تبھی ابھی تک حیدر کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں لیا گیا تھا...

جبکہ حیدر...اس رات انے کے بعد...ایک بار پھر جا چکا تھا...

جبکہ حور نے...ہر حال میں اس راز کو.. چھپا لیا تھا... کہ ..اسکے بچے کو کس نے مارا پہلے وہ ڈری ضرور تھی کہ ارمیش سب کو بتا دے گی مگر اسکی خاموشی اور صدمہ کافی فائدہ پہنچا رہا تھا...

وہ اسے لے کر دوبارہ چلا گیا تھا...

جبکہ باقی سب...ارمیش کے لیے حد سے زیادہ حساس ہو رہے تھے..

حتیٰ کہ.. مرد حضرات بھی ارمیش کے لیے کافی کنسرن رکھ رہے تھے

.



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

حویلی میں چند ماہ میں بہت کچھ بدلا تھا.. حویلی والوں کا تنتنا ٹوٹا تھا...

معاویہ سکون سے شہر جانے کی تیاری کر رہا تھا کہ...اچانک دروازہ کھلا..

اور اسنے بس عابیر کو اندر اتے دیکھا تھا....

کیا مسلہ ہے کیوں ائ ہو"

معاویہ غصے سے بولا...

میں نے سوچا اپنے شوہر کے ملازم سے مل لوں" عابیر نے اسکی جان سلگائ اخر کو..

وہ بھی شامل تھا...

بکواس اپنی اپنے اندر رکھو.. سمجھی" معاویہ غصے سے کھولنے لگا..

لو کیا غلط کہہ دیا.. تمھاری حویلی میں نہایت بری پوزیشن ہے...اور ہر وقت ہر وقت اسکا دم چھلہ بنے رہتے ہو.. سکون نہیں کیا تمھیں" وہ اسے زچ کر رہی تھی..

معاویہ نے دانت پیسے...

باہر نکلو.. دفع ہو..." معاویہ نے غصے سے اسکا بازو پکڑ کر اس سے پہلے وہ اسے باہر

دھکیلتا...

عابیر نے ایک نظر اسکو دیکھا..اور..زور زور سے چیخنے لگی..

جبکہ..معاویہ نے حیران ہو کر

.اسکا ہاتھ چھوڑنا چاہا مگر..اسنے اسکا ہاتھ نہ چھوڑا...

اور زور زور سے چیخنے چلانے لگی اسکی چیخیں حویلی کو ہلا گئ تھیں...

ایک پل میں سب وہاں جمع ہوئے تھے...

ملازم تو..صورتحال سمجھ کر دانتوں میں انگلیاں دے گئے..

یہ کیا حرکت ہے عابیر کیوں تماشہ لگا رہی ہو" وہ اسے جھٹک کر چلایا...

جبکہ عابیر دور جا گیری.

بہرام کے قدموں میں..بہرام...آنکھوں میں بے یقینی لیے..معاویہ کو دیکھ رہا تھا..

اسکی آنکھوں میں عجیب سا تاثر تھا...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جھوٹ.. جھوٹی ہے یہ "اسکا لہجہ ہکلا گیا...اسکی آنکھوں کی بے یقینی دیکھ کر...

عابیر...یہ..یہ خود ائی تھی" معاویہ..بولا...جبکہ اسکی بات پوری ہونے سے پہلے..

بہرام نے...معاویہ کے منہ پر پنچ دے مارا...

معاویہ کا ہونٹ پھٹا تھا..جبکہ..بہرام کے ہاتھ پر بھی بہت زور سے لگی تھی..دا.جی

خاموشی سے دیکھ رہے تھے..

حویلی میں یہ سب تو اب روز کا تماشہ تھا...

وہ چپ چاپ اندر چلے گئے جبکہ..خواتین سمیت..انوشے..کا تو دم نکلا تھا..

معاویہ نے بہرام کو ایک لفظ نہ کہا...

جبکہ بہرام عابیر کو سختی سے پکڑ کر اندر گھسیٹتا ہوا لے گیا...

اپنے روم میں اتے ہی...

اسنے اسے بیڈ پر دھکا دیا...اور کھینچ کر دروازہ بند کیا..

عابیر کو محسوس ہوا...اسے اسکی حرکت کا اندازا ہو گیا ہے..

www.novelsclubb.com

کیوں وہ اسکے پاس پہنچتے ہی دھاڑا..

کیوں گیر ارہی ہو اپنا معیار کیوں ..اس حد تک اس حد تک. عابیر "وہ بے بسی شدید

بے بسی محسوس کر رہا تھا...

جبکہ عابیر ..نے سکون سے پہلو

.بدلا..

طلاق دے دو" اسنے ..اسی سنجید گی سے کہا.. بہرام نے سرخ آنکھوں سے اسے

دیکھا...

ان آنکھوں میں نمی تھی مگر عابیر کو... بلکل.. اسپر رحم نہ ایا.. وہ ایسی نہیں تھی اسے

ایسا بنایا گیا تھا...

اور فیصلہ تو وہ کر چکی تھی...

بہرام ...کے لیے اج کل جیسے سانس بھی مشکل ہو گیا تھا...

اسکو وہیں چھوڑ کر...وہ وہاں سے باہر نکل گیا جبکہ ..اب. کہ اسنے تالا کمرے کو باہر

سے لگا دیا تھا..

یہ کیا کیا ہے تم نے" عابیر اندر سے دھاڑی...

بہرام...نے کوئی جواب نہیں دیا...

.....................

وہ دوڑ کر الٹے قدموں معاویہ کے پاس پہنچا تھا....

معاویہ اپنے.. ہونٹ پر لگے خون کو.. صاف کر رہا تھا..

بہرام کو دیکھ کر کوئی ایکشن نہ دیا...

کس گناہ کی سزا ہے یہ" وہ.. ہارا ہوا سا بولا...

لہجہ بھیگا ہوا تھا.. جبکہ معاویہ کا دل کٹ گیا...

اے بہرام.. خان.. ادھر دیکھ.. مرد روتے نہیں.... رونا نہیں....

اگر وہ چاہتی ہے... تو اسے چھوڑ دے...اسے قید کر کے.. خود کو اور اسکو.. نہ دے

تکلیف.. مگر رو کر یہ ثابت نہ کر.. کہ...تو.. ایک ہارا ہوا مرد ہے" معاویہ.. تو اسپر


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

چڑھ دوڑا..

بہرام نے..اسے دھکا دیا...

کیوں کیوں مرد کیوں نہیں روتے...

عورت... صرف عورت ہی مرد کو رولا سکتی ہے...

اور مجھے یہ عورت رولا رہی ہے..اج....

مرد انسان نہیں ہوتے

..جو مرد نہیں رو سکتے..کب تک..یہ کھوکھلا کھول مردوں پر لگا رہے گا کہ وہ رو نہیں سکتے....

عورت مرد کو رولا دیتی ہے معاویہ سائیں..عورت..کی نفرت..مرد کو ختم کر دیتی ہے....

اس سے کہو

..مجھ سے نہ کرے نفرت...میں مانتا ہوں نہ اپنے سارے گناہ" وہ... عجیب کفیت کا


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

شکار...دھاڑ رہا تھا.. جبکہ آنکھوں میں نمی..کافی تکلیف دہ تھی....

داجی...نے..اسکو...ہارتے ہوئے دیکھا..

انھیں سب یاد آیا...کیسے.. کس طرح..اسکی انھوں نے پرورش کی تھی...

ضد...بے حسی

.اسکے اندر.. غرور اسکی بے انتہا حسن کا...

وہ سب ملیامیٹ کر دیا تھا...اج..

اسکے ہارنے پر وہ بھی ٹوٹ گئے تھے...

حویلی کے لوگ بکھر رہے تھے...

مسلسل..بے بسی سے...

مگر وقت فیصلوں کا تھا.....

اگر وہ بھی..ہار جاتے تو.. کہیں کوئی فیصلہ نہ ہو پاتا...

سب سے پہلا خیال انکے دماغ میں حیدر کا ایا تھا..اور اسکے بعد وہ بہرام..کا مسلہ حل

کر کے حویلی میں سکون کے خواہش مند تھے..

اسکی سرداری.. کے تمام معاملات داجی خد سمبھال رہے تھے.. اب سرداری کس کے سر سجنی تھی.. یہ بھی وہ ایک لمحے میں طے کر چکے تھے...

..........................

حیدر کو حور مل چکی تھی اور کیا چاہیے تھا..

انسانیت کے نام کا احساس بھی اسکے اندر سے مٹ چکا تھا..

اسنے پلٹ کر ارمیش.. کے بارے میں نہ سوچا....

حور نے.. اس کے تمام عصابوں.. پر قابو پالیا تھا...

جبکہ ان دونوں کے بقول زندگی بھی خوبصورت گزر رہی تھی..

کہ...وہ... حویلی چھوڑنے کے.. ہفتہ گزرنے کے بعد...

کی شام تھی...

جب... دروازے کی اواز بجنے پر.. وہ حیدر کے پہلو سے اٹھی..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نائٹ ڈریس کی ڈوریاں بند کیں..اور دروازے کیطرف بڑھنے لگی...

کریر تھا...

اسنے سگنیچر کر کے لفافہ لیا..اور اسکو ابھی کھولتی کہ حیدر بھی باہر اگیا...

حور نے اسکو مسکرا کر دیکھا..

حیدر بھی مسکرایا...

اور..حور نے اسکے ہاتھ میں لفافہ تھما دیا

.

میں فریش ہونے جاتی ہوں یہ تمھارے نام ہی ایا ہے" اسنے کہا..اور.. گزرنے لگی

کہ حیدر نے اسکا ہاتھ تھام کر اسکو بازوں میں بھر لیا..جبکہ دوسرے ہاتھ کی مدد

سے.لفافہ کھولنے لگا...اب حور اور حیدر دونوں کی نظریں لفافے پر تھیں...

حیدر نے.لفافہ کھولا تو اندر سے قانونی کاغز نکلا...

جس میں صاف درج تھا کہ قانونی لحاظ سے..اسے..حویلی..حویلی کی وراثت..اور

تمام.. کاروبار سے.. اک کر دیا گیا ہے.. جبکہ اسکا بینک بیلنس

. بھی.. ضبط کر لیا گیا ہے..

حیدر آنکھیں پھاڑے سب پڑھ رہا تھا جبکہ یہی حال حور کا بھی تھا..

یہ سب کیا بکواس ہے حیدر" حور اس سے الگ ہوتی.. چلائی اسکے تو وجود میں پتنگے

لگ گئے

یہ کیا..

حیدر کی محبت کے ساتھ ساتھ اسکی شہورت... اسکی امارت.. جس کی وہ خواہش مند

تھی...

وہ سب اسے چاہیے تھی...

اور جب ملی تو ایک ہفتے میں ہی سب.. ایک بار پھر اس سے... چھین گیا

.. یہ سب داجی نے کیا ہے" حیدر نے دانت پیسے...

کیا مراد ہے اب تمھارے پاس کچھ نہیں" حور کا تو دل بیٹھنے لگا...

حیدر نے اسکی جانب دیکھا.. اور وہ پیپر پھینک کر.. سر تھام لیا..

داجی ایسا نہیں کر سکتے.. سردار ہیں ہم کالام کے "وہ حیران پریشان... تھا... کچھ سمجھ نہیں .ارہی تھی..

ہاں یہیں بات ہے.. سب ابھی بھی تمھارے پاس ہے نہ.. "حور تو... حد سے زیادہ خوف ذدہ ہوئ..

پیدا ہوتے ہی غربت دیکھی شادی کے بعد غربت دیکھی.. اور اب.. جب خوشیاں ملیں تھیں تو دوبارہ. غربت کا منہ نہیں کبھی نہیں...

معلوم نہیں.. جب وہ اک کر چکے ہیں تو سرداری بھی کسی اور کو ملے گی... "حقیقتاً اسکے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کا.. داجی اسکے ساتھ ایسا کریں گے...

کیا مطلب ہے حیدر تم کنگلے ہو گئے ہو "وہ تو.. اسکا بازو.. ہٹاتی.. اس سے دور ہوتی.. منہ کھولے پوچھ رہی تھی..

حیدر نے اسکیطرف دیکھا...

تم فکر نہ کرو... تمھیں خوش رکھو گا" اسنے.. حور کے عجیب وغریب رویے پر حیرت کا اظہار ترق کر کے...اسکو تسلی دی..

بھاڑ میں گیا سب.. ٹھیک ٹھیک کھاک ٹھیک ہو گا.. جیب میں تمھارے روپیہ بھی نہیں رہا اور سب ٹھیک ہونے کے داوے کر رہے ہو" وہ غصے سے چلائی..

یہ کس قسم کا رویہ ہے حور" حیدر نے.. بھی اب غصہ کیا.. پہلے ہی.. اسے کچھ سمجھ نہیں.ارہا تھا..اوپر سے.. یہ سب..

رویہ رویہ..اف

.اف..." حور نے پاوں پٹخے..

تم.

حویلی جا رہے ہو.. بھلے معافی مانگو پاوں پڑو...

ہم تمھارے جائیداد تمھاری وراثت سے دستبردار نہیں ہو سکتے بلکل نہیں" وہ ہزیانی انداز میں بول رہی تھی جبکہ حیدر نے اسکا بازو جکڑا..

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بکواس ہے انھوں نے نکال دیا اور ہم پلٹ کر جائیں کبھی نہیں بس اپنا بچہ... لینے جائے گے..." وہ.. سرخ چہرے سے دوٹوک لہجے میں بولا...

بچہ.. بچہ.. حیدر... جب پیسہ نہیں ہوگا تو بچے کو کیا کھلاو گے"

حور نے.. بچے کے مارنے کی بات چھپاتے ہوئے اسے سمجھانا چاہا..

نہیں حور ہم دونوں ساتھ ہوں گے تو کچھ بھی نہیں ہوگا غلط تم فکر نہ کرو.. اور. ہم کرتے ہیں.. باباسائیں سے بات.... ایسے کیسے اک کر سکتے ہیں وہ ہمیں" وہ.. کنپٹی دباتا بولا اور کمرے میں چلا گیا.. جبکہ حور.. اسے دیکھ کر روخ موڑ گئی...

اسنے مٹھیاں بھینچی...

اب کیا ہوگا... پیسہ یہ عیش ارام...

اف اسکا سر پھٹنے لگا تھا..

پھر سے غربت کا منہ تو وہ کبھی نہیں دیکھے گی..

اسنے سوچا.. اور.. پاس پڑے کشن.. اٹھا اٹھا کر.. زمین پر مارنے لگی..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

زہنی طور پر وہ کافی..ڈسٹرب محسوس کر رہی تھی..

.........................

اج اسکی کانفرنس... تھی..اسکا دورانیہ کافی کامیاب جا رہا تھا..پہلے جو کرپشن..دا جی نے کروائ بھی تھی اب وہ سب ختم کر کے..وہ..ٹھیک کام کرنے لگا تھا...

وہ روم میں ایا تو..عابیر کے سامنے کھانا رکھا..

عابیر نے ایک پل میں کھانا اٹھا کر..دیوار پر دے مارا..بہرام نے ایک سیکنڈ کو دیکھا..اور پھر..فریش ہونے چلا گیا..وہ باہر ایا تو..عابیر نے پورا کمرہ تھس نہس کر رکھا تھا...

www.novelsclubb.com

بہرام نے کچھ نہیں کہا..

زیادہ اچھے مت بنو تم.."عابیر نے اسکا بازو جھٹک کر کہا...

عابیر..سائیں ہم بعد میں بات کریں گے"وہ سہلوت سے بولا

ازاد کیوں نہیں کرتے مجھے"جبکہ وہ چلائ

اور اسکے منہ کو اپنے ناخنوں سے نوچ ڈالا.. وہ پاگل ہو چکی تھی نہ جانے کیا چاہتی تھی...

بہرام نے غصے سے.. اسکے ہاتھ ہٹائے.. اور اسے دور دھکا دیا..

پاگل ہو گئی ہو"

ہاں ہو گئی ہوں.. طلاق دو مجھے.. ازاد کرو مجھے "وہ.. اسپر چیزیں مارنے لگی..

تمھارا دماغ.. تو اج اکر اچھے سے درست کروں گا بہت مہلت دے دی تمھیں تم نے... جینا حرام کر دیا..."

وہ زچ ہوتا ہوا بولا...

اور باہر نکلا...

عابیر... نے اسکا ہاتھ تھامہ..

شہر جا رہے ہو" اسنے سنجیدگی سے پوچھا..

ہاں" اسنے.. جواب دیا مگر لہجے میں سختی تھی..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

مجھے بھی جانا ہے" اسنے کہا..

بہرام نے چند پل اسے دیکھا..

اپنا دماغ سیٹ رکھو.. عابیر..." وہ.. اسے.. سمجھانے لگا..

بس زیادہ نہ بولوں جو کہا ہے وہ کرو" وہ سختی سے بولی..

ڈرائیور چھوڑائے گا"

اسنے کہا اور باہر نکل گیا..

جبکہ عبیر کی گاڑی بھی اسکی گاڑی کے پیچھے حویلی سے نکلی تھی..

شاید ہمیشہ کے لیے پشتاوں کو ساتھ لے کر...

یہ شاید.. اب.. اسکے پلٹنے کی باری تھی مگر وقت تو ہاتھ سے بھر بھری ریت کی مانند نکل رہا تھا...

..................یا نکل گیا تھا..

کوئی نہیں جانتا تھا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

******

داجی اپ نے اب کیا سوچا ہے..اگر ہم نے سردار نہیں بیٹھایا..تو..لازمی ہمارے حریفوں میں سے کوئ سر اٹھائے گا"احمر...نے کہا تو..انھوں نے سر ہلایا..کمرے میں سب..موجود تھے سوائے..بہرام خان کے جو کہ اج اپنی اہم کانفرنس میں گیا ہوا تھا..اور حیدر خان کے..جو...حویلی سے جا چکا تھا...

اج خان کی کانفرنس ہے..."داجی نے احمر کیطرف دیکھا..

جی..داجی"اسنے جواب دیا..

ساتھ کون گیا ہے"انھوں نے پوچھا...

معاویہ سائیں"عظیم خان نے جواب دیا تو انھوں نے سر ہلا دیا..

ایک لڑکی نے توڑ دیا..ہمارے خان کو.."وہ..خاصے افسردہ لگ رہے تھے..

کوئ کچھ نہیں بولا...تو انھوں نے..احمر کیطرف رکھ کیا..

چلاو..زرا..ایل سی ڈی خان کا نٹرویو دیکھیں"انھوں نے کہا..تو..باقی سب پہلو

بدل گئے اتنے اہم مسلے کو چھوڑ کر انھیں معاویہ کی پڑی تھی..

احمر نے ایل سی ڈی چلا کر.. نیوز چینل لگا دیا...

کانفرنس شروع ہی تھی جبکہ ان لوگوں نے دیر سے دیکھی..

وہ بڑے تمتراق سے.. کرسی پر بیٹھا.. وہی مخصوص سٹائل سے.. ناک کی چونچ پر عینک رکھے سنجید گی اور کچھ بے زاریت سے اپنی تعریفیں سن رہا تھا...

داجی مسکرادیے...

وہ جان تھا انکی....

بس وہ خوش رہتا باقی دنیا تو بھاڑ میں جائے انکی بلا سے...

اس سے سوال کیے جانے لگے جن کا جواب وہ ہمیشہ کیطرح.. بڑی چلاکی سے دے رہا تھا..

داجی کو.. اسکی زاہانت پر فخر ہوا...

اسکے سیٹ پر آنے کے بعد نہ جانے کیا قسمت کا پھیر ہوا تھا کہ.. پہلے جو وہ ہر معملے


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

میں کرپشن ضروری سمجھتے تھے..

یہاں.. کرپشن.. وہ خود نہیں کر رہا تھا...

کانفرنس بہت اچھی ج رہی تھی...

سب ہی کافی مطمئن ہوئے تھے کیونکہ اسکی.. پیچھے سے ہی... کر کردگی بہت اچھی جا رہی تھی...

میڈیا نے اب اس سے پرسنل سوال شروع کر دیے جس کا وہ مسکرا کر جواب دیتا ابھی اٹھتا.... کہ.. اسے اپنے شانے پر ایک ہاتھ محسوس ہوا....

پہلی.. ہاں پہلی بار بہرام خان کا دل انجانے خدشے سے دھڑکا تھا.. وہ اس ہاتھ کے کمس کو پہچانتا تھا...

اسنے ایک پل کو آنکھیں بند کیں.. کان میں لگی.. بلوٹوتھ میں معاویہ کی پریشان اواز ابھری..

تونے عبایر کو کیوں بلایا ہے"

www.novelsclubb.com

اسنے آنکھیں وا کیں.. میڈیا کی نظریں اسپر نہیں تھیں بلکہ پیچھے کھڑی عابیر پر تھیں.. وہ پہلی بار تو میڈیا پر نہیں ائ تھی..

یہ یہ کہنا بہتر ہے کہ.. عابیر اکبر پہلی بار میڈیا کے سامنے نہیں ائ تھی...

بلکہ مسز بہرام خان پہلی بار کیمرے کے سامنے ائ تھی...

بہرام نے.. مڑ کر اسکیطرف.. دیکھا...

جو

. سنجیدگی.. اور آنکھوں میں نفرت بھرے کھڑی تھی..

بتاوگے نہیں دنیا کو اپنی بیوی کے بارے میں" بلکل خاموش ماحول میں عابیر کی اواز ابھری تھی.. بہرام کو پہلی بار یہ اواز کانوں میں چبھتی محسوس ہوئ...

اسنے عابیر کا وہی ہاتھ سختی سے پکڑا...

مگر عابیر نے اسکا کوئ اثر نہ لیا..

الٹا مسکرائ...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

میں عابیر اکبر..ایک عام سی لڑکی...

ایک کافی..امیر..اور سیاست کی دنیا میں اپنا نام منوانے والے...بہرام خان کی بیوی ہوں...اپ سب لوگ مجھے جانتے ہیں کیونکہ میں اپ کی طرح ایک عام انسان ہوں..مگر یہ لوگ بہت بڑے لوگ ہیں..بہت بڑے "طنزیہ مسکراہٹ کو لبوں پر سجائے..وہ..بہرام کی گھورتی نظروں میں نظریں گاڑے ہوئ..تھی..

کھٹا کھٹ کیمرے سے تصاویر کھینچی جا رہی تھیں ایک..فارمل سی کانفرنس میں ذاتی نوعیت کا مرچ مسالہ..میڈیا تو جیسے..نیوز کا بھوکہ تھا...

کیمروں کی روشنی عابیر کے چہرے پر تھی..

بہرام اسے لے کر نکل..کچھ ٹھیک نہی لگ رہا مجھے "معاویہ کی اواز اسے اپنے کان میں سنائ دی..

عابیر...گھر چلو "اسنے..مزید سختی سے اسکا ہاتھ جکڑ کر..مدھم اواز میں اسے کہا...

تو..عابیر ہنسنے لگی..

کیوں بہرام خان بہت سٹیمنا ہے تم میں تو...

کہاں جا سو یا اج..."

وہ مسکرا کر اونچی اواز میں بولی.. معاویہ نے دانت کچکائے..

بہرام اج اپنی محبت کو.. ریزہ ریزہ ہوتا دیکھ رہا تھا...

تو.. ناظرین.. اپ دیکھ سکتے ہیں یہ بہرام خان ہیں...

انکی تو کیا ہی بات ہے...

انکے دادا اپ جانتے ہی ہوں گے.. سب.. مراد خان..

کو تو.. جان چھڑکتے ہیں انپر...

بے انتھا.... بے شمار.... مگر.. انکی تربیت بڑی الہ عرفا کی ہے کہ خاندانی سے لگتے ہیں...

دنیا جہاں کی کرپشن کرواتے.. ہیں ان سے.. اور یہ بھی محبت میں عاوم کو لوٹتے ہیں...اور.. میڈیا کی نظر میں مسکرا مسکرا کر دھول جھونکتے ہیں...

عیاشی انکی فطرت ہے.. یہ کوٹھے پر اکثر پائے جاتے ہیں...

عورتیں سے کھیلنا اور انکی عزتوں کو دو کوڑی کا کر دینا.. انکے نزدیک.. جیسے... معمولی

سی بات ہے

اور شراب وہ تو پوچھو ہی مت.. بچے کو دودھ کی ضرورت ہوتی ہے.. اور بہارام

خان... کا لام کی جان... کو.. شراب کی ضرورت ہوتی ہے

جس پر.. جس.. پر بھی انکا دل اجائے.. یہ انھیں اٹھا لیتے ہیں...

انکی شادی رکوا دیتے ہیں...

انھو بدنام کر دیتے ہیں...

انکے بقول میں انکی بیوی عابیر اکبر...

یہ جو خوش حال.. زنگی سے بھرپور مسکان انکے.. منہ پہ رسجای ہے یہ میرے

ارمانوں کا خون ہے..."

وہ.. چیخی...

چار و طرف جیسے .. سناٹا چاہ گیا جس میں صرف عابیر کی اواز .. جیسے تابوت میں اخری کیل ٹھونک رہی تھی...

یہ اسقدر برا انسان ہے .. منافق .. مطلبی .. اسے صرف حوس ہے...

اور حوس کا پجاری مجھے مجبورا اپنے ساتھ باندھے ہوئے ہے..." وہ بہرام کو دھکا دیتی بولی...

لائیو کانفرنس .. میں .. یہ سب لائیو دنیا دیکھ رہی تھی...

حریف تھے جیسے ... مزے میں اگئے تھے جبکہ .. باقی سب .. دانتوں تلے انگلیاں دبا گئے تھے...

www.novelsclubb.com

اج میں سب کے سمنے اس شخص سے اہنی نفرت کا اظہار کر کے .. اس سے طلاق کا مطالبہ کرتی ہوں....

طلاق دو مجھے ابھی اسی وقت " وہ چلائ...

بہرام .. کی آنکھیں سرخی ... کو چھلکانے کو تھیں...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ مٹھیاں بھینچے کھڑا تھا...

کیا کچھ نہیں برباد ہوا تھا...اسکا اس سب سے..

کیسا لگ رہا ہے..رسوا ہو کر دنیا کے سامنے..بہرام خان" عابیر زرا جھک کر مسکرا کر بولی...

یہ تو بہرام ہی جانتا تھا اسے کیسا لگ رہا ہے.....

سب.وہاں بہرام کے رد عمل..کے منتظر تھے..وہ کیا کرے گا..ہیڈ لائنز بن رہیں تھیں..

کچھ تو جھوٹ بول چکے تھے کہ بہرام خان نے عابیر اکبر کو طلاق دے دی جبکہ..

کچھ مزید ان باتوں میں مسالہ لگا چکے تھے...

جبکہ بہرام کے لیے..سب ٹھہر گیا تھا...

یہ مکافات عمل تھا...یہ...

اب محبت اسکی قسمت میں نہیں رہی تھی...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسے لگا جیسے وہ تنہا ہو گیا ہے.. بھرے بازار میں اسکو اکیلا کر دیا تھا.. اور اب وہ معصوم بچے کیطرح چھپ جاتا.. رونے لگتا.. یہ.. پھر...اسکے اندر.. ایک اور بہرام جنم لینے والا تھا..

عابیر اسکیطرف دیکھ رہی تھی.. اسے سو فیصد یقین تھا بہرام طلاق دے گا...

بہرام کے لب ہلے.. جبکہ عابیر سمیت سب کے دل دھڑک اٹھے...

میں تمھیں طلاق نہیں دو گا" بہرام نے عابیر کی چمکتی آنکھوں میں بے یقینی مایوسی سی دیکھی..اب مسکرانے کی باری اسکی تھی..

اب تم میری محبت نہیں ہو... صرف ضد ہو۔ "اسنے.. دو لفظ میں جواب دیا جسے صرف عابیر سن سکی..

اور وہاں سے نکلتا چلا گیا...

آنکھوں کو اچھے سے گاگلز سے ڈھانپ کر.. وہ سیاہ.. شلوار سوٹ میں..

کمال ڈھاتا وہاں سے نکل گیا...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جبکہ عابیر وہیں کھڑی تھی میڈیا اب اسکیطرف بڑھا..

میم کیا.. بمسٹر بہرام..اپکو مارتے ہیں...

کیا..انکا شادی سے پہلے اپ سے کوئ..ناجائز تعلق تھا..

ایسے ہی کئ.. عجیب و غریب سوالوں.نے اسکا دل بری طرح دھڑکا یا تھا..وہ وہاں سے پلٹی...

تو سامنے واصف کو کھڑا پایا...

عابیر..کونہ جانے..کیسا محسوس ہو رہا تھا..وہ سر جھکا گئ اور اسکے پاس سے نکلنے لگی..

www.novelsclubb.com

مجھے لگتا تھا تم ہمیشہ اچھے اور صیحی فیصلے کرتی ہو..ایک نازک سی.. معصقم سی لڑکی ہو...

پھر جو تمھارے ساتھ ہوا.تو میں نے تمھارے لیے دعا کی..کہ.. تمھارے جیسی نازک مزاج لڑکی..ہمیشہ خوش رہی.. تمھاری عزت..جو کھو گئ.... پھر اسی شخص

کے ہاتھوں لوٹ ائے اور ایسا ہوا بھی...

مگر میں نہیں جانتا تھا.. چار پانچ ماہ میں .. تم اپنی ساری معصومیت بھلا دو گی.. تم بھول جاو گی تم ایک لڑکی ہو.. اور یہ دنیا...

بھوکی ہے....

گھات گھات پر بیٹھا شکاری تمھیں تمھارے اج کیے گئے عمل.. کے بارے میں ضرور بتائے گا کہ وہ صیحی تھا یہ غلط...

چلتا ہوں" عابیر تو وہیں ٹھر گئ تھی جبکہ وہ وہاں سے نکل گیا تھا...

چند پل جیسے اسے اپنے دل کی دھڑکن بھی سنائ نہیں دی..

جبکہ.. کچھ دیر بعد یاد ایا کہ اتنا سب کرنے کے بعد بھی بہرام نے اسے طلاق نہیں دی تو.. وہ بلبلا اٹھی.. غصہ الگ ایا..

اور وہ تیز تیز چلتی.. ابھی.. اس گاڑی میں بیٹھتی جو بہرام نے دی تھی.. اور اسنے ڈرائیور سے لے لی تھی. جبکہ ڈرائیور بہرام انفارم کر چکا تھا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کہ چند لڑکیوں کی اواز بھی اسے اپنے کانوں میں سنائی دی..

یار یہ کتنی ناشکری ہے.. بہرام جیسا مرد کس کی خواہش نہیں...

ہم چل چھوڑ اس کے ساتھ بھی تو غلط ہوا تھا...

اسنے خود ہی بتایا ہے...

مگر یہ پھر بھی... یہ کوئی طریقہ نہیں.. کمرے میں سلجھانے والی بات کو یہ کیسے دنیا کے سامنے لے ائی..

عابیر کا بس نہیں چلا.. اس لڑکی کا منہ توڑ دے.. وہ.. گاڑی میں بیٹھی اور گاڑی اپنے گھر کو ڈال دی..

www.novelsclubb.com

اسے سننا ہی نہیں تھا کسی کو...

گھر کے سامنے گاڑی روک کر وہ نکلی تو.. اسے لگتا کیا تھا سارا محلہ اسے.. دیکھ رہا تھا.

لوگ اسکے ارد گرد ابھی جمع ہوتے. کہ.. وہ گھبرا کر وہاں سے اندر اگئی..

یہ سب کیا تماشہ ہے..." اسنے سوچا.. اسنے بہرام کے ساتھ بلکل ٹھیک کیا تھا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ اسی لائق تھا اسے محسوس ہونا چاہیے تھا کہ.. وہ کس ازیت سے گزری تھی...

وہ پلٹی.. مما سامنے ہی تھیں..

ریہا بھی...

وہ نہیں جنتی تھی کہ.. انکے گھر کا خرچہ پانی اب.. کون اٹھا رہا ہے جبکہ اکبر صاحب تو عمر سے پہلے ہی کافی.. کمزور لگنے لگے تھے..

شاید حقیقی معنی میں اج تم نے اپنی عزت کا جنازہ نکالا ہے.. "

مما نے کہا.. وہ منہ کھولے انھیں دیکھنے لگی..

جبکہ وہ دونوں ندر چلیں گئیں..

مگر عابیر کا دماغ گھوما تھا..

سسب مجھے ہی غلط کیوں کہہ رہے ہیں.. اسنے جو کیا.. کیا وہ نہیں دیکھا کسی نے..

اتنی عرصے قید میں رکھا وہ نہ دیکھا...

بس کریں اپی..

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کیا ظلم کیے انھوں نے اپ پر...

شادی اپ نے خود نے کی...

ان سے...

گئیں اپ خود انکے ساتھ...

وہاں اپکے ٹھاٹ دیکھ کر.. خاندان کی ہر لڑکی اپکے جیسے نصیب کی خواہش مند

ہے...

ہاں سچ ہے بہرام خان نے اپکو رسوا کیا...

مگر اپ نے یہ کیوں نہ سوچا کہ وہ تو چند لوگ تھے...

اور اس شخص نے انھیں چند لوگوں میں اپکی بے انتھا.. قدر اور عزت بڑھا دی..

اور اج.. اپ اپ خود.. اپنے پاوں پر کلہاڑی مار کے آئیں ہیں..

اپکی جزباتیات...

سب کو ہلکان کر گئ...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اپ گئیں خود...اس رپورٹینگ شعبے میں جبکہ.. سب نے کہا.. کہ.. یہ شعبہ اپکے لیے ٹھیک نہیں...

پھر اپ نے..اس کوٹھے پر جہاں کوئ شریف لڑکی جانا پسند نہ کرے وہاں جا کر اس ادمی کو...ایکسپوز کرنا چاہا..

اپ خود انکی نظروں میں آئیں.. ورنہ انھیں الہام نہیں ہوا تھا..اس سڑے بسے محلے میں کوئ عابیر بھی رہتی ہے...

چلو ٹھیک ہے.. وہ اپکی ڈیوٹی تھی..اسکے بعد.. کالام گئیں اپ.. زبردستی مما بابا سے اجازت لی..

وہاں جا کر..اپ نے فضول سوال کیے...

پھر انکی نظروں میں اگئیں...

اگر انھوں نے صرف غلط کیا

تھا.. تو اپ نے اج حدیں پار کر دیں ہیں" وہ غصے سے کہتی.. وہاں سے چلی گئ..

www.novelsclubb.com

جبکہ عابیر اپنی جان سے عزیز بہن..کے منہ سے یہ سب سن کر... جیسے اپنے قدموں پر ہلی تھی....

..................

چند ہی لمحوں میں داجی نے اس ہال روم کو کباڑ میں بدل دیا تھا...

یاور خان گاڑی نکالوں اج اس لڑکی..کے اندر یہ گولیاں اتار کر ہمیں سکون ملے گا..

وہ چلائے..

باباسائیں.... بہرام..خان..کا پتہ لگانا زیادہ ضروری ہے.اس لڑکی کو بات میں دیکھ لیں گے" یاور خان نے سمجھانا چاہا..داجی..تو..اپے سے باہر ہی ہو رہے تھے

جبکہ..

معاویہ خان کو اپنے موبائل سے نمبر ڈایل کیا تو فون بند جا رہا تھا..

یہ کیا بکواس ہے..بتا دے رہے ہیں ہمارے خان کو کچھ ہوا تو... سب تباہ کر دین


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

گے.. سمجھ کیا لیا.. وہ لاوارث ہے کوئ غیرہ پڑا ہے" داجی..نے موبائل.کان

سے اتار کر دے کر زمین پر مارا اور

.وہاں سے..نکلنے لگے..

داجی..صفدر صاحب کا فون ہے" اسیسٹینٹ..کے فون پر انے والی کال پر احمر نے

کہا..جبکہ باقی سب کے پاس بھی فون انا شروع ہتے..داجی نے پھر پیچھے مڑ کر

نہ دیکھا انکے وجود میں تو پتنگے لگے تھے..

انکی جان...انکا بہرام..مشکل میں تھا اور وہ..ان...لوگوں کو اہمیت دیتے..بھلے انکی

سیٹ چلی جاتی..مگر انھیں بہرام سے شیادہ عزیز کوئ نہیں تھا..

احمر بھی انکے پیچھے ہوا کہ کہیں مزید نقصان نہ ہو جائے...

جبکہ باقی سب سمیت خواتین بھی جو خد بھی یہ سب دیکھ چکیں تھیں...

دعا گو تھیں کہ بہرام مل جائے..

نین اور مورے تو بقائدہ رو رہیں تھیں..مگر..وہ اب ایک دوسرے کے ساتھ



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کھڑے تھے..

......................

حیدر نے ایل ای ڈی بند کی.. عابیر پر بے انتھا غصہ ہی ایا...

وہ بہرام کو سوچ رہا تھا.. وہ کہاں ہو گا...

جبکہ حور جو.. جیسے ہر پل جلے پاوں کی بلی بنی رہتی تھی...اسکے پاس ائ..

جب سب ختم ہو جاے گا تب ہوش میں اوگے" وہ بولی تو حیدر نے چونک کر اسکیطرف دیکھا...

یہ تم جب سے شادی ہوئ ہے کافی اونچا بولتی ہو.. محبوبہ کم بیوی زیادہ لگتی ہو.."

اسنے ہنس کر.. حور کو.. اپنی قید میں لینا چاہا کہ حور.. اسے دھکا دے کر دور ہوئ..

یہ جو ہر وقت کا رومینس ہے یہ کھاتے رہنا ہے تم نے ساری زندگی..."

وہ غصے سے بولی..

مگر ہمارے فلیٹ میں اتنا سب ہے. کہ تم ایک ماہ عیاشی کر سکتی ہو" وہ ہنسا...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تو حور کا خون کھول گیا اسے اگے کی فکر تھی جبکہ یہ ادمی سنجیدہ ہونے کو تیار نہیں

تھا....

حیدر... تم کب حویلی جاوگے "حور نے بمشکل نرمی سے پوچھا..

کبھی نہیں ساری زندگی بس ہم اپکے پاس رہے گئیں "اسنے گھمبیر لہجے میں کہتے

ہوئے حور کو نزدیک کیا...

نہ جانے اس لمحے حور کو کیا ہوا اسنے جھنجھلا کر حیدر کے منہ پر تھپڑ دے مارا....

زہر لگتے ہیں مجھے وہ مرد جنھیں صرف یہ اتا ہو.. کہ بیوی..."

قہ روکی.. حیدر چونک تھا...

میں تمھیں کہہ چکیں ہوں... تم حویلی جاوگے "وہ.. غصے سے بتی اندر چلی گئ..

جبکہ..

حیدر کے دماغ میں جیسے فلیش بیک ہوا تھا.. اور حور کے لیے ارمیش کو مارا گیا پہلا

تھپڑ یاد اگیا...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ابھی تو بہت کچھ تھا...

........................

بہرام...رات گزر چکی ہے بس کر" معاویہ نے...اسکے ہاتھ سے بوتل لی..

ام ہوں... بلکل چپ..اسنے کہا..عیاش ہوں میں..جبکہ میں..یہ سوچ رہا ہوں...

یہ سالہ محبت انسان کو....گالی..

بنا دیتی ہے......

اور میں بن گیا..

میں بھول گیا میں بہرام ہوں بہرام خان...

اسنے...لبوں سے پھر بوتل لگالی...

جبکہ نشہ تھا کہ اج خوب چڑھ رہا تھا...

ہم نے سوچا تھا اب اس راستے پر نہیں چلیں گے" معاویہ نے اسے اسکی بات یاد

دلائی..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اووبھائی" وہ ہنسا..

شراب چھوڑنی کی بات توہوئی بھی نہیں تھی..

یہ برینڈی..اس سے محبت ہونی چاہیے..اممممم..ہلک میں اترے تو..رگ رگ میں لزت بھر دے...

وہ پھر ہنسا..معاویہ کواج اسکے پینے پر پہلی بار غصہ ایااور پہلی بار اسنے اسکا ساتھ نہیں دیا..

طلاق کیوں نہیں دیتااسے "معاویہ نے پوچھا..تو..وہ بوتل ہٹاکر مسکراتا سر ہلانے لگا..

میرے ماتھے پر بیوقوف لکھاہے کیا" اسنے قہقہ لگایا...

وہ نہیں میرا مگر اس سے محبت ہے تو ہے...

یہ اگر رسموں رواجوں سے بغاوت ہے تو ہے

سچ کو میں نے سچ کہاجب کہ دیا تو کہ دیا



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اب زمانے کی نظروں میں یہ حماقت ہے تو ہے..

کب کہا میں نے وہ مل جائے مجھے میں اسکو

غیر نہ ہو جائے وہ بس اتنی حسرت ہے تو ہے

جل گیا پروانہ اگر تو کیا خطا ہے شمع کی

رات بھر جلنا جلانا اسکی قسمت ہے تو ہے..

دوست بن کر دشمنوں سا وہ ستاتا ہے مجھے

پھر بھی اس ظالم پر مرنا اپنی فطرت ہے تو ہے

وہ نشے میں جھومتا.. اسے اپنی عاشقی کی دستان اب بھی سنا کر معاویہ کو تپا رہا تھا جبکہ خود.. بوتل کے ساتھ جھوم رہا تھا...

تبھی.. فلیٹ کا دروازہ دھڑ دھڑ بجا...

جائے جناب داجی... اگئے ہیں.. "وہ ہنسا...

معاویہ نے جیسے... تھوک نگلا...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اور دروازہ کھولنے بھڑا.. کہ داجی اندھی طوفان کیطرح اندر داخل ہوئے...

اور ایک زوردار مکہ معاویہ کی ناک پر جڑ دیا..

جب اس کا کوئی فائدہ نہیں تو رکھا کیوں ہے" وہ دھاڑے...

اور معاویہ کا موبائل دے کر زمین پر مارا.. معاویہ منہ کھولے اپنے موبائل ٹکڑے دیکھنے لگا..

بیٹے... میرا منہ بھی دیکھ لے یہ ملاپ اگر اب بھی نہ ہوتا تو لازمی میں تو.. وفات پا جاتا" احمر نے.. افسوس سے اسکے موبائل کو دیکھا.. اور... بتا کر اگے بڑھا..

بہرام لاونج میں بیٹھا تھا.. حالت کافی بکھری ہوی تھی جبکہ لبوں پر مسکان تھی...

جان دادا.. مار دینا چاہتے ہو کیا.. یار" داجی پل میں اس تک پہنچ کر بوتل کو اس سے چھینتے.. اسے سینے میں بھینچ گئے.. وہ کسی بچے کیطرح انکے وجود میں چھپ گیا...

چھوڑ دو اس لڑکی کو.. چھوڑ دے یار..." وہ... اسکی سسکیاں اپنے سینے.. میں... بری مشکلوں سے برداشت کر رہے تھے.. معاویہ احمر بھی.. بے چین ہو چکے تھے جبکہ



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

معاویہ کا بس نہیں چل رہا تھا..اسے جان سے مار دے..

خان"داجی..نے..اسکو جھنجھوڑا..

وہ..گھیرہ سانس لیتا اٹھا..اور..گال پر پھیلی نمی کو صاف کر کے دوبارہ شراب کی بوتل اٹھانے لگا کہ..داجی نے..وہ بوتل دھکیل دی..

یار... قیمتی تھی"وہ افسوس سے بولا...

خان...اج کے بعد میں نہ دیکھوا سے پیتے ہوئے"وہ سختی سے بولے...

وہ ہنسنے لگا..

ڈن..مگر اج پینی ہے"اسنے فرمائش کی..داجی نے گھورا...

معاویہ سائیں کچھ کرو کچھ کرو... معملہ خراب ہو رہا.."وہ اپنے اپکو نارمل ظاہر کرنے لگا...

اے خان.."داجی.نے اسکا حسین چہرہ اپنی جانب موڑا..گیرے آنکھوں میں بے پناہ اداسی تھی غم تھا...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

حکم خان"وہ..نشے کی کیفیت سے نڈھال ہونے لگا..

احمراور معاویہ..دونوں کو دیکھ رہے تھے..

ہمارا کہامانوگے "انھوں نے کسی سوچ کے تحت پوچھا...

بہرام نے انکی جانب دیکھا..

نہ کروں تو"اسنے سوال کیا...

تب بھی..وہ ہی کروگے جو ہم کہیں گے "انھوں نے سختی سے کہا..

پہلے کبھی کیا ہے"وہ ہنسا..اورانکی گود میں سر رکھ دیا...

نیند سی انے لگی تھی...

ارمیش خانم سے شادی کرلو..اوراسے حکم سمجھنا.."وہ..اسکی بند ہوتی آنکھوں کو...دیکھتے..اٹل لہجے میں بولے..وہ..جو ابھی آنکھیں بند کررہا تھا..آنکھیں پھاڑے انھیں دیکھنے لگا...

ساکت سپاٹ...

www.novelsclubb.com

انکی بھی آنکھوں میں کوئ لچک نہیں تھی...

نہیں کا لفظ زبان پر بھی مت لانا" انھوں نے پہلے ہی وارن کیا

ورنہ.. " وہ ائ بر واچکا کر بولا...

جبکہ داجی نے نفی میں سر ہلایا...

ورنہ جب کریں گے تب بتائیں گے "

وہ سنجیدہ دیکھائ دیے..

داجی مگر..."

معاویہ سائیں خاموش ہو جاو.... "انھوں نے سختی سے روکا..

تو وہ چپ ہو گیا...

بہرام.. ایک پل انھیں دیکھتا رہا...

اور پھر آنکھیں بند کرلیں.. ہنسنے لگا...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

چند گھنٹے بھی فارغ نہیں رہنے دیں گے"

خان سنجیدہ ہیں ہم" داجی نے کہا.. پھر کوئ کسی پر فیصلے تھوپ رہا ہے.. "وہ ایکدم اٹھ کر غصے سے بولا...

یقین ہے ہمارا.. یہ فیصلہ شاندار ہو گا"

میں نے اچار نہیں ڈالنا اپکے یقین کا...

بیوی ہے میری" وہ بولا..

اچھا" داجی ہنسے.. معاویہ احمر تو جیسے تماشہ دیکھنے ائے تھے

بہرام نے گھورا...

بیوی نہیں صرف لڑکی.. عجیب مرد ہو ویسے خان تم "انھوں نے طنز کیا وہ خوب سمجھتا تھا...

جواب چاہتے ہیں..نہ وہ مین نہیں چاہتا اور نہ شاید ارمیش "اسنے کہا...

اس بار انکی مرضی..سے ہی ہو گا..اور تم پر ہماری مرضی چلے گی..دماغ کو.. تیار


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

رکھنا" کہتے وہ اتھ گئے..

کیا تماشہ ہے" بہرام نے گلاسوں پر ہاتھ مارا جو ٹیبل سے گیر گئے..

داجی سکون سے وہاں جیسے ائے تھے چلے گئے..

معاویہ منہ کھولے.. بہرام کو دیکھ رہا تھا..

گالی... منہ توڑ دو گا.. چلا جا یہاں سے" وہ دھاڑا..

معاویہ تو بے انتھا خوش ہوا تھا اگر ایسا ہو جاتا تو کافی اچھا ہوتا...

اسکے بقول دو ٹوٹے ہوئے لوگ ایک دوسرے کو نہیں توڑ سکتے تھے...

جبکہ بہرام.. نے.. دوسری بوتل کھول لی تھی..

کیا عجیب شوشہ چھوڑا تھا داجی نے بھی..

......................

ارمیش کے لیے یہ خبر کسی صدمے سے کم نہیں تھی.. اسنے مورے کیطرف دیکھا

جو... بی جان اور باقی سب کے ساتھ لے کر یہ خبر آئیں تھیں...

کیا مجھے جینے دیا جائے گا" اسنے سپاٹ انداز میں پوچھا...

سب نے دکھ سے اسکیطرف دیکھا... حیدر کی جانب سے پیپرانے کے بعد بھی.. وہ ویسی ہی رہی... تھی...

ان سب کا ہی اسکی ایسی حالت دیکھ کر دل کٹ رہا تھا...

خانم...."

بی جان.....مجھے کسی سے شادی نہیں کرنی.. اگر اس حویلی میں میری کوئی اہمیت یہ اپ سب لوگوں کے دلوں میں میری کوئی عزت ہے.. تو

اور اگر اپ لوگ مجھے... کوئی جانور سمجھتے ہیں.. جو احساسات.. سے عاری ہے.. تو پھر ایک بار زبردستی کر کے شادی کرادی میں کرلوں گی.. ایک اور ایسے شخص سے... جو...

اپنی ناکام محبت کا.. گم مجھے.. پھر توڑ توڑ کے بنائے گا.."

اسنے کہا... اور ان سب سے روخ موڑ لیا..

سفید لباس میں پور نور چہرے کے ساتھ وہ.. بے حد پیاری تو لگ رہی تھی مگر کب تک اسے اس طرح دیکھا جاتا.. دن اپنی رفتار چل رہے تھے.. ایک کے بعد ایل دن...ارہا تھا.. اسکی عدت ختم ہونے کو تھی...

مگر اسکی زبان کی چپ.. لاکھ سب کے بولنے کے باوجود نہیں ٹوٹی تھی..

اور اج جب یہ بات کہی گئی تو سنجید گی سے یہ کہہ کر وہ.. ان سب سے رخ موڑ گئی..

وہ زندگی سے دور جا رہی تھی خوشیوں کو خود پر حرام کر رہی.. تھی کسی سے بھی اسکی یہ خاموش تکلیف نہیں دیکھی جا رہی تھی.. اور اس بار اسکا احساس صرف زنان خانے میں نہیں.. بلکہ مردان خانے.. میں بھی بہت تھا...

ٹھیک ہے کوئی تم پر زبردستی نہیں کرے گا..." بی جان نے.. اسکے ریشمی بالوں پر ہاتھ پھیرہ

.اسنے انکی جانب دیکھا.. یہ لمس...بہت عرصے بعد اسے میسر ایا تھا...

ماں اولاد سے کیسی محبت کرتی.. تب بھی جب وہ اسکے سامنے ہو.. اور تب بھی جب


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ اسکے وجود کا حصہ ہو..

اولاد کو.. کتنی ہی دوسری محبتیں گھیر لیں مگر..ماں کی محبت کے لیے..اسک اوجد ہمیشہ ترستا ہے...

ارمءش کی آنکھیں نمکین پانیوں سے بھرنے لگی..

وہ تو بہت نرم دل... سی لڑکی تھی...

بی جان کی ممتاک المس ...اسکے اندر ایک تڑپ بھر گیا...

بی جان.. کی بھی آنکھوں میں انسوانے لگے...

اور..انھوں نے اسے کھینچ کر..اپنے سینے سے جو جکڑا..تو..وہ سب کو رولا گئ.....

اسکی.. سسکیاں...اسکی ہچکیاں.....

اسکا باآواز بلند رونا....

سب کے دل منہ کو آرہے تھے...

بی جان کے پاس کوئ لفظ نہیں تھا...وہ اسے کیسے تسلی دیتیں...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

میں کسی کو معاف نہیں کروں گی" وہ... بری طرح رو رہی تھی..

قاتل ہے... حیدر..." اسنے چیخ کر کہا...

بی جان بے بسی سے سب کو دیکھ رہیں تھیں جو.. خود رو رہیں تھی

ارمیش.. چندہ بس.. کرو" انھوں نے کہا.. تو اسنے نفی میں سر ہلایا.. خوبصورت

چہرہ سرخ ہو چکا تھا... جبکہ... گالوں پر انسوں کی لڑیں تھیں...

بی جان اس شخص نے مجھے بہت تکلیف دی ہے.... بے حد.. تکلیف... اسکی... اسکی

حور.. جس... کی وجہ سے دو سال میں نے عزیت میں گزر دیے.. تب بھی مجھے صلہ

نہ ملا.. میں صرف ارمیش رہی جبکہ حور پھر بھی اسکی تھی...

ان دونوں نے میرے بچے کو مارا ہے... دونوں نے..." وہ جنونی سی ہو رہی تھی....

جبکہ مسلسل رو بھی رہی تھی..

ارمیش خانم... بس میرا بچہ.. اللہ صبر کا پھل دے گا تمھیں" انھوں نے اسکی پیشانی

چومی...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کب بی جان...دو سال سے اپ کہے جا رہی ہیں.. کب اخر. کب ملے گا مجھے صبر کا پھل...میرے لیے کانٹے کیوں ہیں.." وہ ہونٹ نکال کر روتی...اپنے ساتھ ساتھ سب کو تکلیف دے رہی تھی...

بی جان تو وہاں سے اٹھ گئیں..ان سے مزید نہیں دیکھی جا رہی تھی یہ تکلیف..اخر وہ چپ رہ کر کرتیں بھی کیا....

جبکہ بی جان کی جگہ اب..مورے نے..لے لی تھی...

ارمیش میری بچی.."انھوں نے..اسکو..پکڑا تو وہ ماں کے لمس پر نئے سرے سے بکھرتی تڑپ رہی تھی...

www.novelsclubb.com

...................

داجی تک یہ پیغام پہنچ گیا.. تھا کہ ارمیش نے انکار کر دیا ہے..انھیں امید تھی کہ یہ ہی ہو گا..

ابھی کچھ دیر پہلے..بہرام بھی ایا تھا باہر سے...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ انکے سامنے ہی بیٹھا تھا جب بی جان کی جانب سے پیغام ایا.. اسکے جبڑے تنے..

داجی نے اسکی جانب دیکھا...

مگر بولے کچھ نہیں جبکہ وہ جیسے ایا تھا ویسے ہی چلا گیا.....

معاویہ داجی کے اگلے حکم کے لیے کھڑا تھا وہ خود چاہتا تھا کہ ارمیش اور بہرام کی شادی ہو جائے تبھی بہرام کے پیچھے نہیں گیا تھا..

کیا لگتا ہے... معاویہ خان "انھوں نے معاویہ کیطرف دیکھا تو معاویہ کو اس شخص میں جو غرور اور تنتنا تھا... بکھرتا محسوس ہوا.. یہ وہ شخص تھا.. جو اپنی بات کا مشورہ کیا.. کسی کو بتانا ضروری نہیں سمجھتا تھا.. اور اج..

داجی... یہ ہو جائے تو بہت بہتر ہو گا" اسنے کہا...

مگر "وہ کچھ الجھے ہوے سے لگے..

داجی ارمیش خانم کبھی اپکی بات نہیں ٹالیں گی" اسنے جیسے انھیں... ایک اور قدم اٹھانے کیطرف راغب کیا.. تو وہ اسکی شکل دیکھنے لگے...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

چلو پھر" وہ اچانک ہی اٹھے...

میں بھی" معاویہ نے حیرت سے کہا...تو انھوں نے بس سر ہلا دیا..

اور معاویہ داجی کے ساتھ زنان خانے کیطرف بڑھا...تو..زنان خانے کے ہال میں کوئ بھی نہیں تھا...

داجی اوپر..ارمیش کے کمرے کیطرف بڑھنے لگے معاویہ وہیں ٹھر گیا...

کیونکہ...ایک انچل سا اسے دوسری طرف جاتا دیکھا تھا...

اس سیریس ماحول میں بھی اسکو شرارت سوجی تھی...

وہ بھی داجی سے انکھ بچاتا پیچھے ہو لیا...

اے روکو" اسنے مسکرا کر پیچھے سے اواز دی یہ لڑکی چند ہی دنوں میں..اسکے دل میں بس چکی تھی..

انوشے کے قدم تھمے...

مگر وہ مڑی نہیں...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بہت مسلہ ہو جائے گا اگے تو اگر تم یوں ہی بھری رہی" اسنے.. ہنستے ہوئے اسکا ہاتھ پکڑا.. انوشے نے ایکدم اپنا ہاتھ چھڑایا جھٹکا دے کر...

معاویہ نے چونک کر اسکیطرف دیکھا...

اپ مجھے کیوں روکتے ہیں...

کس لیے.. کن باتوں کے لیے کیا بات ہے ہمارے پاس کیا موضوع ہے...جب ہمارے پاس کوئ بات نہیں.. جب ہمارا ایک دوسرے سے کوئ تعلق نہیں تو.. کیوں روکتے ہیں مجھے...

ہمارے درمیان کوئ گفتگو نہیں ہے.. یہ ہال میں یہ پوچھو ک 9 عابیر اپ کے کمرے سے کیوں نکلی....اسنے چیخ کیوں ماری...

یہ پوچھو اور اپ جواب دیں گے.. اپ کیسے مرد ہیں.. جو.. "وہ.. ناگواریت سے بولتی روکی.. کہ اچانک ہی معاویہ نے.غصے سے اسکا منہ جکڑ لیا...

اپنے کسی بھی عمل کا میں کسی کو بھی جواب دہ نہیں ہوں.... سمجھی تم..اور تم مجھ پر



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اتنا گھٹیا...الزام جو لگا رہی ہو ب~یر ثبوت کے اس کو بھگتو گی..."اسنے اسکو جھٹکا...

میں نے الزام نہیں لگایا"اسکی بھیگی آنکھوں میں...تکلیف تھی..

اچھا کیا ثبوت ہے تمھارے پاس کے عابیر..کے ساتھ میں نے کچھ کیا تھا...تم نے

اپنی انکھ سے دیکھا تھا" وہ دھاڑا....

جبکہ وہ سہم گئ..

میں نے سنا تھا..بہرام لالا نے اپکو مارا ابھی"وہ.رو دینے کو ہوئ..خود کو کمزور بھی

محسوس کیا کہ..اسے لگ رہا تھا اب کہ اسنے غلط کر دیا ہے...

بہرام..نے مجھے مارا تو اسکا مطلب میں گناہگار ہوں.."معاویہ غضب سے اسکو

دیکھ رہا تھا..

نہ جانے کیوں تم اس دل میں اتر گئ...اگر..تمھارے لیے..جزبے نہ ہوتے تو..

تمھیں اس الزام پر ابھی بتا دیتا..."وہ غصے سے مٹھی بھینچ کر بولا...

میں "انوشے..کا دل کہہ رہا تھا کہ اسنے واقعی الزام لگا دیا ہے..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بس...... مجھ سے کچھ پوچھے بغیر الزام لگا کر.. تم نے مجھے ہرٹ کیا ہے" وہ انوشے کو توجہ سے دیکھتا اب.. غصہ بھلائے.. ڈرامے بازی پر اترایا...اسے براضرور لگا تھا کہ ..انوشے نے اسپر یقین نہیں کیا مگر.. وہ یقین کرتی بھی کیسے. وہ کوئی پرسا نہیں تھا..اور ایک وقت تھا اسکا یہ وتیرہ رہا تھا.. مگر...

وہ اس سے ناراض نہیں ہوانا چاہتا تھا تبھی اسکی ڈری سہمی شکل کو انجوائے کرنے لگا...

میں ایسا نہیں چاہتی تھی" انوشے..نے روتے ہوئے کہا..

مگر تم نے ایسا ہی کیا ہے... تم مجھ سے سوال کر سکتی تھی مگر تم نے تو لزام لگایا وہ بھی. عابیر کی وجہ سے جبکہ تم جانتی ہو.. وہ ایک خود سر لڑکی ہے.. جو اپنی ضد میں.. سب کر جاتی ہے." اسنے اسکی جانب دیکھا... مگر...اسکے جھکی جھکی پلکیں بہت پیاری لگیں جبکہ ہاتھ اسکے کانپ رہے تھے..

بہت برا کیا ہے تم نے انوشے ڈارلنگ اسکو مزید ڈراتا اسکے قریب ہوا..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

انوشے.. کا دم نکلا...

کہ وہ اسکے بہت قریب اگیا تھا..

کہ اسکے کلون کی مہک انوشے کے ذہن پر سوار ہونے لگی..

اور تم سے سارے حساب کتاب اب بس اپنے کمرے میں لوں گا... جبکہ تم صرف بس میرے بس میں ہو گی.....

کوئی بچانے والا... نہیں" وہ.. اسکے کے گلابی گالوں پر.. اپنی انگلی سے.. ایک سطر کھینچتا.. انوشے کو بے ہوش کرنے کے قریب تھا...

انوشے حونک اسکی جانب دیکھ رہی تھی..

ایسے دیکھو گی تو.. ابھی بدلے لینا شروع کر دوں گا" وہ... اسکے ہونٹوں کو دیکھ رہا تھا.. انوشے کو جیسے ہوش ایا..

یہ کیا. اسنے.. معاویہ کے سینے پر ہاتھ رکھ کر دور کیا.. معاویہ. اس سے دور ہو گیا... اور چمکتی آنکھوں سے دیکھنے لگا....


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جبکہ انوشے ..ایک قدم.. دور ہوئ پھر دوسرا اور پھر جیسے وہ سرپٹ ایسی دوڑی کہ

معاویہ کا قہقہ ابھرا...

بدتمیز"انوشے کے لب بھی مسکرائے یہ احساس ہی بہت مزے دار تھا کہ وہ اس

سے محبت کرنے لگا تھا...

..................

حور نے اس سے معافی مانگنے کی زحمت نہیں کی تھی..اسے غصہ بہت شدید ایا..وہ

چار دنوں سے اس سے بات نہیں کر رہا تھا اور اسے تو کوئ فرق ہی نہیں پڑ رہا تھا...

اور اج صبح جب اسے گھر سے جاتے دیکھا تو خقد ہی اسے بولنا پڑا..

کہاں جا رہی ہو"وہ غصے سے بولا...

جب شوہر ہٹ دھر ہو کر گھر میں پڑا ہو..تو بیوی کو کچھ نہ کچھ کر لینا چاہیے یہ ہی

عقل مندی ہے نہ کہ...اسکے..اس پر پڑی رہے"

کیا بکواس ہے"حیدر غصے سے بولا..بھلہ وہ..کیا تھا اور وہ یہ لہجہ برداشت کرتا..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ارمیش نے کبھی اسے دوبادو جواب نہیں دیا تھا..اسنے حور کو اپنی طرف کیا...

توحور..خود کو چھڑا کر دور ہو گئی..

خبردار...جو تم نے مجھے چھوا بھی..."وہ تو آنکھوں میں ائی...

اس کا مطلب تمھیں صرف ہمارے پیسے سے محبت ہے"حیدر نے بڑے دکھ سے کہا...

توحور ہنسی...

نہیں حیدر..مجھے تم سے محبت ہے...مگر میں سسک سسک کر زندگی نہیں گزاروگی تمھارے سب اکاونٹس بند ہیں....

کیا کھاوگے....ہاں..کہہ رہی ہوں حویلی چلو...معافی مانگو سب سے"اسنے..زرا نرمی سے کہا تو حیدر....اسکی صورت بس تک کر رہ گیا...

حور...بدل گئی تھی یہ ایسی ہی تھی..وہ سمجھ نہیں سکا...

حورہ.حویلی نہیں جاے گے"وہ اٹل لہجے میں بولی..

توپڑے رہو.. اس گھر میں ہاتھ پر ہاتھ رکھے" حور غصے سے. بولی...

تمیز سے بات کرو" حیدر نے اسپر.. ہاتھ اٹھایا... تو اگلا لمحہ اسے شاکڈ کر گیا.. حور نے بھی اسکے منہ پر تھپڑ دے مارا..

ارمیش نہیں ہوں میں.." وہ دھاڑی..

نہ تمھارے باپ کی غلام... جب تک تم تمیز سے نہیں رہو گے میں بھی تمیز سے بات نہیں کروں گی" وہ وارن جرتی.. وہاں سے چلی گئ..

اور حیدر... سامنے لگے ائینے میں اپنا.. منہ دیکھتا رہ گیا.. اسے لگا اسکا عکس اس پر ہنس رہا تھا...

منہ چیڑہ رہا تھا...

............................

یہ عمل عابیر کو نقصان کی انتہا گہرائیوں میں اتار چکا تھا. مگر اسے یہ سب بس لوگوں کی بے وقوفی ہی لگی.. اسنے صرف بدلہ لیا تھا.. بھلہ اس میں کیا برائ تھی...

وہ اب خوش تھی سکون میں تھی دنیا کے سامنے ..اسکو ایکسپوز کر کے. جہاں اسپر..

کیچڑ اچھالی جا رہی تھی وہیں..دوسری طرف اسکی ساک ہل چکی تھی..

اور اسکی بلہ سے بھاڑ میں جائے...

وہ دوبارہ سے اپنی زندگی میں خوش رہنا چاہتی تھی..

نہ جانے کیوں اسے ریہا کی شادی معاذ سے ہوتی بلکل اچھی نہ لگی وہ شخص اسکا دیوانہ

تھا.اور اسکے راستے سے ہٹتے ہی اسکی بہن سے کر تہا ہے شادی..

یہاں تو سب ہی منافق ہیں اسنے سوچا...اور..اپنے پرانے حولیے میں ائی..

جینز کرتے میں..اس نے سکون کا سانس لیا...

اور بیگ اٹھا کر باہر ائی..گاڑی اسی کے پاس تھی اسنے..جوب کے لیے دوبارہ جانے

کا سوچا...

کہاں جا رہی ہو" مما نے نہ چاہتے ہوئے بھی پوچھ لیا...

جوب پر" اسنے سکون سے جواب دیا..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

عابیر تمھارے ساتھ مسلہ کیا ہے" مما کو تو غصہ ہی اگیا...

کیا مطلب" وہ حیران ہونے لگی..

کسی کی بیوی ہو تم...اور اسے نہیں پتہ..کے تم پھر سے اس گندی جاب پر جا رہی ہو"

بیوی.. ہمم" وہ ہنسی...

میں کسی کی بیوی نہیں ہوں..اور وہ عجیب سا ادمی میرے لائق تھا ہی نہیں یہ عشق عشقی اور معشقی مجھے نہیں پسند...اور اپنی مرضی کے خلاف عابیر نہیں چلتی" وہ بڑے تفخر سے کہہ کر وہاں سے باہر نکل گئ....

مما نے اسکے اسقدر بد تمیزانہ رویے..پر انکھ میں ائ نمی صاف کی..ریہا نے انکی جانب دیکھا...

اور دونوں ایک دوسرے سے نظریں چرا گئیں...

جبکہ عابیر گاڑی میں ابھی بیٹھتی ہی..کہ...محلے کے لوگوں نے باتیں بنانا شروع کر


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

دیں..اسے تپ تو بہت ائی.. مگر وہ کان بند کرتی گاڑی میں سوار ہو گئ..

.................

دن گزر گئے تھے..اسکی عدت پوری ہو گئ تھی...

جبکہ..حویلی کا ماحول بھی خاصا بدل گیا تھا...

اج معاویہ کے سر پر..دستار بندھنی تھی...

سب ہی بہت خوش تھے...

داجی کا فیصلہ تھا کہ معاویہ دستار سمبھالے گا..

جبکہ باقی کسی نے انکے خلاف جانے کی کوشش نہیں کی..

سب بدل رہا تھا سوائے..ارمیش اور بہرام کے..

وہ اپنی ہی دنیا میں مگن ہو گیا تھا..ہر وقت شراب...

ہر وقت شراب..جب سیاسی معملے بھی داجی نے کافی مشکل سے..نمٹائے تھے..

جبکہ بہرام شراب سے نکلنے کو تیار نہیں تھا...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اور دوسری طرف ارمیش.. اور داجی کی ملاقات کے بعد ایک بار پھر ارمیش.. نے خاموشی کا لبادہ ایسا اڑھا.. کہ.. سب تھک گئے مگر اسکی قفل نہ ٹوٹی..

ہم چاہتے ہیں.. معاویہ کے سر پر دستار سجنے کے بعد ان تینوں کی شادی کر دیں

"داجی نے کیا.. وہاں سب موجود تھے سوائے بہرام کے..

بہت خوب باباسائیں" یاور خان نے کہا تو داجی مسکرائے..

مگر داجی بہرام کو کون ہینڈل کرے گا" معاویہ نے پوچھا..

ہم کر لیں گے "انھوں نے جواب دیا...

اور اپنی جگہ سے اٹھ گئے معاویہ نے بھی ساتھ چلنا چاہا مگر وہ ہاتھ کے اشارے سے روک گئے...

معاویہ وہیں ٹھہر گیا.. اور.. داجی بہرام کے کمرے کیطرف بڑھ گئے..

کمرے کا دروازہ کھولا.. تو... وہ.. بیڈ پر اندھا پڑا تھا جبکہ شراب کی بوتلیں زمین پر پڑیں تھیں.. انھیں پہلی بار اسپر شدید غصے ایا..

خان"وہ..اسکی شرٹ لیس... کمر پر..ہاتھ مار کر اٹھانے لگے..اسنے آنکھیں

کھولیں اور سیدھا ہوا..

خان بولا لیتے کیوں ائے"اسنے.اٹھتے ہوئے سنجیدگی سے کہا...

اطلاع دینی تھی تبھی خود اگئے"وہ اسکے سامنے کھڑے ہو کر اسکو اٹھنے کا اشارہ

کرنے لگے..

کیسی اطلاع وہ کھڑا ہوا..

دو دن بعد ارمیش خانم سے نکاح ہے تمھارا"

انھوں نے مظبوط لہجے میں کہا..تو بہرام دھپ سے بیڈ پر گیرہ

پھر وہی"وہ عاجز ایا...

بلا چوں چراں"

یار داجی مجھے نہیں کرنی شادی کسی سے بھی نہیں"اسنے اکتا کر کہا..تو...داجی کا ہاتھ

گھوما..اور ایک کرارا تھپڑ بہرام کے جیسے..طوطے اڑا گیا...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہوش میں رہو.. بہرام خان...

بلکل ہوش میں... یہ شے..اور یہ مدہوشی وہ بھی اس لڑکی کے لیے ہمیں گوارا نہیں.. ہم اس حویلی کے ایک ایک فرد کو خوش دیکھنا چاہتے ہیں ماضی کی ہر غلطی کو درست کرنا چاہتے ہیں.."

وہ غصے سے چلایے.. وہ ویسے ہی انکی صورت تکنے لگا.. داجی نے پہلی بار اسے مارا تھا...

ارمیش خانم کے ساتھ کوئ زیادتی نہیں چلے گی..."انھوں نے ووارن کیا...

بہرام انکو گھورنے لگا.. داجی کو اسکی ڈھٹائ پر غصہ ایا...

کہ وہ پھر سے نارمل دیکھائ دے رہا تھا..

شرط ہے میری" اسنے کسی سوچ کے تحت کہا...

اور میں کوئ شرط نہیں مان رہا.. کیو کہ کوئ رشتہ.. شرطوں پر نہیں بنتا" داجی.. نے.. نفی کی.. تو.. وہ... ایکدم اٹھا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

مجھ سے تھپڑ برداشت بڑی مشکل سے ہوا ہے کہ میری جگہ اپ کسی اور کو نہیں دے سکتے.. بھلے وہ ارمیش خانم کیوں نہ ہو...

بہرام بہرام ہے...اور.. وہی اپکی جان ہے. اور اسی کے لیے اپ سب کریں گے اور میری شرط بھی مانے گے" وہ تو ارمیش کے لیے پڑنے والے تھپر پر اچھا خاصا تلملا یا...

داجی مسکراہٹ چھپا کر بولے...

کیسی شرط" لہجہ اطب بھی اکڑا ہوا تھا..

وہ انکی طرف ایک لمہے دیکھ کر.. جھکا.. انکے چہرے کیطرف..

عابیر...اس حویلی میں دوبارہ ائے گی"

اسنے سکون سے کہا...

اور اپ.. مجھے نہیں روکیں گے" وہ سپاٹ انداز میں بولا...

ایسا کبھی نہیں ہو گا..." داجی کو.. مزید غصہ ایا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

میری یہ ہی شرط ہے"...وہ کہہ کر پھر بیٹھ گیا...

داجی نے دانت بھینچے...

اگر تمھارے دماغ میں یہ سوچ ہے کہ تم. عابیر کو چیڑانے کے لیے شادی کر رہے

ہو ار میش سے تو.. ہماری خانم گیر ہی پڑی نہیں ہیں" داجی دھاڑے تو. وہ.. انکو

دیکھنے لگا..

ایسا کچھ نہیں کہا میں نے.."اسنے نفی کی..

پھر کیا وجہ اس کو یہاں لانے کی" وہ گھورنے لگے..

کوئی وجہ نہیں...اب کوئی وجہ نہیں... مگر وہ یہیں رہے گی.. بس یہ ضد ہے"

اسنے.. شانے اچکا کر کہا.. تو داجی کا دل کیا اسکے بال نوچ دیں..

اتنا سرد کیوں ہو جاتا تھا وہ..

ٹھیک ہے مگر پہلے شادی ہو گی..."وہ.. کہہ کر وہاں سے نکل گئے.. جبکہ.. بہرام..

نے بغیر کچھ بھی سوچے.. شراب کی بوتل اٹھائی..اور مسکرا کر دیکھا..

میری محبت "اسنے بوتل کو چوما...اور.. کھولنے لگا...

اسے عابیر یہ ارمیش سے فل حال کوئی کنسرن نہیں تھا...

........................

حویلی میں شادی کی تیاریاں ہوتے دیکھ جیسے...اسے ہوش ایا تھا یہ سب کیا ہو رہا تھا...

سب ہی خوش تھا جبکہ...وہ عجیب سے کیفیت کا شکار تھا ایسا خواب تو اسنے عابیر کے ساتھ دیکھا تھا...

مگر وہ خواب کس طرح پورا ہو رہا تھا..

وہ مسلسل بے چینی کا شکار تھا.. حویلی میں سب بہت خوش تھے...

یہاں تک کہ معاویہ بھی اسے ہری جھنڈی دیکھا چکا تھا...

اسے اس بات سے بلکل فرق نہیں پڑتا تھا کہ داجی اسے فورس کر رہے تھے...

وہ چاہتا تو داجی کی بات.. نہ مانتا مگر وہ اتنا ضرور جانتا تھا کہ.. داجی عابیر کو یہاں انے نہیں دیں گے اور اگر.. اسے لانا تھا تو شادی کرنی ہی تھی.. مگر دل تھا مٹھی میں جکڑا

ہوا تھا...

وہ... بغیر کچھ سوچے سمجھے.. گاڑی کی چابی اٹھا کر.. وہاں سے بڑی بے تابی سے نکلا تھا....

کچھ ہی گھنٹے کی رف ڈرائیو کے بعد وہ.. اسکے گھر کے سامنے تھا....

اسے یاد ایا کچھ مہینوں پہلے یہاں انے کی اسکی تڑپ ہی الگ تھی...

اور اج یہاں انے کی تڑپ الگ تھی اج کچھ کھو جانے چھوٹ جانے کا احساس ہو رہا تھا...

وہ.. اپنے مخصوص سٹائل میں گاڑی سے نکلا.. اج اسنے ڈرنک نہیں کی تھی..

چاہ کر بھی پی نہ سکا.. وہ باہر نکلا اور دروازہ بجایا...

تو کچھ ہی منٹ میں دروازہ کھل گیا... ریہا.. کو سامنے دیکھا...

اور اس سے پہلے وہ سوال کرتا...

اپی... گھر پر نہیں ہیں"



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کہاں ہے وہ" بہرام نے...بے تابی سے پوچھا تو ریہا کو اپنی بہن پر شدید افسوس ہوا...

انھوں نے اپنی جوب ریجوائن کرلی ہے رات لیٹ اتی ہیں صبح جلدی چلی جاتی ہیں" اسنے جواب دیا.. تو بہرام کے جبڑے تن گئے..

کہاں ہے اسکا افس" اسنے پوچھا تو ریہا نے اسے ایڈریس سمجھایا..

بس بہت ہو چکی تھی...

بہرام کو عابیر پر شدید غصہ..ا رہا تھا...

وہ لڑکی حد سے زیادہ بڑھ رہی تھی صرف..اپنی ضد اور جنون میں...

بہرام..انھیں سوچوں میں گھیرہ..دوبارہ گاڑی کیطرف بڑھا...اور ریہا کے بتائے گئے پتے کی جانب. چلا گیا....

اونچی عمارت کے سامبے گاڑی روک کر..اسنے اندر قدم رکھا تو اسے سامنے وہ لڑکا نظر ایا...جو اکثر اسے کنفرنس میں بھی اور دوسرہ عابیر کے ساتھ بھی اکثر نظر اتا

تھا.. جبکہ واصف بھی اسے پہچان گیا...

بہرام نے اسکی آنکھوں میں شناسائی دیکھ کر...اسکیطرف ہی قدم بڑھائے..

تو واصف کے اطلاع پر اسکا خون کھول گیا...

کب سے چل رہا ہے یہ سب "اسنے دانت بھینچ کر پوچھا..

چار پانچ دن سے...." وہ..بتا کر افسوس سے اسکیطرف دیکھنے لگا.. جبکہ بہرام پلٹ گیا..

چینل کے اونر...کے بیٹے کے ساتھ ابھی کچھ ہی دنوں سے عابیر کے مراسم بڑھ رہے تھے..

اور یہ ہی بات واصف نے..اسکو بتائی اور یہ بھی کہ وہ ابھی بھی..اسکے ساتھ لنچ پر گئی ہوئی ہے...

بہرام..کو..محسوس ہو رہا تھا..یہ لڑکی جلد ہی اسکے دماغ کو مفلوج کر دے گی..

وہاں حویلی میں جہاں اسکی..شادی کی تیاریاں ہو رہیں تھیں..کل اسکا نکاح تھا...

www.novelsclubb.com

ارمیش کے ساتھ اور وہ صرف ایک اس کے تحت کے شاید کچھ .. تو عابیر کا دل اسکی جانب سے نرم ہوا ہو .. اسکیطرف لپکا تھا .. جبکہ .. وہاں تو .. اور بھی برے حالات ہو چکے تھے .. وہ ریسٹورنٹ میں ایا .. تو سامنے ٹیبل پر ہی وہ کسی لڑکے کے ساتھ مسکراتی .. ہنستی نظر ائی ...

اسکے ماتھے پر بلوں میں شدید اضافہ ہوا ...

لاکھ چاہت .. کے باوھود کبھی وہ اسکے پاس ہنسی تک نہیں اور یہاں .. وہ کتنی خوش لگ رہء تھی .. اسکے اندر کا عاشق جیسے دم توڑ رہا تھا ... وہ لڑکا . اسے کچھ دیکھا رہا تھا شاید .. تبھی .. وہ .. اشارہ کرتی اور بھی ہنسنے لگی ..

بہرام .... نے مٹھیاں بھینچی ... اور ... بنالحاظ کے وہ پل میں اس لڑکے پر ایسا .. پڑا .. کہ ... وہ .. ریسٹورنٹ میں ابھرنے والی ... آوازوں پر بھی توجہ نہ دے سکا .. وہ بری طرح اس لڑکے کو پیٹ رہا تھا . جبکہ عابیر کے .. ہاتھ کے .. مکے اسے اپنی کمر پر محسوس ہوا . اور کسی جلاد کی طرح اسکو دھکا دے گیا ...

www.novelsclubb.com

تم اس قابل تھی ہی نہیں.. "وہ دھاڑا جبکہ پھر اس لڑکے کو پنچ مارا...

پلیز سر... میرے ہوٹل کی ریپوٹیشن خراب ہو رہی ہے.. پلیز "مینیجر نے.. بہران کو قابو کرنا چاہا مگر وہ.. اسے جھٹک گیا...

میرے نکاح میں ہو تم ازاد نہیں کیا میں نے تمھیں جو تم...یوں پھیرو گی سب کے ساتھ "وہ.. عابیر کو جھنجھوڑ کر چیخا...

جبکہ عابیر.. کا دماغ اسقدر گھوما.. کہ. وہ بہرام کے منہ پر وہاں بھرے مجمعے میں تھپڑ لگا گئ..

جب میں تمھارے ساتھ رہنا نہیں چاہتی تو کیوں.. کتوں کی طرح پیچھے پڑ چکے ہو میرے "وہ.. زور سے چینخی...

سمجھتے کیا ہو اپنے اپ کو... تم جو مرضی کرتے پھیرو.. اچانک اتنے نیک ہو گئے.. کہ..

شیٹ اپ


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

.شیٹ اپ" عابیر کو لگا کہ اسکا جبڑا اج ٹوٹ جائے گا...

چلو" وہ..اسکا ہاتھ..اپنی گرفت میں جکڑتا..وہاں سے لے کر نکلا جبکہ عابیر..نے

اسسے خود کو چھڑوانے کی ہر ممکن کوشش کی جو..ناکام ہی رہی..بہرام..اسے ایک

بار پھر اسکی مرضی کے بغیر اپنے ساتھ لے جا رہا تھا..

چھوڑو مجھے..چھڑو بہرام.."عابیر گاڑی میں بیٹھنے کے لیے بلکل تیار نہیں تھی...

جبکہ وہ اسے زبردستی گاڑی میں اسے دھکیل رہا تھا..

اگر تم نے مجھ سے ک ھی محبت بھی کی ہے تو تمھیں اس محبت کی قسم... چھوڑ دو

مجھے جینے دو مجھے"اسنے جیسے ایک پیترا پھینکا..اور بہرام کے ہاتھ کی گرفت اسکے

ہاتھ پر چھٹتی چلی گئ....

عابیر...نے اسے پیچھے دھکا دیا..اور خود گاڑی سے نکلی....

دونوں کے سانس بری طرح پھول رہے تھے...

تم..میری نفرت..کے لائق ہو صرف."عابءر نے اسکا گریبان جکڑا...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس حویلی اس قید خانے میں دوبارہ میں کبھی نہیں جاوگی اور تم سے بھی جلد ازاد ہو جاوگی... یاد رکھنا.. تم نے ایک غلط انتخاب کیا تھا... عابیر غریب خاندان کی ضرور تھی مگر عام تام نہیں تھی جس.. کو تم رسوا کر دءتے اور وہ.. تمھارے ساتھ زندگی گزرتے. تمھاری اس دو ٹکے کی محبت کی قید میں مارے فٹ..." وہ نفرت سے پھنکاری اور اسے عماں چھوڑ کر. دوبارہ ہوٹل کیطرف دوڑی جہاں.. اب ایمبولینس بایرا کھڑی ہوئ تھی..

شہر کی تپتی دھوپ نے.. بہرام کو اچھے سے جھلسا دیا تھا..

اخری کوشش... بھی.. اسکی دم توڑ گئ.. تھی...

اور محبت جو پہلے ہی آہیں بھر رہی تھی.. وہ نہیں جانتا تھا.. وہ مر گئ... یہ... ابھی بھی سسک رہی ہے... وہ.. یوں ہی سامنے ہوٹل کیطرف دیکھتا رہا...

اس لڑکے کو.. سٹریچر پر ڈال کر.. باہر لایا گیا...

تو عابیر اسکے ساتھ تھی.. جبکہ کان پر فون لگا تھا وہ کس سے بات کر رہی تھی اسے پتہ


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نہیں تھا...

مگر...وہ اس انجان لڑکے کے ساتھ.. تھی..

جبکہ..وہ تنہا کھڑا تھا...

اسکو ہوش ہی نہیں تھی..سامنے سے ایمبولینس جاچکی تھی لوگ ایک بار پھر..اپنی اپنی زندگیوں میں مگن ہو گیے تو یہ ہوتی ہے زندگی..

وہ..بھی پلٹا..اور گاڑی میں بیٹھ کر..شاید ان راستوں سے ہمیشہ کے لیے دور نکل گیا...

www.novelsclubb.com ..................

تو تم نے قسم کھالی کہ..تم حویلی دوبارہ نہیں جاوگے" وہ ایک بار پھر اسکے سر پر سوار تھی جبکہ..حیدر حور کے رویوں سے..کافی دکھی تھا..مگر ثابت نہیں کرنا چاہتا تھا..وہ اخبار دیکھ رہا تھا..جبکہ اسکے تمام دوست اسکا ساتھ چھوڑ چکے تھے کوئی اسے اپنی کمپنی یہ کام میں بھی حصہ دار نہیں بنانا چاہتا..تھا...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ لوگوں کے اسقدر بدل جانے سے.. زیادہ حور کے بدلنے پر بکھرا تھا..

حور ہم مصروف ہیں.. "اسنے کہا.

حیدر صاحب... کنگلے ہیں اپ... یہ ہم ہم.. سیٹھوں پر جچتا ہے...

جو کسی کام کے نہیں ان پر یہ سب نہیں جچتا"

وہ اسکے.. بازو کو.. سختی سے پکر کر طنز کرتی بولی..

حور تمیز سے رہو تم """حیدر کو غصہ ایا...

تمیز...ہاہا... تمھارے جیسے.. مرد بس.. اپنی گزری ہوئ...دولت.. کی عادتیں نہی بھولتے.

www.novelsclubb.com

اور تم کس قدر بیوقوف ہو.. کس قدر.

اچھی بھلی دولت جائیداد چھوڑ کر اس.. فلیٹ پر پڑے ہو..."وہ دانت کچکاتی بولی...

حیدر مدھم سا مسکرایا..

مطلب پیسے کی جیت ہے.."

لو...اتنے بڑے ہونے کے بعد بھی تمھیں پتا نہیں لگا..."

وہ پھر سے طنز کرنے لگی...

عقل مندی یہ ہی ہے کہ.. تم..دوبارہ حویلی جاو..اور پاوں واو پکڑو سب کے "

اسنے پھر سے مشورہ دیا..

ہم نہیں جائیں گے "اسنے پھر سے کہا اور اٹھنے لگا..

مجھے لگ رہا ہے محتشم سے..ڈائیورس لے کر میں نے غلط ہی کیا..کم از کم وہ تمھاری طرح کنگلا نہیں تھا" وہ چیخی..

تم ایک سائیکو لڑکی ہو..مجھے سمجھ نہیں ارہا ہمیں یہ احساس اتنی دیر سے کیوں ہوا...

"حیدر پلٹ کر اسے گھورتا ہوا بولا..

اووو تو محبت وحبت سب ختم تمھارے اندر سے ہاں...اب میں سائیکو ہو گئی وہ غصے سے اٹھی..

ہم تم سے بات نہیں کرنا چاہتے "اسنے ناگواریت سے کہا..تو حور..نے اسکے


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

گزرتے ہی واس اٹھا کر.. مارا...

میں بتا رہی ہوں.. اگر تم نہ گئے تو میں چلی جاو گی حویلی.. بیٹھے رہو یہیں" اسنے چیخ کر کہا.. جبکہ ھیدر نے اندر سر تھاما تھا...اپنا..

وہ تو کبھی اس قسم کی زہنی اذیت کا عادی نہیں رہا تھا...

ایسا کیوں ہو رہا تھا...

اور پھر کسی کی سسکیاں...اسکے کانوں میں گونجی اسکے دل نے پہلی بار خوف محسوس کیا..اور وہ جھٹک گیا..

نہیں..ایسا کچھ نہیں ہے" اسنے دل کی اواز کو دبایا...

......................

وہ حویلی پہنچا..تو حویلی کو باہر سے دیکھنے لگا...

لائٹوں اور پھولوں سے سجی یہ حویلی بہت..پیاری لگ رہی تھی..وہ..اندر ایا.اور پورچ میں گاڑی روکی تو..سامنے اسے وہ ملازم نظر ایا...جسے اسنے عابیر کے لیے کتنا

پیٹا تھا...

اسے لگا یہ اس شخص کی ہی بد عائیں تھی شاید..

وہ ملازم اسکو دیکھ کر وہاں سے ایکدم غائب ہو گیا.. جبکہ بہرام اندر آگیا..

اسکا دل و دماغ سن ہو چکا تھا...

وہ اپنے کمرے کیطرف جانے لگا کہ ..داجی نے روک لیا..

خان. بات سنو یار... یہ دیکھو.. ہم چاہتے ہیں ارمیش کا لہنگا تم خود پسند کرو...اس لڑکے کو دیکھو ہمرای چھوٹ کا کتنا فائدہ اٹھا رہا ہے...انوشے خانم کے لیے کیسے چیزیں پسبد کر رہا ہے" وہ خوشگواریت سے طولے تو معاویہ ہنسنے لگا..

اور یقین مانو خان احمر سائیں تو کسی نو خیز دولہن کی طرح شرما رہے ہیں جبکہ انکی بیگم محترم نے حویلی سر پر اٹھای ہوئ ہے...

کہ وہ ہر چیز اپنی پسند کی لے گی..."

داجی نے اپنی نام نہاد پابندیاں ہٹا دیں تھیں جبکہ جلد ہی شادی کے بعد زنان خانے



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کی جالیاں بھی ہٹادی جاتیں...

داجی نے جب یہ کہاتو زنان خانے کی خواتین نے انکار کر دیا کہ وہ یہ نہیں چاہتی اور

داجی اس بات سے کافی خوش تھے..

بہرام نے دونوں کیطرف دیکھا...

اور..اس کاپی کیطرف دیکھا جس میں کافی سارے ڈیزائنر لہنگے تھے...

ارمیش خانم سے پسند کروایں" اسنے..کہا..توداجی..اور معاویہ دونوں اسکی طرف

دیکھنے لگے...

ٹھیک یے برو تیری شیروانی پسند کرائیں گے اس سے" معاویہ نے ماحول کی

کثافت کم کرنا چاہی..

بہرام کچھ نہیں بولا...

ٹھیک ہے" داجی نے کہا..اور اسکے پاس سے ہٹ گئے...

جبکہ... بہرام اندر اپنے روم کیطرف چلا گیا..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسک ادل کیا.. دھاڑے مار مار کے رو دے مگر رونے سے خود کو بعض ہی رکھا.. وہ کمزور نہیں تھا..

اسنے چند لمحے سوچا اور.. بوتل نکال کر اپنا شغل جارہ کر دیا...

جبکہ کمرے میں بیت تیز اواز میں میوزک چل رہا تھا...

اسے گھبراہٹ ہوئی تو بلکونی میں اگیا...

میوزک کی اوزا.. حالانکہ اسکے سر میں بج رہی تھی مگر وہ اندر کے شور سے بچنا چاہتا تھا...

تبھی اسنے.. اواز کم نہیں کی کچھ دیر اسمان کی جانب دیکھتا رہا...

اور... پھر اسکی نظر حویلی کے پیچھے بنے باغ پر گئ.. جس کا بس تھوڑا سا حصہ ہی نظر اتا.. تھا.... وہاں سفید چادر میں کھڑی.. لڑکی کو وہ پہچان چکا تھا.. اسے شکل تو نظر نہیں ارہی تھی مگر وہ جس طرح اسمان کو دیکھ رہی تھی اسے معلوم ہو گیا وہ ارمیش ہی ہے..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ارمیش.... بہرام. "اسنے لبوں سے دنوں کا نام لیا...

دماغ جیسے.. پاگل ہونے کے قریب تھا..

وہ ا0نی برداشت پر حیران تھا..

وہ بلکونی سے ہٹ گیا...

کمرے میں ایا تو ساری لائٹس بجھا کر. اسنے بوتل لبوں سے لگائی.. اور صوفے پر

اڑھا تیچھا لیٹ گیا....

...............

سرخ لباس پہن کر وہ واشروم سے باہر ائی تو وہاں بیٹھی دو اور دلہنیں بھی اسکے روپ

سے جیسے.. حیران رہ گئیں...

جب وہ پہلے دلہن بنی تھی تو خوف زدہ تھی.. اور اسکے ارمان.. اس خوف.. نے ایسے

جکڑے تھے. کہ وہ ساری رات.. بس پیٹتی رہی...

اور اج دلہن بنی تو.. اسے.. لگ رہا تھا. وہ سوچنے سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتی..

ہزار بار سب نے اس سے پوچھا کہ داجی نے اسے ایسا کیا کہا ہے...

مگر وہ کیس کو بھی نہیں بتانا چاہتی تجی اور نہ ہی بتایا..

ارمیش بہت خوبصورت لگ رہی ہو...

جی اپی اپ بہت پیاری لگ رہیں ہیں..

اپ تو.ابھی سے بہت پیاری لگ رہی ہیں ایسا لگ رہا کہ میکپ کی ضرورت ہی نہیں...

بہت ساری باتیں اسے اپنے کانوں میں سنائی دے رہیں تھیں....

وہ ائینے کے سامنے بیٹھ گئی...

ایک بار پھر قسمت..اسے..ایک..ادھورے شخص سے جوڑ رہی تھی اور اسے یقین تھا وہ حیدر سے زیادہ..شدت پسند انسان ہے..

وہ خود کو... کوسوں.اور..مار پیٹ کے لیے زہنی طور پر تیار کر رہی تھی

.مگر..دل ہمیشہ سے جیسے..اس مار پیٹ سے در جاتا تھا...

www.novelsclubb.com

مگر چہرہ بغیر تاثر رکھے.. وہ...چپ چاپ رہی.. انوشے اور نین.. دنوں ہی.. اس سے باتیں کر رہیں تھیں جبکہ وہ کوئ جواب نہیں دے رہی تھی.. کیا یہ اپکے لیے مشکل نہیں ہوتا.. کہ اپ یہ تصور کریں اپ دوسری بار دولہن بنے گے وہ بھی کسی اور شخص کے لیے....

وہ بس اسی تکلیف کا شکار تھی مگر ایسا نہیں تھا.. اسے حیدر کا خیال بھی ایا.. تھا.. اس شخص سے جتنی نفرت کرتی کم کرتی....

وہ اور اسکی بیوی اسکے بچے کے قاتل تھے....

چند گھنٹوں میں وہ تینوں تیار ہو گئیں ج کہ تینوں ہی ایک سے بڑھ کر ایک لگ رہی تھیں مگر ار میش.. پر جو روپ تھا.. اسکی کوی جوڑ نہیں تھی...

انوشے تو کافی ڈری ہوئ تھی.. نا جانے معاویہ.. کیسا ہوا...

جبکہ نین...کا تو میٹر گھوم رہا تھا.. ہاں پہلے وہ اس سے شادی نہیں کرنا چاہتی تھی..

مگر وقت کے ساتھ ساتھ وہ.. اسے.. اچھا لگنے لگا تھا....اور جہاں معاویہ. انوشے


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کے لیے سب خرید رہا تھا.. وہاں وہ پتہ نہیں کہاں تھا...

چھپ کر بیٹھا تھا ساری شاپینگ اسے خود کرنی پڑی تھی اور.. ہمیشہ کیطرح اسے

اسپر کافی سے زیادہ غصہ تھا...

جبکہ ارمیش.. کچھ نہیں سوچ رہی تھی چاروططرف صرف سناٹا تھا..

اورانے والے وقت کا خوف....

ارمیش تم ہم دونوں سے زیادہ پیاری لگ رہی ہو" نین نے جان بوجھ کر اسکو

چھیڑہ..اسنے.. کچھ نہیں کہا. توانوشے.. کو ہنسی ائ..

تمگارے اندر کبھی شکر نہیں اتااب جو تمھاری شکل پے ویسی ہی دیکھو گی نہ تم..."

اسنے کہا. تو نین نے منہ بنایا..

اگراس.. بے بی ڈول احمر نے میرء تعارف نہ کی تو" وہ سوچ میں پڑی جبکہ انوشے کو

خوب ہنسی ائ..

اف کیسانام رکھاہے تم نے احمر بھائ کا.."



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اب وہ ایسا ہی ہے.. میں کیا کرو" نین نے.. شانے اچکائے.. اور دونوں ہی ہنس پڑی...

ارمیش کی سنجیدگی دیکھ کر.. وہ دونوں ایکدم خاموش ہوئی تھیں..

ارمیش" نین نے اسکا شانا تھامہ..

نین میں کوئی بات نہیں کرنا چاہتی.." اسنے کہا.. ابھی وہ کچھ کہتی ہی کہ.. بی جان سمیت سب خواتین اندر آگئیں...

اور ایک اور بار پھر وہ سب سے اپنی تعریفیں سننے لگی..

بی جان یہ کوئی بات نہیں تھی" نین نے آنکھیں گھمائی..

ارے میرا خانم اج تو.. بڑی ہی پیاری لگ رہی ہے بس اپنی چونچ بند رکھنا" بی جان کی بات پر جہاں اسنے منہ بنایا وہاں سب ہنس دیے سوائے ارمیش کے..

.................

اہ شیٹ.. اج اسکی شادی ہے..." معاویہ نے بلا خر منیب کے ساتھ مل کر اسکا کمرہ

کھول ہی لیا.. کمرے میں شراب کی خوشبو سے اسکو ابکائی ائی...

اور...اسنے بلکنی.. کھول دی وہ صوفے پر الٹا پڑا تھا..

اوو بھائی تیری شادی تھی اج.."معاویہ نے اسکو.. جھنجھوڑا.. جبکہ منیب جلدی جلدی کمرہ صاف کر رہا تھا

باہر مہمان بھر رہے ہیں...

اور یہ نواب نیندیں پوری کر رہا ہے" معاویہ کو غصی ایا.. تبھی اسکو ایک کک لگائی تو بہرام صوفے سے نیچے گیرہ..اور ہڑ بڑا کر اٹھا...

کیا منحوس ہے"وہ دھاڑا...

سالے منحوس تیری شادی تھی اج.."اسنے کہا اور ہاتھ کی مدد سے اسے اٹھایا...

بہرام نے ہاتھ جھٹکا..

لنگڑا نہیں ہوں"اسنے ناگواریت سے کہا..

تو دولہے میاں.. جا کر لباس بھی بدل لیں"معاویہ نے اسے شیر وانی دی..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

یہ نہیں پہنی مجھے "اسنے..انہار کیا.اوراپنی الماری کیطرف بڑھااسکو سر میں شدید درد محسوس ہو رہا تھا...

تبھی قدم بھی لڑ کھڑا رہے تھے..اپنی وارڈروپ سے..کالا لباس نکال کر وہ.

واشروم میں بند ہو گیا.اور یوں ہی کپڑوں سمیت شاور ک 6 نیچے جا کھڑا ہوا..

اپنے اندر کی اگ کو بجھاتا تبھی وہ..کچھ سوچنے سمجھنے قابل ہوتا..ورنہ...اسے خود بھی اپنی حرکتوں کا نادازا نہیں تھا...

معاویہ نے شیر ونی کو اور پھر اسکے سیاہ جوڑے کو دیکھا..تو عابیر کا خو. جرنے کا دل کیا..

www.novelsclubb.com

ایک ہنستے کھیلتے انسان کو ختم کر دیا تم نے "اسنے سوچا...

اور باہر نکل گیا..جبکہ منیب..کو ارڈر دے چکا تھا..کہ اسکے باہر جاتے ہی کمرے کو..سجادیا جائے..

.............



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نکاح نامے پر دستک کرتے دو دل تھے.. جن کی کوئ دھڑکن نہیں تھی جبکہ... چار

دل تھے جو بڑی مسرور لہر پر دھڑکے تھے...

دعوت ایسی تھی کہ.... لوگوں کی آنکھیں چندھیا کر رہ گئیں تھیں.. داجی کے قہقے..

یاور خان عظیم خان.. جواد خان... سمیت باقی سب بھی اسطرح خوش تھے جیسے

کوئ جنگ جیت لی گئ ہو..

معاویہ احمر اور بہرام.. الگ الگ صوفوں پر بیٹھے تھے.. معاویہ اور احمر.. بھی بات

بات پر ہنس رہے تھے جبکہ بہرام اج سے پہلے اتنا سنجیدہ کبھی دیکھائ نہیں دیا..

خوشی ہوئ بیٹا.. اپلی شادی پر"

صفدر صاحب.. نے کہا. تو اسنے انکے بڑھے ہاتھ کو تھام لیا..

ہونی تو نہیں چاہیے تھی جبکہ اپ اپنی بیٹی.. کی شادی بھی مجھ سے کرانا چاہتے تھے"

تڑاخ دے کر انکے منہ ہر بات مار کر وہ پھر سے سنجیدہ ہو کر بیٹھ گیا جبکہ صفدر

صاحب بل کہا کر رہ گئے...

معاویہ نے بمشکل اپنا قہقہ دبایا تھا.. جبکہ احمر اپنی جگہ سے اٹھ کر صفدر صاحب کو پروٹوکول دینے لگا...

سالے...اس بلاوجہ کے پنگے کی وجہ" معاویہ نے.. پوچھا تو.. بہرام نے اسکیطرف دیکھا..

میں پوچھو بلواجہ ہنسنے کی وجہ.. "اسنے سنجید گی سے پوچھا..

بھئی میں اپنی شادی سے بے حد خوش ہوں جتنا ہنسوا اتنا کم "اسنے بڑے فخر سے کہا تو.. بہرام نے روخ موڑ... لیا...

میں جارہا ہوں...داجی کو بتادینا" اسنے اٹھتے ہوئے کہا..

بہرام مگر" معاویہ نے روکنا چاہا تو وہ.. ہاتھ ہلاتا وہاں سے نکل گیا... جبکہ معاویہ نے منہ بھر کر گالی دی تھی اسے.. اسنے داجی کو جا کر بتایا... تو داجی نے سر ہلا دیا.. اب تو وہ.. ہو گیا تھا جو وہ چاہتے تھے...

................



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جلد ہی سب دلہنوں کو انکے کمروں میں بیٹھایا گیا تو..اب کہ دل کی دھڑکنوں کی گونج..اتنی شدید تھی کہ وہ چاروں سہم ہی گئے کہیں کوئی اور نہ سن لے...

معاویہ کے دانت تواج جیسے.. باہر کا پتہ لے کر ائے تھے اندر جانے کا نام نہیں لے تہے تھے..

اج وہ اسکے کمرے میں تھی وہ..جو بہت کم عرصے میں اسکے دل میں سما گئی تھی...

اپنے کمرے میں اسکی موجودگی پر وہ.. مسرور سا تھا...

جبکہ اج معاویہ جے اور بہرام کے بھی دستوں نے اسے جکڑ لیا تھا..اسنے بیرام کو رج رج کر گالیاں دیں ہاں شاید وہ اچھے وقت پر بچ کر نکل گیا تھا.. جبکہ وہ... پھنس کر رہ گیا تھا..

یار داجی بچاؤ مجھے... سردار ہوں اب میں اور میری کوئی عزت نہیں ہے" معاویہ کی دھوائی پر.. قہقھوں کی گونج دیکھنے والی.. تھی..

لڑکوں اس بے تاب کو چھوڑ نا مت" داجی نے کہا تو اسکا تو منہ کھل گیا...

اسنے... باپ کی طرف دیکھا تو انھوں نے ہی کچھ مدد کی تو وہ اڑتا ہوا اب اپنے کمرے کیطرف ایا.. ہینڈل پر ہاتھ رکھ کر.. اسنے. اپنی مسکراہٹ روکنے کی کوشش کی.. اخر تنگ کیے بغیر سکون کہاں ملنا تھا.. سنجیدگی سے.. وہ اندر داخل ہوا.. تو انشے.. سامنے دولہناپے کے روپ میں اسکے کمرے کو چار چند لگا رہی تھی..

دل میں ماشاءاللہ کہہ کر.. وہ.. اپنی محویت.. پر خود کو ٹوکتا... اگے بڑھا.. اور.. اسکی جانب دیکھنے لگا.. وہ حد سے زیادہ پیاری لگ رہی تھی..

لڑکی شرم ورم بھلادی ہے تم نے" وہ سخت لہجے میں بولا.. تو انوشے نے.. اپنی.. قاتل. نگاہوں سے اسکیطرف دیکھا.. معاویہ کے فل نے ایک بیٹ مس کی..

سلام کون کرے گا.. تمھارے شوہر ہونے کے ساتھ ساتھ. ہم کالام. کے سرادر بھی ہیں.. اور.. اس بدتمیزی پر کافی سخت سزا دے سکتے ہیں تمھیں" وہ...اسکے سرخ دوپٹے کی جانب دیکھتے ہوئے بول جو پینوں میں جکڑا ہوا تھا....

انوشے کے ہاتھ بری طرح کانپنے لگے...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ میں..اسلام و علیکم.."

اسنے اٹکتے ہوئے کہا..تو معاویہ نے..ہلکا سا جھک کر..اسکے گال پر اپنے ہاتھ کی پشت پھیری...

وسلام...زندگی..."

انوشے کی کپکپاہٹ..اسکے وجود کو مسرور کر گئ..وہ اسکے سامنے بیٹھ..کر اسکی مخروطی انگلیوں کو اپنے ہاتھ کی گرفت میں لے گیا...

کچھ بولو گی نہیں "اسکی خاموشی کو محسوس کر کے اسنے کہا تو انوشے جو شرم سے دھوری ہو رہی تھی کچھ بھی بول نہ سکی...

معاویہ نے اسکی تھوڑی پکڑ کر اسکا چہرہ اونچا کیا..

اسکا دل بری طرح بھکنے لگا..

میری زندگی میں تمھارے انے کے بعد کوئ نہیں "اسنے..اسکے چہرے کے قریب ہوتے ہوئے بتایا...

انوشے.. کی جھکی پلکیں بند ہو گئیں...

جبکہ معاویہ نے اسکی نتھ کو.. پیار کیا...

انوشے کا چہرہ سرخ ہو گیا...

اور وہ عابیر والا معملہ..."

اپ اس بارے میں مجھے صفائ مت دیں مجھے اپ پر یقین ہے "اسنے اسے بیچ میں ہی ٹوک کر.. مدھم اواز میں کہا تو وہ مسکرا دیا...

اسکا ہاتھ تھام لیا....

جبکہ دونوں ہنائ ہتھیلیوں کو کھول کر اسپر پیار کیا..

انوشے... شرما سی گئ...

معاویہ.. کھڑا ہوا اور گھوم کر اسکے.. برابر... لیٹ گیا...اور فرست سے اسکو دیکھنے لگا.. جبکہ وہ انگلیاں چٹخا رہی تھی اور کافی کنفیوز بھی تھی...

اب "اسنے اسکے بازو کو کھینچ کر.. اپنے قریب کیا...

انوشے کسی موم کی گڑیا کی مانند لگ رہی تھی...

اہوایک منٹ... یہ معاویہ کی نائٹ ہے.. یہ شرمانا مسکرانا نہیں چلے گا" وہ ایکدم اٹھتا بے باکی سے بولا... انوشے.. تو پریشان ہی ہو گئ...

اممم کچھ میوزک اور ڈینس ہونا چاہیے" اسنے سوچتے ہوئے کہا...

معاویہ اپ یہ کیا کہہ رہے ہیں" انوشے روہانسی ہی ہو گئ... اسے تو.. بلکل اندازا نہیں تھا وہ کیا کر رہا تھا...

لو اس میں کیا بڑی بات ہے دیکھو انوشے مجھے.. ڈانس پارٹیز منی سیکرٹس..

معاویہ" انوشے.. چیخی کے وہ دل کھول کر ہنسا.. اور اسکو بانہوں میں جکڑ.. لیا...

اسکے نرم لمس پر انوشے اسکے ساتھ سراھ بہک رہی تھی جبکہ معاویہ.. انوشے پر اپنی محبت کی بارشیں برسا رہا تھا...

کمرے میں محبت بھری خاموشی.. ان دونوں کے ملن کی نشانی تھی.......

...............



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ کمرے میں ایا...تو.. نین آئینے کے سامنے کھڑی تھی..

اہ احمر... تیرا کیا ہو گا یار"

احمر نے کہا اور دروازہ بند کیا..

نہ شرمانانہ مسکرانا..."اسنے سوچا...اور..اگے بڑھ کر..اسکے سامنے ایا جو شیشے میں اپنا عکس دیکھ رہی تھی...

اسلام و علیکم "اسنے خود ہی کہا اس سے امید بھی نہیں تھی..

بات مت کرو مجھ سے اگر میں تم سے شادی کر کے تم پر احسان کر رہی تھی تو تم..اپنے.. حجرے سے باہر نکل کر میری خواہشیں پوری نہیں کر سکتے تھے" وہ اسکو دھکا دیتی بولی...

نین اپ جانتی ہیں..میں "احمر نے صفائ دینا چاہیے..

ہاں میں جانتی ہوں..سب تم چو ہے ہو" وہ غصے سے بولی..

احمر نے منہ بنایا...

اب اسی بھی بات نہیں.. میں معاویہ کیطرح نہیں ہوں شاید" اسنے کہا.. تو... نین نے کمر پر ہاتھ رکھا.. سرخ لہنگے میں وہ باکمال لگ رہی تھی...

میں میں... مجھ سے بات مت کرو جارہی ہوں میں" وہ بے بس ہوتی باہر نکلنے لگی کہ احمر نے ایکدم اسکا ہاتھ پکڑا...

اج اپ کہیں نہیں بھاگ سکتیں..

دوسروں کے سامنے نہ سہی.. اس چار دیوری میں. میں ضرور اپکی زبان کو بریکیں لگا سکتا ہوں" وہ مسکرا کر اسکے ہاتھ کو جھٹکا دیتا.. اپنے نزدیک کر گیا کہ.. نین کی پشت اسکے سینے سے لگی.. دونوں کے دل دھڑک اٹھے..

نین اپ مجھ سے نفرت کرتی ہیں" احمر نے گزشتہ باتوں کو یاد کرتے اد کے کان کے اویزے کو چھوتے ہوئے پوچھا.. نین تو اس لمس پر..

ذہنی طور پر بلکل جیسے مفلوج ہو گئ تھی.. کچھ بولا ہی نہیں گیا..

بتائ مجھے میں اپکی مرضی کے خلاف کچھ نہیں کرو گا"

ن... نہیں "اسکے لب پھڑ پھڑائے...

احمر.. کے دل جیسے پہلی بار بے حد خوش ہوا...

میں اپکو کبھی.. دوسروں پر نہیں چھوڑوگا...اپنے بازو پر کمایا اپکو کھلاوگا" اسنے..

اسکا رخ اپنی جانب کیا...

نین کے اندر کچھ بولنے کی ہمت نہ ہوئ...

مگر یہاں بولنا ضروری تھا...

اگر مجھے یہ پتا نہ ہوتا تو تم سے کبھی شادی نہ کرتی" اسنے.. کہا تو.. احمر مسکرایا...

میری زندگی.. میں انے کا شکریا.. "اسنے اسکی گردن میں ہاتھ ڈال کر.. اسکے گال پر لب رکھے.. نین کی آنکھیں پوری کھل گئیں..

ہیلو میری منہ دیکھائ" اسے اچانک یاد ایا..

صبح لینا" احمر نے اسکا دوپٹہ اتارا..

مگر" اسنے احتجاج کرنا چاہا.. مگر احمر نے.. اسکے.. لبوں پر قفل لگا دیا..

نین جیسے پل میں اسکے وش میں ائ تھی.. جبکہ احمراج اسپر اپنی محبت کی تمام حدیں ثابت کر دینا چاہتا تھا......

.......................

وہ کمرے میں ایا تو حور کہیں نہیں دیکھی اسے حیرت ہوئ اتنی رات کو اسے اپنی جگہ پر ہونا چاہیے تھا پھر وہ کہاں تھی..

اسے نہیں لگتا تھا اسکے بازو میں ہمت نہیں کہ وہ کما نہیں سکتا.. مگر دنیا تو جیسے اسے توڑ دینا چاہتی تھی..

اسنے اپنی اوقات سے کافی گیر کر.. نوکری تلاش کرنا چاہی مگر وہی. کہیں اسکی تعلیم بہت زیادہ تھی.. تو کہیں... ویکنسی نہیں تھی.. جاب ڈھنڈ نا اسے اسوقت دنیا کا بہت مشکل کام لگا...

اس کڑے وقت میں جہاں وہ چاہتا تھا کہ حور اسکو سمیٹے اسکی دل جوئ کرے وہیں وہ لڑکی غائب تھی...

جب اسے دل جوئی کی ضرورت بھی نہیں ہوتی تھی تب بھی ارمیش اسکے لیے

حاضر ہوتی تھی...

اسے بس خیال ایا... جس میں وہ اچھا خاصا محو ہو گیا...

اور کچھ دیر بعد جب احساس ہوا تو... اسے اندازا ہوا.. اسکے دل نے.. دو لفظ بولے..

جن پر وہ اپنے دل کو شدت سے ڈپٹ گیا..

حور تو اسکی محبت تھی....

حور ہی تو سب تھی اسنے اسے پالیا..

شاید وہ بس غصے میں ہے. وہ اسے منا لے گا.. اسنے سوچا.. اور اداس دل کو.. فریش

کرنا چاہا.. مگر حور کو پورے گھر میں ڈھنڈنے کے باوجود وہ اسے کہیں نہ ملی..

اب اسے پریشانی ہونے لگی..

تبھی وہ دوبارہ کمرے میں ایا... تو سائیڈ ٹیبل پر اسکا...

موبائل دیکھا.. اسنے موبائل کی جانب دیکھا..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اپنا موبائل بھی چھوڑ گئی تو گئی کہاں..

اسکے ماتھے پر بل دلے اور اسنے.. موبائل کے نیچے پڑے... پیپر پر نظر ڈالی...

وہ حور کی تحریر تھی جسے پڑھ کر.. حیدر کے جبڑے تنے اور اسنے اپنا سر تھام لیا..

اسقدر باغی تھی وہ لڑکی.. اسکا دل کیا.. اج حور کو اچھے سے.. بتادے کہ... وہ ہے

کیا.. مگر وہ ہوتی تو بتاتا..

میں حویلی جا رہی ہوں... کیونکہ مجھے.. غربت منظور نہیں.. تم سے شادی کر کے

بھلے میں نے غلطی کر لی ہو.. مگر اسکو سدھارنا مجھے خوب اتا ہے.. "یہ لائینیں اسنے

کئی بار پڑھیں.. اور... گاڑی کی چابی لے کر وہ.. فورن وہاں سے کالام کے لیے نکلا تھا

یہ تو شکر تھا وہ لڑکی گاڑی نہیں لے گئی تھی اب وہ کس کے ساتھ گئی تھی وہ نہیں جانتا

تھا مگر حور کے دماغ ٹھکانے وہ اج اچھے سے لگانے والا تھا...

............

.. حویلی کی چمک دھمک دیکھ کر اسکی آنکھیں پھیلیں تھیں...

دروازہ کھلا ہی تھا جبکہ پوری حویلی جیسے دولہن کیطرح سجی تھی ملازم.. سامان سمیٹ رہے تھے لگ رہا تھا جیسے یہاں کوئی فنکشن ہوا ہو..

یہاں کیا ہوا ہے" اسنے ایک ملازم سے پوچھا

جی... بہرام سائیں معاویہ سائیں اور احمر سائیں کی جی اج شادی تھی اپ کافی دیر سے آئیں" اسنے کہا.. تو حور نے... سر ہلایا...

ہمم انسان ہے یہ.. گدھا.. اتنا سب چھوڑ کر صرف اپنی محبت کے لیے اس...ڈبیا سے فلیٹ پر پڑا ہے..." اسنے سوچا اور اندر کی جانب چل دی....

جی اپ کون.. خان لوگ سو رہے ہیں" داخلی دروازے کے باہر ایک کھڑے گارڈ نے اسے روکا...

حیدر خان کی بیوی ہوں میں..." حور نے برے تفخر سے کہا.. اسے احساس ہوا... کہ... حیدر کا نام اسکے ساتھ جڑنے کے بعد اسکی ریپوٹیشن کتنی بڑھ گئی تھی..

میڈیم... حیدر سائیں کو حویلی سے نکال دیا تھا داجی.. نے تو انکو یہاں انے کی اجازت

نہیں اور نہ ہی انکی بیوی کو. تو چلتی پھیرتی نظر آو بی بی.." وہ پٹھان کافی سختی سے بولا.. حور کا تو منہ ہی کھل گیا..

تمھیں معلوم ہے.. تم کس سے بات کر رہے ہو"- حور غصے سے بولی..

بی بی سر مت کھاو پہلے ہی دماغ گھوما ہوا ہے... جاو یہاں سے نکلو ہم نہیں جانتا کون حیدر ہے... جب تک بڑے خان کا حکم نہیں ہوتا" وہ ٹکا سا جواب دے کر اسے دھکا دے گیا.. حور پیچھے ہوئی.. جبکہ خفت کا حساس شدید تھا..

ت.. تو بتاو.. اپنے بڑے خان کو حور ائی ہے" وہ کچھ ہکلائی...

اہ.. تمھیں سمجھ نہیں اتا اب کسی بھی ایری گیری کے لیے ہم بڑے خان کو اٹھائے گا... تمھارا دماغ وماغ تو نہیں ہلا ہوا" وہ چیخا تو.. وہ اس سے دور ہو گئ.. وہ ڈر گئ تھی مطلب کالام کی سردی میں وہ رات کہاں گزارے گی.. کہاں جائے گی.. اسے سمجھ نہیں ارہی تھی..

دیکھو تم..." ابھی وہ بات پوری کرتی کے کریڈائل بجنے لگا...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کون ہے سمندر خان" داجی نے پوچھا.. وہ جاگ رہے تھے جبکہ کھڑکی سے وہ..

سمندر جان کو کسی سے بحث کرتے بھی دیکھ چکے تھے..

جی خان وہ حیدر سائیں کی بیوی ہے" سمندر خان نے کہا.. تو.. داجی کے لب مسکرائے..

جب تک حیدر سائیں خود نہ اجائیں تب تک یوں ہی کھڑا رکھو" انھوں نے کہا.. تو سمندر خا. نے سر ہلایا...

جبکہ فون بھی رکھ دیا..

ہاں بی بی وہاں جا کر بیٹھ جاو.. حیدر سائیں کے بغیر اندر جانے کی اجازت نہیں "اسنے کہاتو.. حور...نے دانت پیس کر اسکو دیکھا اج سے پہلے اسکی کبھی اتنی بے عزتی نہیں ہوئ تھی...

مگر وہ کر بھی کیا سکتی تھی فون بھی نہیں لائ تھی.. تبھی لون کے سٹیپ پر بیٹھ کر وہ حیدر کے انے کی دعا کرنے لگی....

تقریباایک گھنٹے وہ باہر سلگتی رہی...

جبکہ گھنٹے بعد اسکی دعا قبول ہوئ.. اور حیدر کی پراڈو اندر داخل ہوئ تو حور کو جیسے سکون سا ہوا...

وہ دوڑ کر اس تک پہنچی ھیدر گاڑی سے نکلا.. اور حور.. کے منہ پر ابھی وہ رکھتا ہی کہ اسے وہ دن یاد اگیا.. ہاں یقیناً وہ ارمیش نہیں تھی کہ برداشت کر لیتی....

اسنے اپنے ہاتھ کو قابو کر کے سختی سے اسکا ہاتھ جکڑا..

کیوں ائ ہو یہاں" وہ غصے سے بولا...

بس کرو حیدر...ہمارا حق ہے. یہاں انا" وہ بھی غصے سے بولی...

چلو اندر" اسنے اسکا ہاتھ پکڑ کر کھینچا...

کبھی نہیں چلو گھر اپنے یہاں ہمارے لیے کچھ بھی نہیں ہے" اسنے کہا تو حور.. کا تو دماغ گھوم گیا.. اتنے قریب اکر وہ اس دولت شہرت سے دور ہو جائے کبھی نہیں...

حیدر...میری بات سنو میں یہاں سے کہیں نہیں جاوگی اور اگر تم نے زبدستی کی



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تو.. میں وہ کروگی کہ تم یاد رکھوگے" وہ چیخی.. تبھی.. حیدر اسکو جواب دیتا کہ

داجی.. کو اتا دیکھ کر اسنے روخ موڑ لیا.

کیا وہ بے بس ہوگیا تھا کہ ایک لڑکی کو نہیں سمبھال پا رہا تھا...

کیسے ہو برخردار" داجی کا لہجہ اسے مزاق اڑاتا ہوا لگا...

مگر اسنے کوئ جواب نہیں دیا...

جی ہم ٹھیک ہیں" حور نے.. حیدر کی لاتعلقی پر دانت پیسے اور مسکرا کر جواب دیا..

داجی بھی مسکرائے مگر انکی مسکراہٹ کے پیچھے چھپا طنز حیدر سمجھ سکتا تھا اگر حور سمجھتی اور اسے اسکی ذلت کی فکر نہ ہوتی تو کبھی وہ یہ قدم نہ اٹھاتی حیدر کو شدید ذلت کا احساس ہو رہا تھا.. اج ایسا احساس تو کبھی بھی نہیں ہوا تھا...

کیسے انا ہوا..." داجی کی نظر... حیدر سے ہٹ ہی نہیں رہی تھی...

جبکہ ھیدر کو یہ نظریں اب چبھنے لگیں تو وہ پلٹا...

چلو حور" اسنے حور کا ہاتھ تھامہ داجی کچھ نہیں بولے

..ہیں.. حیدر دماغ درست کرواپنا... تمھارے بڑے ہیں معافی مانگو" حور نے تو اچانک ہی.. کہا حیدر.... کا چہرہ سرخ ہو گیا...اسے لگا.. وہ زمین میں گڑھ رہا ہو.. جبکہ داجی.. مسکرا رہے تھے

اج اسے.. اندازا ہو جانا چاہیے تھا.. اپنے پرائے کا...

مگر اب کیا فرق پڑتا تھا.. کچھ بھی نہیں..

حور.. چپ چاپ چلو یہاں سے" اسنے... بھینچے بھینچے لہجے میں کہا....

جبکہ حور تو.. اپنی جگہ سے ہلنے کو تیار نہیں تھی...اگر یہ ادمی عقل سے پیدل ہو گیا ہے.. تو...اسے تو عقل دیکھانی چاہیے..

وہ.. داداجی.. میں اس کی طرف سے اپ سے معافی مانگتی ہوں... ہم تو چھوٹے ہیں غلطی کر دی ہم نے.. اپ تو بڑے ہیں اپکا ظرف بھی بڑا ہے ہم. دونوں کو معاف کر کے.. ہمیں اپنی شفقت میں لے لیں" اسنے تسلی سے کہا.. داجی حیدر کو دیکھ رہے تھے جس کا چہرہ جون چھلکانے کو تھا...

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہمارا خون ہے.. غیرت کوٹ کوٹ کر بھری ہے.. جانتے ہیں ہبھی نہیں جھکے گا..

مگر جھکنا.. توپڑے گا..." داجی نے اسکو دیکھتے سوچا....

اور حور کیطرف دیکھا.. جو چاپلوسی میں لگی تھی..

معاف کیا" انھوں نے بس اتنا کہا...

مگر ہم نے معافی نہیں...مانگی" وہ بولا نہیں چلایا تھا...

مگر ہم نے معاف کر دیا... کیونکہ جب دل ٹھنڈا ہو جائے تو... معاف کرنا یہ نہ

کرنا.... کہاں اہمیت رکھتا ہے" وہ سکون سے بول رہے تھے... حیدر نے ناجانے جود

کو کیسے قابو رکھا...

حور چلو" اسنے پھر کہا.. اب وہ اسے یہاں چھوڑ جاتا تو یقیناً اسکا مزید تماشہ اور بے

عزتی ہوتی..

اف حیدر تم کتنے بے عقل ہو وہ ہمیں معاف کر چکیں ہیں.. چلو اندر" حور نے

اسے جھڑا تو داجی مسکرا دیے اور اندر چلے گئے جبکہ حیدر تو سن ہو گیا...


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اگر اج کوئی یہ کہتا زمین کھلے اور وہ اس میں سما جائے تو اسے منظور ہوتا...

............................

صبح کا سورج نکل تو ایا تھا.. مگر وہ مزے سے سو رہا تھا....

جبکہ اسے بھی جکڑا ہوا تھا..

معاویہ ہٹیں پلیز "انوشے تو شرمندگی سے ہلکان ہو گی..

یار.. کیا مسلہ ہے.. یہ بھی کوئی وقت ہے رات تک اٹھیں گے سو جاو" اسنے پھر سے اسکو کھینچ لیا..

معاویہ...انوشے...کورونا انے لگا.. معاویہ نے آنکھیں کھولیں...

بلاوجہ تم کل رات سے روے جا رہی ہو." اسنے گھور کر دیکھا...

خوب سمجھ لو بیگم سردار صاحب کا دماغ گھوم تو...اپکے ساتھ اچھا نہیں ہو گا" اسنے وارن کیا..

کل سے کون سا اچھا ہو رہا ہے.." وہ اپنی جگہ سے مدھم اواز میں کہتی اٹھی..


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ادھر ادھر ہی رو کے بہت کینچی بن رہی ہو بتاتا ہوں تمھیں" وہ گاون کی

ڈوریاں... بند کرتا اٹھتا کہ وہ واشروم میں دوڑی...

اپ کتنے خطرناک ہیں معاویہ" اسنے.. کانپتے دل سے.. مدھم اواز میں کہا..

بیبی ٹریلر پر اتنا.. پریشان ہو" وہ دروازے کو بجاتا بولا..

انوشے کا چہرہ سرخ وہ گیا...

اچھا دروازہ کھولو" اسنے کہا...

انوشے کی آنکھیں پھیلیں... مگر جواب کوئی نہ دیا..

بچو دیکھ لوں گا سر داع سے پنگے کا انجام.. تمھاری موت ہے لڑی موت" وہ اسے

ڈرانے لگا.. جبکہ اسکی مدھم سی ہنسی. سنائی دے کر.. وہ.. مزے سے گنگنانے لگا....

زندگی کا اصل مزہ.. تو.. یہاں تھا... وہ نہ جانے کیوں... غلط راہ پر رہا...

اسنے سوچا.. اور خدا.. کا شکر ادا کیا..

...........................


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نین اٹھ جائیں بی جان وغیرہ کوئ اگیا تو کتنی شرمندگی کی بات ہے..."احمر نے اسکے منہ پر ٹاول پھینکا تو وہ پھر کسمسا کر سو گئ...

نین"وہ زچ ہوا....

اور اسکو جھنجھوڑ دیا..

احمر میرا دل کر رہا ہے تمھارا سر پھاڑ دوں"وہ چلائ..

اف اپنا والیم تو کم کر لیں پوری دنیا کو بتانا ہے کیا کہ اپ نواب جاگ چکیں ہیں"

اسنے اسکے ہونٹوں پر ہاتھ رکھا..

دور رہو مجھ سے"اسنے اسکے ہاتھ جھٹکے..

ایک نمبر کے اچھے لفنگے ہو تم اوین سب تمھیں شریف سمجھتے ہیں"وہ غصے سے بولی..احمر ہنس دیا..

چلو کہیں تو بدمعاشی دیکھائ میں نے"وہ آئینے میں اپنا اور اسکا مکمل عکس دیکھتا مسکرایا..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

دیکھو زرا تمیز سے رہو... "اسنے انگلی اٹھا کر وارن کیا...

اور نہ رہو تو "احمر نے نین کی انگلی تھامی...

نین جزبز ہوئ...

وہ تم.. تم جاو یہاں سے "وہ.. اسکی آنکھوں سے گھبرا گی جبکہ احمر نے اگے بڑھ کر

اسکا ماتھا چوم لیا..

اپ میرے دل میں تب سے ہیں جب سے مجھے اپنا معلوم ہوا...

میری سانسوں کا ادراک ہوا.. میرا اور اپکا ساتھ کافی پرانا ہے نین "اسنے.. اسکے

ہاتھ تھام کر جزب سے کہا.. نین.. مدھم سا مسکرای.. احمر.. کی محبت کا اندازا اسے

جوب ہو چکا تھا..

چلیں اب شرمانا بند کریں مجھے لرتی بھیڑتی نین پسند ہے.. اور جلدی ریدی ہون سنا

ہے اج.. بہت برا ناشتہ ہونے والا ہے.. داجی کا پیغام تھا.. ناشتہ سب کا.. زنان جا

ے میں ہو گا"



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسنے اسے اطلاع دی..

مرد اور عورتوں دونوں کا" نین کو حیرت ہوئی...

احمر ہنس دیا..

ہاں دونوں کا.. کیا جانتی نہیں اپ.. بہرام جان کی شادی تھی یہ.. تو وہ وہ بھی ہو گا جو کسی کے تصور میں نہ ہو" اسنے شانے اچکائے.. تو.. نین نے سر ہلایا..

مزاہ اہے گا حویلی کی روایت ٹوٹے گی" نین کو سوچ کر ہی مزاہ ارہا تھا...

مگر یہ صرف اج اج کی بات ہے جان دل... کل سے وہی پردہ وہی ہر دے داری" وہ...اسکے گال کو چھوتا بولا..

مگر. میرے خیال سے اب کیا فائدہ" نین نے سوچتے ہوئے کہا..

مگر میرے خیال سے اب اپ کو اٹھ جانا چاہیے" اسنے اسے ہوش دلایا تو.. وہ.. سر ہلاتی اٹھی جبکہ احمر باہر نکل گیا...

..................



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

باہر تو سماہی نرالہ تھا.. داجی.. خود ساری سیٹینگ کرا رہے تھے.. زنان خانے کی خواتین سے بات چیت کر رہے تھے....

ملازم وہاں ہان البتہ کوئ نہیں تھا.. جب ملازموں نے ٹیبل لگای.. تب سب خواتین نے پردہ کر لیا جبکہ باقی گھر والوں کے سامنے وہ سلیقے سے دوپٹہ لیے ہوئے تھیں....

اواوا ھمر خان" داجی اسے دیکھ کر خوش ہوئے جبکہ احمر.. کو کچھ جھجھک سی محسوس ہوئ...

جبکہ دوسری طرف معاویہ صاحب منہ اٹھائے... مسکرتے ہوئے.. ائے.. اور داجی کی بانہوں کا ہار بنے...

واہ داجی.. اج تو.. مزاہ ہی اجائے گا" اسنے کہا تو.. وہ ہنس دیے..

جبکہ انوشے کا تو وہاں کھڑا ہونا مشکل تھا تبھی وہ نین کے اتے ہی.. وہاں سے بھاگ گی.. جبکہ باقی سب بھی کچھ دیر کے لیے وہان سے ہٹیں..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

چلو بھی لڑکوں ہمارے جان کے اٹھنے سے پہلے یہاں سب کچھ ریڈی ہونا چاہیے..

اوکے "انھوں نے تنبھی کی..

داجی.. نیانویلہ نوخیز دولہا... ہوں میں ایک اپکا.. خان ہی ولہو نہیں بنا تھا کل" اسنے دوہائی دی..

تو..وہ..ہاتھ کے اشارے سے بات رفادفع کرتے..اگے بڑھ گئے...انکی خوشی دیکھنے لائق تھی..

..................

ارمیش نے...اس کی جانب دیکھا..جو بیڈ پر الٹا پڑا..تھا...جبکہ وہ باہر جانے کے لیے تیار تھی تیار بھی کیا...

ہلکے اسمانی سادے سے لباس..میں بالوں کی چوٹیا بنایے بنامیکپ کے وہ..کہیں سے بھی نئی دولہن نہیں لگ رہی تھی...

ارمیش خود میں اسے اتھانے کی ہمت نہیں رکھتی تھی تبھی..وہ چپ چاپ صوفے

پر بیٹھ گی..اور اسکے اٹھنے کا ناظار کرنے لگی تقریباادھا گھنٹہ گزرا تھا..اور وہ انگڑای لیتا اٹھا..

اسے امءد نہیں تھی وہ اتنہ جلدی اتھ جایے گا..

بہرام نے کچھ دیر کسمسانے کے بعد اسنے صوفے پر دیکھا...تو.وہ آنکھیں جھکایے سکڑی سیمتی بیٹھی تھی..

بہرام نے.بوتل کو ڈھونڈنا چاہا...

مگر بوتلیں خالی تھیں...

اور بید کے نیچے ناچ رہیں تھیں..اسکے ماتھے پر.بل سے اۓ..اور وہ اپنی جگہ سے اٹھا...

اور پاوں زمین پر رکھنا چاہا...تو اسکا پاوں زمین پر رکھنے کے بجائے بوتل پر پڑا...اور وہ اس سے پہلے مکمل کھڑا ہوتا...

بوتل پر پاوں کی وجہ سے دوبارہ سے دھڑام گیرہ...

جبکہ بوتل ناچتی ہوی جھومتی جھامتی دور جاپڑی..

ارمیش.. ساکت اسکو دیکھنے لگی.. جبکہ بہرام کو خوامخواہ شرمندگی ہوئ..

اسکے سامنے..ارمیش اٹھی اور.اسکے پاوں کے پاس دوسری بوتل کو..اٹھانے لگی..کہ.. کہیں وہ دوبارہ نہیں... گیر جائے...

اے ے ے یہ کیا کر رہی ہو" بہرام نے ایکدم اسے ٹوکا تو وہ ڈر کر دور ہوئ..اور بری بڑی حونک آنکھوں سے اسکو دیکھنے لگی..

خبردار جو کبھی..میرے قدموں میں جھکی.

میری کھپڑی بہت الٹی ہے...سیدھی ہی رہنے دو..اور اس ناپاک چیز کو کبھی ہاتھ مت لگانا...

میں اچھا انسان نہیں...کوی تو اچھا رہے پھر اس کمرے میں...

خانم.. کبھی وہ عمل نہ کرنا..جو تمھیں جھکائے... سر جھکا کر نہیں..اونچا کر کے رہو...بہرام جان کی بیوی ہو..." اسنے...کچھ ڈپٹتے ہوئے.. کہا...

ارمیش خاموش ہو گی...

اسکی آنکھوں میں انسو کی تعداد کتنی تھی کوی نہیں جانتا تھا...

سب جیسے کسی فلم کی طرح اسکی آنکھوں میں گھوم رہا تھا...

حیدر کا اسے اپنے قدموں میں جھکانا...

اس سے شراب کی بوتلوں کو ہاتھ لگوانا...

اسے مارنا پیٹنا.. کیا کیا نہیں یاد ایا...دل جیسے. پھٹنے کے قریب ہوا...

آنکھوں سے نہ چاہتے ہوئے بھی انسو باہر نکل ائے...

خانم... تمھیں رونے سے منع کیا ہے میں نے" بہرام کو وہ ل|کی بلکل سمجھ نہیں ائ... تبھی وہ بھناتا ہوا اٹھا...

ارمیش نے پلٹ کر اسکیطرف دیکھا..اور پل میں انسو صاف کر لیے...

تیار ہو جاو اتا ہوں میں" اسنے اسکی خاموشی سے زیچ ہو کر.. کہا...

تو ارمیش کچھ حیران رہ گی...

وہ تو تیار تھی "اسنے اپنی نمی کو صاف کیا...اور

پھر سے صوفے پر بیٹھ گی...

بیس منٹ میں وہ اپنے بال تولیہ سے رگڑتا باہر نکلا...

تو وہ ویسے ہی بیٹھی تھی...

تم تیار نہیں ہوئ "اسنے پوچھا...

وہ..میں..وہ..تیار ہوں میں تو "ارمیش نے اٹکتے ہوئے جھجھکتے ہوئے بتایا...

صدقے...."اسنے ای بر واچکای....

کھری ہو جاو "وہ ریڈ ہوا...

ارمیش اپنی جگہ سے اٹھی...

تولیہ کو نکال کر غصے سے اسکے ہاتھ میں پٹخ کر وہ.اسکی وارڈروپ کیطرف بڑھا..تو

وہاں سارے ہی پھیکے رنگ تھے...

اور بس ایک سرخ جوڑا تھا...

جو شاید کسی خاتون نے رکھ دیا تھا.. بہرام نے وہ ڈریس نکالا...

پکڑو اسے پہن کر ڈھنگ کا میکپ کرو" اسنے اسکے ہاتھ میں تھاما کر ارڈر کیا...

اسے یاد ایا.. کبھی حیدر نے اس سے فرمائش نہیں کی تھی....

وہ بس اس سے اپنا مطلب پورا کرتا تھا.. بھلے جیسے بھی...

ایک ہی چھت تلے ایک ہی.. خاندان کے لوگ.. کتنا تزاد تھا...

وہ... کپڑے ہاتھ میں تھامے...واشروم میں چلی گی..

اسکے جاتے ہی بہرام نے گہیرہ سانس کھینچا...

کیا وہ نارمل ہو سکتا تھا....

www.novelsclubb.com

کیا وہ نارمل ہو جاتا...

یہ جانتے ہویے بھی کہ اسکا دل.. اب دھڑک نہیں رہا...

پہلے کیطرح.. جیسے.. بے جان ہو گیا ہو....

اور بے جان دل کیا دھڑک اٹھتے ہیں.. شاید معجزہ ہی ہوتا ہے...



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ اپنے عکس کو دیکھتا... گزشتہ باتوں کو یاد کرنے لگا..

تم کتنے بد صورت ہو.." یہ بازگشت شاید...وہ مر بھی جاتا تب بھی نہ..اسکے دماغ سے نکلتی...

انھیں سوچو میں وہ واشروم سے نکل ای..

بہرام نے اسکو اوپر سے نیچے تک دیکھا...

بلاشبہ ہو بے حد خوبصورت تھی...

بہرام نے رخ موڑ لیا کیونکہ وہ حد سے زیادہ کنفیوز تھی...

ارمیش وہیں کھری رہی جبکہ بہرام کو خود ہی وہاں سے ہٹنا پرا..

وہاں سے ہٹ کر وہ بیڈ پر بیٹھ کر جو گز پہنے لگا.. جبکہ ارمیش نے سرخ لیپسٹک اٹھای..

ہونٹوں کو سجانے لگی...

شاید دو سالوں میں پہلی بار. اسنے سرج لباس پہنا تھا..اور اس شخص نے تب بھی

صرف اپنی طلب پوری کی تھی..

اسنے ان سوچو کو خود سے دور جھٹکا...

اور بال کھول کر وہ...اپنے حسن کو مزید نکھارتی..اسکے سامنے ای..

بہرام نے اسکیطرف دیکھا..

وہ سر جھکائے کھڑی تھی..جبکہ اسکے ہاتھ کانپ رہے تھے...

